تیز رفتار، زوداثر، طاقتور اور پوری دنیا میں کہیں پر بھی مؤثر کرشماتی عمل




# اَفَحَسِبْتُمْ
# اور اذان کے کرشمات



تحقیق وتالیف:
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)

# الحسبتم اور اذان کے کرشمات

جمع وترتیب

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (پی ایچ ڈی، امریکہ)

ماہنامہ عبقری: مرکز روحانیت وامن 78/3 مزنگ چونگی، قرطبہ چوک سابقہ

یونائیٹڈ بیکری اسٹریٹ جیل روڈ لاہور، فون نمبر 042-37552384

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

www.ubqari.org

www.facebook.com/ubqari

www.twitter.com/ubqari

# فہرست


ایسا عمل جو پہاڑوں کو بھی ہلادے۔۔۔! ..... 18

بس! بات صرف اتنی ہے کہ جیسا یقین ویسی عطا!... ..... 19

آپ مایوس نہ ہوں۔۔۔!!! ..... 21

اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مکمل اذان ..... 21

سورہ المومنون کی آخری چار آیات کے فضائل ..... 22

سلامتی اور نصرت کا غیبی حصول ..... 23

اذان کے فضائل ..... 23

غمگین کے کان میں اذان کہنا ..... 23

بداخلاق کے کان میں اذان دینا ..... 24

شیطان کے ڈرانے یا پریشان کرنے کے وقت اذان پڑھنا ..... 24

انسانوں کا شکار کرنے والے جنات ..... 24

غولِ بیابانی (بھوتوں) کو دیکھ کر اذان پڑھنا ..... 25

اذان اور اقامت کا عجیب عمل ..... 25

ام الصبیان کا مرض پیشگی دور ..... 25

اذان کے چند دیگر مواقع ..... 25

امداد الفتاویٰ میں لکھا ہے: ..... 26

عذاب سے پناہ ..... 26

میرے ذاتی مشاہدات ..... 27

جگر بیکار ہو گیا ہے۔۔۔!!! ..... 27

امریکہ میں مکمل مفت علاج ..... 28

امریکہ کی تاریخ کا انوکھا کیس ..... 28

مریض ٹھیک ہوتے جاتے ہیں۔۔۔! ..... 28

ڈاکٹر حیران، میڈیا پریشان۔۔۔! ..... 29

کیا پاگلوں کا علاج ممکن ہے۔۔۔؟ ..... 29

پاگل مریض پانچ سال کے بعد ٹھیک ہو گیا ..... 29

بچہ ڈھائی سال سے ہنسنا بھول گیا ..... 30

ٹھیکے پر عمل نہ کروانا ..... 31

مائی کی نکلی ہائے۔۔۔! اور بچہ ہنس پڑا ..... 31

جسم آٹومیٹک ریکوری پر آ گیا ..... 31

آٹھ بچے مر چکے ہیں۔۔۔۔۔۔! ..... 32

ایگزائٹی، ڈپریشن، ٹینشن کا مارا ہوا کیمسٹری کا پروفیسر ..... 32

نصرت ہی نصرت ..... 33

شریر بچے انسان کے بچے بن گئے ..... 33

منشیات سے بحالی کا وظیفہ ..... 33

ہیروئن کا مارا ہوا بندہ صحت یاب ..... 34

شریر جنات کی تباہ کاریوں سے پریشان گھرانہ ..... 34

شریر جنات کا ڈھیٹ پن ..... 35

گردن بھی دبائیں اور آنکھیں بھی باہر نہ آئیں۔۔۔؟ ..... 35

ترس نہ کھایا ان بچوں پر۔۔۔؟ ..... 35

نادیدہ، بھینی بھینی سی خوشبو ..... 36

ایک بڑا المیہ۔۔۔! ..... 36

کاروبار، رزق میں بندش، یا جادو، سحر اور حسد کا علاج۔۔۔! ..... 36

میری ساس تو چور ہے۔۔۔۔! ..... 36

کند ذہن بچوں اور چوری کا خاتمہ ..... 37

ظالم۔۔۔! تم اپنے ہو کر پریشان کرتے ہو۔۔۔؟ ............37............

انوکھا واقعہ۔۔۔۔! ............37............

بس پھر دیر کس بات کی...؟ ............38............

کان کا شدید درد ٹھیک ............38............

خرگوش ٹھیک ہو گئے ............39............

کمپیوٹر ٹھیک ہو گیا ............39............

جنات ہم کلام ہوئے ............39............

لوگوں کو شفاء کیسے ملی ............40............

(مجالس مجذوبی سے حاصل شدہ سچے مشاہدات) ............40............

جنات کا حملہ، اور نجات ............40............

بیوی اچانک بیمار ہوئی..... مگر شفاء پا گئی ............40............

17 سالہ نفسیاتی مریضہ کی صحت یابی ............41............

ضدی بچوں کی فرمانبرداری ............41............

کمر کے مہروں کے درد میں کمی ............41............

دل کے دورے سے شفاء ............41............

بون میرو کینسر سے شفایابی ............42............

جسم کے درد کا علاج ............42............

برین ہیمرج سے شفایابی ............42............

ڈینگی کا شافی علاج ............43............

ڈینگی بخار کا مجرب نسخہ ............43............

جنات کی حاضری سے پانچ منٹ میں نجات ............43............

نئے گھر میں آسیب کے اثرات سے چھٹکارا ............44............

اور جب پریشانیوں کی انتہاء ہوئی۔۔۔! ............44............

باجی صحت یاب ہو گئی ........45
دنیا بھر سے انٹرنیٹ کے ذریعے حاصل شدہ مشاہدات ........45
بخار کی تپش میں یاد الٰہی سے ٹھنڈک ........45
تکلیف بہت ہی کم ہو گئی!... ........46
روتے بچوں کو چپ کرانے کا عمل ........46
سعادت مند بیٹے کی بیمار، پریشان ماں ........47
گردن کے درد میں شفایابی ........47
میری بہن کی بیمار مرغیاں ........47
بہن کو سر درد سے شفاء ........47
کمر کے مہروں کا دیرینہ مسئلہ حل ........48
مرگی سے دماغ کا ایک حصہ متاثر تھا ........48
بیٹی کی تصویر پر دم کیا ........48
"افحسبتم اور اذان والا عمل" زندہ باد ........48
واشنگ مشین ٹھیک ہو گئی ........48
حیرت انگیز اور لاجواب وظیفہ ........48
روتی بیٹی پر سکون ہو گئی۔۔۔! ........49
کلام الٰہی کا کمال ........49
زود اثر، قوی الاثر عمل ........49
دوائیوں سے میری جان چھوٹ گئی ........49
یقین کا ہونا بہت ضروری ہے ........50
مچھلی کا کانٹا نکل گیا ........50
جنات بہت تنگ کرتے تھے۔۔۔! ........50
خوشگوار اور پر مسرت زندگی گزاریں ........51

نانا ابو کے جنات کی توبہ ....51
پاور فل عمل ....51
منٹ تو بڑی چیز ہے۔۔۔بس چند سیکنڈز ....51
مجھے بہت فائدہ ہوا۔۔۔! ....52
دوا کا محتاج کیوں بنیں۔۔۔؟ ....52
اپنی پریشانی خود رفع کریں۔۔۔! ....52
سالوں پرانے درد سے چھٹکارا ....53
خواب میں اذان سے روکنا ....53
بالکل فریش ہو گیا ....53
شیطان کو منہ توڑ جواب ....53
چائے، گولی کی محتاجی دور ....54
تھکن، درد، سر درد سے رہائی ....54
نشے سے چھٹکارا ملا ....54
گانا بجانا بند ....54
مرے مرض کی دوا ....54
جنات کی حاضری بند ....55
کمپیوٹر کا چلتے چلتے پرابلم کرنا ....55
آپ کے دنیا سے جانے والے ....55
عزیزوں کا پیغام ....55
پانچ جنات کو اپنے جسم سے نکلتے ہوئے دیکھا!... ....56
یقین پختہ کیا، کامیابی ملی ....56
ڈاکٹروں کی مایوسی میں اُمید کی راہ ....57
ناقابل یقین مگر بالکل سچا واقعہ ....57

بیمار بیٹے کی نااُمید ماں ....................60

سخت ترین فالج میں شفاء یابی ....................60

موسیقی سے نفرت ....................61

ایک سالہ بچی پر کلام الٰہی کے اثرات ....................61

سمجھ نہ آنے والی الرجی کا خاتمہ ....................61

والد محترم کی خراب طبیعت ....................62

خوشیاں ہی خوشیاں ....................62

بے ہوشی دور ....................62

مجھے تہجد نصیب ہو گئی!... ....................62

اور طبیعت ٹھیک ہو گئی ....................63

کانوں سے گندی بدبو آنے لگی ....................63

اب پڑھائی میں دل لگا رہا ہے ....................63

غصہ قابو میں آ گیا ....................63

ڈینگی سے افاقہ ....................64

ڈینگی ناکام، ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کامیاب ....................64

مستقل دردوں اور مرگی سے نجات ....................64

بیٹی رات کو پُر سکون نیند لیتی ہے ....................64

فوری اور زود اثر عمل ....................64

وہ کوئی بندر نما چیز تھی۔۔۔! ....................65

گردن اور کندھوں میں درد ....................65

گلے کی تکلیف سے افاقہ ....................65

گھریلو بیماریوں میں آزمودہ ....................65

رپورٹ بالکل کلیئر آئی ....................66

معدے کے مسئلہ اور انڈوسکوپی سے نجات ....................66

جنات کا گھیرا ختم ....................66

تیز بخار ختم ....................66

پیٹ کی شدید تکلیف سے نجات ....................67

درد سے کراہتی لڑکی ٹھیک ہوگئی ....................67

مخصوص ایام میں گھبراہٹ اور تکلیف سے نجات ....................67

شرمندگی سے نجات مل گئی ....................67

وظیفہ کی برکت سے اثرات ختم ....................67

اثرات ختم اور رزق میں برکت ....................67

سانپوں کا نکلنا بند ہوگیا ....................68

مجھے شفاء کے ساتھ مراقبہ کی سعادت نصیب ہوئی ....................68

چہرے پر رونق آگئی ....................68

اذان اور بابا شریف کے تجربات ....................68

گیارہ سالہ معذور بچی، اپنے پیروں چلنے لگی ....................69

ڈینگی کا منہ توڑ جواب ....................69

غریب عورت آپریشن سے بچ گئی ....................69

دوسرے شہر میں مقیم والدہ کی طبیعت ٹھیک ہوگئی ....................69

ہر مسئلہ، ہر بیماری، ہر پریشانی کے لیے آزمودہ ....................70

ستر ہزار لگ گئے، مگر آواز بند رہی ....................70

خراب A.C ٹھیک ہوگیا ....................70

ٹیکنیکل فالٹ بھی ٹھیک ....................71

جادو، جنات اور دورے پڑنا ....................71

دل کے دورے سے شفا ....................71

اذان کے عمل سے نماز کی پابندی ....................71

"افحسبتم اور اذان والا عمل" سے شدید درد کا علاج ....................72

CMH کے ڈاکٹرز پریشان، یہ عورت کیسے بچ گئی؟ ....................72

وہ گرا۔ بے ہوش ہوا اور خود بخود اٹھ کے چل پڑا ....................73

لاعلاج مریض، اور لاعلاج امراض ....................73

برین ٹیومر اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" ....................73

سرجری کیا کراؤ گے۔۔۔؟ ....................74

اذان والا عمل ....................74

خواتین کی لڑائی ختم ....................74

معذور پیر ٹھیک ہو گیا ....................75

گھر بھاری بھاری محسوس ہوتا ہے ....................75

بے دروں کا در، بے سہاروں کا سہارا ....................75

نسبت کا اثر ....................75

بچوں کے سکون کی چابی ....................76

مریضہ صرف 5 فیصد زندہ ہے ....................76

عمل آسان، فوائد گراں ....................76

گھریلو لڑائی جھگڑا اور بے سکونی ....................76

"افحسبتم اور اذان والا عمل" کے حیرت انگیز تجربات ....................77

جب تک خود نہ مریں، قبرستان میں قبر بھی نہیں ملتی ....................78

اذان سے سر درد ختم ....................78

خارش چلی گئی ....................79

شریر جنات کی چوری اور شرارتوں سے چھٹکارا ....................79

دل کا عارضہ اور جنات کے اثرات دور ....................79

فیضان ہی فیضان، شفاء ہی شفاء ........79
جیسے کچھ ہوا ہی نہ تھا۔ سبحان اللہ۔۔۔۔! ........80
گھریلو بدترین حالات، بیروزگاری، قرضہ ........81
آپ توجہ سے کریں، اللہ کرم کریں گے۔۔۔! ........81
اور جو مجھ پر بیتی۔۔۔! ........81
سیزن میں بھی عام کرایہ پر سفر ........82
جرمنی سے بذریعہ کال دم، اور فوری شفاء ........82
بذریعہ خواب عمل کے فائدے عیاں ہوئے۔۔۔! ........82
روزگار ملا، پریشانیاں ختم ہوئیں ........82
واہ میرے مولا۔۔۔۔! تو کتنا کریم ہے ........83
دعائیں قبول ہونے لگیں ........83
اللہ مددگار ہے۔۔۔! ........83
جیوے میرا مرشد سوہنا۔۔۔! ........83
کئی بیماریاں اور عمل صرف ایک ........84
ویزا لگ گیا ........84
دو ہی بیماریاں ہیں۔۔۔! ........84
اسی کو صدقہ جاریہ کہتے ہیں ........85
دوائیاں چھوڑ دیں ........85
ٹی وی پر اذان سننے کا فائدہ ........85
عجیب خواب کا نظر آنا ........85
"زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے" ........85
اذان کی برکت خراب کیلکولیٹر ٹھیک ہو گیا ........86
گمشدہ چیزیں مل گئیں ........86

کک ماری فوراً سٹارٹ ہوگئی ........87

مشکلات کا حل ........87

بخار ٹھیک ہوگیا ........87

جسمانی بیماریوں سے نجات ........88

پرانے ٹائیفائیڈ سے صحت یابی ........88

تعلیمی نصاب اور نماز میں یکسوئی ........88

تمام مشکلات کا خاتمہ ........89

شکر ہے تیرا خدایا۔۔۔۔۔۔! ........89

نوکری مل گئی ........90

سب کچھ نارمل ہوگیا ........90

فریج خودبخود آن ہوگیا ........90

گلہ بہت خراب ہوگیا تھا۔۔۔! ........91

قیمتی موتی سنبھالنا ........91

برکتیں، رحمتیں، عنایتیں، حفاظتیں ........91

نقصان ہو ہی نہیں سکتا ........91

کوئی سفارش ہے۔۔۔؟ ........91

بند مشینری چل پڑی ........92

لوگ یقین نہیں کرتے ........92

شراب نوشی ترک کردی ........92

کینسر پھیل گیا ........92

کار کا ایک لاکھ تراسی ہزار کلومیٹر سفر کرنا۔۔۔! ........92

بڑی بڑی گلٹیاں ختم ........93

ڈینگی کا گارنٹی کے ساتھ علاج ........93

فالج کے مرض سے نجات ........ 94
ڈینگی کا علاج ........ 94
حضرت عمرؓ کا نام لکھنے سے بچے نے ضد چھوڑ دی ........ 94
بالکل صحت مند ........ 94
دل کے دورے سے شفا کا دم ........ 95
دو انمول خزانے سے اجڑا گھر آباد ہو گیا ........ 95
بون میرو کینسر سے شفا یابی ........ 95
حفاظتی اعمال کی برکت سے جان لیوا حادثات سے حفاظت ........ 96
بات بات پر ضد کرنا۔۔۔! ........ 96
ذلت ختم ........ 96
روحانی وجسمانی سکون ........ 97
چہرے پر چھاپے۔۔۔؟ ........ 97
"مور" شدید بیمار ہو گیا ........ 97
اولاد میں بہت تبدیلی آگئی۔۔۔! ........ 97
میں تمہیں معاف کر دوں گا ........ 98
کان درد اور بخار سے حفاظت ........ 98
بلیوں کا رونا ........ 98
روتے ہوئے بچوں کا علاج ........ 99
اپنڈکس کا علاج ........ 99
برکت کے دروازے کھل گئے ........ 99
بیمار بیٹی کی صحت یابی ........ 100
جسم کانپ رہا تھا ........ 100
بلڈ پریشر کنٹرولر ........ 100

پانی پر دم کر کے پلانا ......100
دو عجیب و غریب معجزے ......101
پورے عالم کا نفع ......102
تین دن بعد وہ عورت ٹھیک ہو گئی ......102
جوان لڑکا گھر سے لاپتہ۔۔۔! ......102
گھر بس گیا۔۔۔! ......103
اللہ نے بہت کرم کیا ہے۔ ......103
بچی کے کان میں درد انتہا کا ......103
کبھی بخار 102 ہو جاتا اور کبھی 104 ......103
خواب میں اذان کی تلقین ......104
سسٹم کا لنک ڈاؤن اور اذان کا ورد ......104
نافرمان اولاد کی فرمانبرداریاں۔۔۔! ......104
جو میرا ہے وہ تیرا ہے ......104
پہلے سے زیادہ توانا ہو گئی ......105
سکول وین والا ......105
مجھے بہت زیادہ خوف آیا تو۔۔۔! ......105
فالج زدگی کا علاج ......106
مجھے دورے نہ پڑیں ......106
مخبوط الحواس کے حواس بحال ......106
ایک لاکھ کی بھینس ایک عمل سے ٹھیک ......107
رزلٹ آیا تو تیسری پوزیشن تھی ......107
اذان کا حصار اور تعلیمی کیریئر ......107
دعا بھی، دوا بھی ......107

میرے سب کام ہو جاتے ہیں ........................................ 108
والدہ کا بخار بالکل ختم ........................................ 108
گردے، پھیپھڑے سب ختم ہو گئے ........................................ 108
ٹیکسی کو آگ لگ گئی۔۔۔! ........................................ 109
عبقری میں پڑھا تھا کہ۔۔۔! ........................................ 109
بچی کا چڑچڑا پن ختم ........................................ 109
رپورٹس میں اپنڈکس نکلا۔۔۔! ........................................ 110
مرشد کو کیسے ٹال سکتے ہیں۔۔۔؟ ........................................ 110
جناتی فوج کی بد نظری کا شکار گھرانہ ........................................ 111
گھٹنوں کے درد میں مفید ........................................ 112
میرے بہت کام آتا ہے۔۔۔! ........................................ 112
یہ میرے بھائی کی بائیک ہے۔۔۔! ........................................ 112
"پانچ سالہ بچے کی خون کی فریاد" ........................................ 113
اور ڈینگی سے شفاء ہو گئی ........................................ 114
عمل کا کرشمہ، آنکھوں سے دیکھا ........................................ 114
سمندر کی لہریں پچیس تیس فٹ پیچھے ........................................ 114
زور زور سے اذان پڑھنا شروع کر دی ........................................ 115
اذان سے جنات بھر گئے ........................................ 115
انہیں تو کوئی تکلیف ہی نہیں ........................................ 117
عبقری سے تعارف کیسے۔۔۔؟ ........................................ 117
اچانک اور غیر متوقع شفاء ........................................ 117
کان میں ایک بڑا پھوڑا ........................................ 118
یہ رسولی ہے۔۔۔! ........................................ 118

اذان کا حصار اور تعلیمی کامیابیاں ..........118..........
لیکن ۔۔۔! بات یقین سے بنے گی۔ ..........119..........
آنکھ شفاء پاگئی ۔۔۔! ..........119..........
کوئی معجزہ ہی ہوا ہے ..........119..........
کوئی مانے یا نہ مانے ۔۔۔۔! ..........119..........
کچھ حیرت زدگیاں ۔۔۔! ..........119..........
جادو جناتی مسائل ..........120..........
17 سالہ نفسیاتی مریضہ ..........120..........
آوازیں آنا بند ..........120..........
والدہ صحت یاب ..........120..........
ٹینشن چڑچڑا پن ختم ..........121..........
کان کی گلٹی ختم ..........121..........
میرے اللہ کا کرم ہی کرم ہوا ..........121..........
میری پریشانی کیسے ٹلی؟ ..........121..........
سر درد ٹھیک ہو گیا ..........122..........
ٹانگوں کی شدید درد میں افاقہ ..........122..........
اللہ آپ کو خوش رکھے! ..........122..........
نہایت ہی کمال کا عمل ہے ..........122..........
دو تین منٹ میں سر درد ختم ..........122..........
کھانسی کا دورہ ختم ..........123..........
فوراً نتائج سامنے ..........123..........
شدید کھانسی اور بلغم شروع ..........123..........
اللہ میری سنتا ہے ..........123..........

شرارتوں سے باز ........124........

تیرہ سالہ بیمار بیوی ........124........

ہمارا شدید جادو ٹوٹ گیا ........125........

میں نے درس سے مراد پالی ........126........

اذان کی برکت سے پریشان بچہ سکون پا گیا ........126........

سخت ترین طوفان سے نجات ........127........

اذان کی برکت سے شفایابی ........127........

جنات اور سایہ کی شکایت دور ........127........

گاڑی کو حادثہ نہیں ہوا ........127........

میں نے جنات کی شکلیں دیکھیں ........128........

ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دیدیا مگر... ........128........

شیطان کے شر سے بچ گیا ........129........

پھوپھی بولنا شروع ہوگئیں ........129........

میں مایوس ہو چکا تھا ........130........

گھریلو الجھنیں پریشانیاں ختم ........130........

میں بالکل ٹھیک ہوں ........130........

اللہ نے خواب میں تسبیح خانہ دکھایا ........131........

''افحسبتم اور اذان والا عمل کا مکمل طریقہ'' ........132........

سورۃ المومنون ........132........

اذان ........132........

مجھے ضرور پڑھیں!... ........133........

دو سیکنڈ کے عمل سے کروڑوں نیکیاں ........134........

مانگیے، پھر مانگیے اور خوب مانگیے!... ........134........

اللہ پاک سے دوستی کا نہایت آسان عمل ............135........................................................................................

ہمارا عزم.......دکھی انسانیت کی خدمت ..................135........................................................................................

جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول) .......................136........................................................................................

جنات کا پیدائشی دوست کتاب میں کیا ہے؟ ...........136........................................................................................

کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء ..............................137........................................................................................

اور سائنسی تحقیقات ..................137........................................................................................

مجالس مجذوبی (جلد اول) .......................138........................................................................................

مال سے نہیں اعمال سے کام بنتے ہیں' اعمال سے مسائل .......................138........................................................................................

کیسے حل ہوتے ہیں؟ آپ بھی پڑھیں!!! ............138........................................................................................

# ایسا عمل جو پہاڑوں کو بھی ہلا دے۔۔۔!

میں پریشان ہوں؟، نا امیدی میرا مقدر ہے؟، میری خواہشات پوری کیوں نہیں ہوتیں؟، عرصہ دراز ہوا بیماریاں میرا پیچھا نہیں چھوڑ رہیں؟، میرا ہنستا مسکراتا گھر کیوں اجڑ رہا ہے؟ جنات میرے دشمن کیوں ہوگئے ہیں میں نے تو ان کا کچھ نہ بگاڑا تھا۔

قارئین! ایسی ایک نہیں عرصہ 25 سال سے لاکھوں افراد کی کہانیاں ملاقاتوں، ڈاک اور ای میل کے ذریعے سے موصول ہوئی ہیں۔ ہر آنے والا پریشان میرے دل کو دکھوں اور غم کے سمندر میں ڈبو جاتا ہے، بے ساختہ غیر اختیاری طور پر دل میں عافیت کی صدائیں اور پریشان حال لوگوں کے لیے سکھ کی دعائیں نکلنا شروع ہوجاتی ہیں۔

ایسے ایسے مالدار لوگ جن کی جائیدادیں کروڑوں نہیں اربوں میں تھیں نا جانے کس طرح گردش ایام کی لپیٹ میں آکر حوادثات زمانہ کا شکار ہوئے کہ ان کا سب کچھ لٹ گیا، گھر میں فاقہ تنگدستی، بیماری نے ڈیرے ڈال لیے یہاں تک کہ ان آنکھوں نے خود دیکھا کہ وہ شخص کہ جسکا اپنا ہوائی جہاز تھا، لاہور جیسے شہر کے امراء میں شمار ہوتا، دنیا کی تمام نعمتیں اس کے پاس بس پھر کیا ہوا کہ سب کچھ اس سے چھن گیا اور ایک وقت یہ آیا کہ طبیب کو دوائی کے پیسے دینے کے لیے اس کے پاس 250 روپے بھی نہیں تھے۔ جس وقت میں یہ مضمون لکھ رہا تھا اسی وقت اچانک ایک مخلص صاحب کی زبانی اطلاع ملی کہ ان کے سالے کی ابھی نئی شادی ہوئی تھی، اچانک رات ڈیڑھ بجے کے قریب آٹھ نقاب پوش قزاق اسلحہ لیے گھر میں داخل ہوئے اور زندگی بھر کی جمع پونجی پل بھر میں لے اڑے اور یہ حادثہ واپس انھیں اس مقام پر لے گیا جہاں سے انھوں نے زندگی کی ابتداء کی تھی۔

اسی طرح ایک نہایت ہی خوشگوار خاندان جو ایلیٹ کلاس لوگوں میں شمار ہوتا تھا، آسائشات کی ہر نعمت ان کے پاس موجود تھی، بیماریوں کے گہرے سمندر میں گرنا شروع ہوا تو والدہ کے علاج پر ہی 80 سے 90 لاکھ کا خرچہ ہوا اور بالآخر ان طبیبوں نے اس ماں کو خوبصورت انداز میں سنوار کر عزرائیل علیہ السلام کے حوالے کر دیا۔

قارئین! ہم میں سے ہر شخص کے پاس ایسے ایک دو نہیں سینکڑوں واقعات ہیں جو ڈھلتی چھاؤں کی طرح بدلے اور پریشانیوں کی اندھیری رات کی طرح نمودار ہوئے۔ بس ہر وقت اللہ پاک سے عافیت اور فضل کی دعائیں مانگتے رہیں۔

آج جو عمل میں آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں زمین بوس ہوتی آرزوئیں، تڑپتے ارمانوں جادو جنات کے سرکش سے سرکش اثرات میں یہ عمل کتنا کارگر ہے بس!! اس کی فضیلت کے بارے میں یہی کافی ہے کہ یہ اللہ پاک کا پاکیزہ کلام ہے جو نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے ادا ہوا ہے فرمایا:

"اگر کوئی شخص ان آیتوں کو دل کے یقین کے ساتھ پہاڑ پر بھی پڑھ لے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے" (کنزالعمال)

## بس! بات صرف اتنی ہے کہ جیسا یقین ویسی عطا!...

آپ بھی آزمالیں۔۔۔۔!!! اگر کو عطا ہوئی تو شکر الحمد اللہ، ورنہ یقین کو پختہ کریں۔ اور اسی یقین کو پختہ کرنے کے لیے یہ کتاب پیش خدمت ہے۔ پڑھیں اور غور کریں کہ تسبیح خانہ کا پیغام {اعمال سے بننا، اعمال سے پلنا، اور اعمال سے پانے کا یقین} کیسا عظیم پیغام ہے۔


خواستگار اخلاص و عمل

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

قرطبہ چوک مزنگ چونگی نزد گو گا نیلام گھر

عبقری اسٹریٹ لاہور 042-37552384

## ایک اہم بات!!........

عزیز قارئین! مخلوق کی دادرسی، پریشانیوں کا مداوا، بے لوث بلارنگ ونسل خدمت میرے مرشد خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی اولین ترجیح تھی اور اسی کے لیے آپ ہمیشہ کوشاں رہے اور مجھے بھی اس کی نصیحت فرمائی کہ جو اللہ کی مخلوق کی خیر خواہی میں لگ جاتا ہے، نورانی مخلوق فرشتے اس کے لیے دعا میں لگ جاتے ہیں، اللہ پاک خود اس کی بھلائی میں لگ جاتے ہیں۔

انسان تو انسان حیوانوں اور چوپایوں کی خدمت پر بھی اللہ کی رحیم و کریم ذات بخشش، رحمت اور برکت کا معاملہ فرمادیتی ہے۔ اور میں آپ حضرات کو بھی یہ نصیحت کرتا ہوں جس طرح بھی ہوسکے دکھی انسانیت کی خدمت کریں دامے، درمے، قدمے، سخنے جس طرح بھی بن پڑے پریشان لوگوں کا ساتھ دیجئے انکی مدد کیجئے نہ جانے کب کس کے دل سے دلی دعا نکل کر آپ کے لیے دوائے دل کا ذریعہ بن جائے۔

خواستگار اخلاص و عمل

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

قرطبہ چوک مزنگ چونگی نزد گوگا نیلام گھر

عبقری اسٹریٹ لاہور 042-37552384

# آپ مایوس نہ ہوں۔۔۔!!!

دو وظائف جو میں نے مستند روایات سے اخذ کیے ہیں، میں آپ کی خدمت میں مسلسل تجربات کے بعد عرض کر رہا ہوں۔ ایک تو قرآن کریم سے

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ o فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ o وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ o وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ {سورۃ المومنون 115 تا 118}

## اور حدیث نبوی ﷺ سے مکمل اذان

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ۔ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ۔ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ۔ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

یہ قرآن و حدیث سے اخذ شدہ عمل ہے۔ اور یقین جانیے قرآن و حدیث کے اس عمل کے موثر ہونے کے بارے میں آپ گمان نہیں کر سکتے، اور میرے پاس اس کے اتنے تجربات ہیں، اس کے اتنے مشاہدات ہیں کہ اگر میں چاہوں تو ایک ضخیم کتاب اس پر تیار ہو سکتی ہے، فی الحال کچھ مشاہدات اس کتاب میں ذکر کر کے اور اس عمل کی عام اجازت کے ساتھ اس کو عام کر رہا ہوں، تاکہ زیادہ سے زیادہ مخلوقِ خدا اس سے مستفید ہو سکیں۔

ایک بات ملاحظۂ خاطر ہو کہ مذکورہ عمل کتاب میں جہاں جہاں آئے گا وہاں سورۃ المؤمنون کی آخری چار آیات اور اذان والے عمل کی جگہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کے نام سے ذکر کیا جائیگا۔

{نوٹ}

ایک ہوتا ہے اذان کا کہنا بوقت فرض نماز۔ جسے باقاعدہ قبلہ رخ ہو کر، کانوں میں انگلیاں ڈال کر اور باآواز بلند پڑھنا پڑھتا ہے۔ اور اس کتابچہ میں بیان کیے گئے اذان کو بطور وظیفہ پڑھنا ہے۔ جس کے لیے قبلہ رخ ہو کر، کانوں میں انگلیاں ڈال کر اور باآواز بلند پڑھنا ضروری نہیں۔ اسی طرح بطور وظیفہ اذان کو مرد، عورت، بوڑھا، بچہ ہر کوئی پڑھ سکتا ہے، عمر اور جنس کی کوئی قید نہیں۔

☆☆☆☆☆

# سورہ المؤمنون کی آخری چار آیات کے فضائل

{۱}　　معارف القرآن جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 338 پر لکھا ہے:

"یہ سورہ مؤمنون کی آخری (چار) آیتیں افحسبتم انما خلقنٰکم سے آخرِ سورۃ خاص فضیلت رکھتی ہے۔

امام بغوی اور امام ثعلبی نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ان کا گذر ایک ایسے بیمار پر ہوا، جو سخت امراض میں مبتلاء تھا۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کے کان میں یہ آیتین

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ٥ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ٥ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ٥ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ {سورۃ المومنون 115 تا 118}

پڑھ دی، وہ اسی وقت اچھا ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے دریافت کیا کہ آپ نے اس کے کان میں کیا پڑھا؟ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یہ آیتیں پڑھی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے، اگر کوئی آدمی جو یقین رکھنے والا ہو، یہ آیتیں پہاڑ پر پڑھ دے تو پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ سکتا ہے۔ (قرطبی ومظہری)

{۲}　　حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، کہ میں نے ایک مرگی والے کے کان میں تلاوت کی تو اس کو افاقہ ہو گیا۔ رسول اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے افحسبتم انما خلقنٰکم تا آخر سورۃ تلاوت کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، اگر کوئی مومن شخص اس آیت کو پہاڑ پر تلاوت کرے تو وہ بھی ٹل جائے۔

(مسند ابی یعلیٰ الموصلی، مسند عبد اللہ بن مسعود، حدیث 5023، جلد 4، صفحہ 345)

{۳}　　اسی روایت کو امام عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن کثیر القرشی الدمشقی اپنی تفسیر ابن کثیر میں اس طرح نقل کیا ہے کہ:

"ابن ابی حاتم میں ہے کہ ایک بیمار شخص جسے کوئی جن ستا رہا تھا۔ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ تو آپ نے افحسبتم انما خلقنٰکم تا آخر سورۃ اس کے کان میں تلاوت فرمائی۔ وہ اچھا ہو گیا۔ جب نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا؟ آپ نے بتا دیا۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا تم نے یہ آیتیں اس (شخص) کے کان میں پڑھ کر اُسے {جن کو} جلا دیا اور

{اِس شخص کو}( صحت مند کر دیا)۔ واللہ ان آیتوں کو اگر کوئی باایمان اور بایقین شخص کسی پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے۔" (تفسیر ابن کثیر، پارہ۱۸، سورت المؤمنون)

## سلامتی اور نصرت کا غیبی حصول

امام عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن کثیر القُرشی الدمشقی اپنی تفسیر ابن کثیر میں نقلکرتے ہیں کہ:

"ابو نعیم نے روایت کی ہے کہ ہمیں رسول کریم ﷺ نے ایک لشکر میں بھیجا، اور حکم فرمایا کہ ہم صبح و شام اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ٥ پڑھتے رہیں۔ ہم نے برابر اس کی تلاوت دونوں وقت جاری رکھی۔ الحمد للہ ہم سلامتی اور غنیمت کے ساتھ واپس لوٹے۔

(تفسیر ابن کثیر، پارہ۱۸، سورت المؤمنون)

صبح و شام سفر میں پڑھنے کے لیے

صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کے فرمانے کی وجہ سے ہم جب سفر میں جاتے ہوئے سورہ مؤمنون کی آیت نمبر ۱۱۵ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ٥ پڑھتے تو جان بھی محفوظ رہتی اور غنیمت بھی زیادہ ملتا تھا۔ (معمولات صبح و مساء)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## اذان کے فضائل

### غمگین کے کان میں اذان کہنا

جو شخص کسی رنج میں مبتلاء ہو، اس کے میں اذان دینے سے اس کا رنج و غم دور ہو جاتا ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ' فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے غمگین دیکھ کر فرمایا اے ابن ابی طالب! میں تمہیں غمگین دیکھ رہا ہوں۔ میں نے کہا: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھر میں سے کسی کو کہو کہ وہ • تمہارے کان مین اذان دے، کیونکہ یہ غم کا علاج ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ' فرماتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا تو میرا غم دور ہو گیا۔ اسی طرح حضرت علی کرم اللہ وجہہ' سے نقل کرنے والے تمام راویوں نے اس کو جب بھی آزمایا، سب نے اس کو مجرب پایا۔ (کنز العمال جلد 2 صفحہ 658۔ بکھرے موتی، جلد 1 صفحہ 29)

## بداخلاق کے کان میں اذان دینا

جس کی عادات خراب ہو جائیں، خواہ وہ انسان ہو یا چوپایہ، اس کے کان میں اذان دی جائے۔

مظاہرِ حق جدید، جلد 1 صفحہ 459 میں لکھا ہے:

"جس کی عادات خراب ہو جائیں، اس کے کان میں اذان دینا مستحب ہے۔"

اور اسی طرح حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بداخلاق ہو جائے، خواہ انسان ہو یا چوپایہ، اس کے کان میں اذان دو۔

(رواہ الدیلمی، مرقات شرح مشکوٰۃ، ج2 ص658۔ بکھرے موتی، ج1 ص29)

## شیطان کے ڈرانے یا پریشان کرنے کے وقت اذان پڑھنا

حضرت سیدنا سہل بن ابو صالح رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بنو حارثہ کی طرف بھیجا اور میرے ساتھ ہمارا غلام یا دوست تھا۔ باغ میں سے کسی نے اس کا نام لے کر پکارا۔ اس نے دیوار کے اوپر سے جھانکا تو کچھ بھی نظر نہ آیا۔ میں نے اس بات کا اپنے والد سے ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تیرے ساتھ یہ معاملہ پیش آئے گا تو میں تجھے نہ بھیجتا لیکن جب آواز سنو تو نماز کی اذان دو کیونکہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اکرم ﷺ سے حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: "جب نماز کے لئے اذان دی جائے تو شیطان منہ پھیر کر بھاگتا ہے اور اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے۔" (صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ ص ۲۰۵)

## انسانوں کا شکار کرنے والے جنات

حضرت سیدنا مالک بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیدنا زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قبیلہ بنی سلیم کی کان (خزانہ) پر نگران مقرر کیا گیا تھا اور یہ کان ایسی تھی جس میں جنات انسانوں کا شکار کر لیتے تھے۔ جب حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے والی ہوئے تو لوگوں نے آپ سے شکایت کی۔ آپ نے ان کو بلند آواز سے اذان دینے کا حکم فرمایا۔ لوگوں نے ایسا ہی کیا تو یہ مصیبت ٹل گئی۔

(لقط المرجان فی احکام الجان ص ۲۴۴)

## غولِ بیابانی (بھوتوں) کو دیکھ کر اذان پڑھنا

اگر کوئی شخص بھوت پریت دیکھے، تو اس کو بلند آواز سے اذان پڑھنی چاہیے۔

حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ: جب تمہارے سامنے بھوت پریت مختلف شکلوں میں نمودار ہوں تو اذان پڑھو۔(مصنَّف عبدالرزاق، ج5 ص 163۔ بکھرے موتی، ج1، ص30)

## اذان اور اقامت کا عجیب عمل

امام احمد دیربی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ: اس عمل کو کوئی نہیں جانتا مگر میں نے کبار علماء کے دستخط سے یہ عمل پایا ہے کہ دیرینہ بخار کے مریض کی پشت پر انگشتِ شہادت سے اذان اور اقامت لکھ دیں تو اسے آرام آجاتا ہے۔

## ام الصبیان کا مرض پیشگی دور

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنھما روایت کرتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس کے ہاں بچے کی ولادت ہو، تو وہ اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت پڑھے، تو اس بچے کو ام الصبیان کا مرض نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔(ابن السنی، الاذکار، صفحہ 244)

## اذان کے چند دیگر مواقع

مذکورہ مواقع کے علاوہ اذان کا درج ذیل مواقع پر پڑھنا بھی بزرگوں سے مذکور ہے:

{۱} آگ لگنے کے وقت

{۲} کفار سے جنگ کے وقت

{۳} غصہ کے وقت

{۴} جب مسافر رستہ بھول جائے

{۵} اور جب کسی کو مرگی کا دورہ پڑے

لہٰذا علاج اور عمل کے طور پر ان مواقع میں اذان پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔

## امداد الفتاویٰ میں لکھا ہے :

ان مواقع میں اذان کا کہنا سنت ہے:

{۱} فرض نماز (کیلئے)

{۲} بچے کا کانوں میں بوقت ولادت

{۳} آگ لگنے کے وقت

{۴} جنگ کفار کے وقت

{۵} مسافر کے پیچھے جب شیاطین ظاہر ہو کر ڈرائیں

{۶} غم کے وقت

{۷} غضب کے وقت

{۸} جب مسافر راہ بھول جائے

{۹} جب کسی کو مرگی کا دورہ پڑ جائے

{۱۰} جب کسی آدمی یا جانور کی بد خلقی ظاہر ہو

اس کو صاحب رد المختار نے اپنی کتاب رد المختار میں ذکر کیا ہے۔ (امداد الفتاویٰ، ج 1، ص 165)

اس کے علاوہ {زلزلے کے وقت} {سماوی آفات کے وقت} {ارضی آفات کے وقت} {وبا کے زمانے میں} {خانہ جنگی کے دوران} {کسی سے مدد طلب کرتے وقت} بھی اذان کا پڑھنا مسنون و مذکور ہے۔ (فتاویٰ حمیدیہ)

## عذاب سے پناہ

ایک حدیث میں ہے جب کسی بستی میں اذان دی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس (بستی) کو اس دن اپنے عذاب سے بچا لیتے ہیں۔ (طبرانی)

# میرے ذاتی مشاہدات

دورانِ کلینک میرے پاس کئی مریض آتے ہیں۔ جو طرح طرح کی بیماریوں، پریشانیوں، مصائب ومسائل، مشکلات و تفکرات میں گھرے ہوئے، اپنی زندگیوں سے تنگ، ہر در سے ناامید ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ جب اعمال پر آتے ہیں، اور اسباب سے ہٹ کر مسبّب کی طرف رجوع کرتے ہیں، اور اپنے معبود و مسجود رب سے صلح کر کے اُس کے حضور دستِ دعا بلند کرتے ہیں تو بقولِ شاعر

فضائے بدر پیدا کر، فرشتے تیری نصرت کو

اُتر سکتے ہیں، گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

کا مصداق بن جاتے ہیں۔ اور پھر مادی دنیا کے پجاری، اور سائنس کے پیروکار اس ناممکن کے ممکن ہو جانے پر چیخ اٹھتے ہیں کہ "یہ کیا ہو گیا۔۔۔؟"، "یہ کیسے ہوا۔۔۔؟"۔ جی ہاں ہمارے کریم ورحیم اللہ کے پیارے قرآن میں اور نبی کریم ﷺ کی مبارک احادیث میں ہماری اُن تمام بیماریوں، پریشانیوں، مصائب ومسائل، آفات وآلام، مشکلات و تفکرات کا علاج ہے جسے مادی دنیا کی آنکھ دیکھ اور پرکھ نہیں سکتی۔

## جگر بیکار ہو گیا ہے۔۔۔!!!

ایک نوجوان بتانے لگا کہ میرے والد امریکہ میں رہتے ہیں۔ گزشتہ تین دن سے سخت بیمار ہیں۔ اور بیماری کی وجہ سے ان کا جگر (لیور) ختم ہو گیا ہے۔ دراصل ہوا یوں کہ اس کا والد بیچارہ اس وقت بھی امریکہ میں ہے ڈاکٹروں نے کہا کہ اس کا جگر ختم ہو گیا۔ پھر کچھ عرصہ درس بھی نیٹ پر سنتا رہا۔ دل تو اللہ کے قبضے میں ہے اللہ نے اپنے نام کی برکت سے اس کے اندر کچھ مزاج بدلا، کچھ طبیعت بدلی ذوق بدلا، شوق بدلا ذوق اور شوق بدلا اس نے وہ سلسلہ چھوڑ دیا۔ اور بیماری کی وجہ سے اس کا جگر بہت زیادہ متاثر ہوا۔ اب وہاں امریکہ میں ایڈمٹ ہو گیا حالانکہ وہاں کی شہریت نہیں تھی اور مجھے اس کا بیٹا کہنے لگا کہ کیا کریں؟ میں نے ان سے "افحسبتم اور اذان والا عمل" عرض کر دیا۔

کہنے لگے: جی وہ تو پڑھے ہوئے نہیں ہیں۔ میں نے کہا: آپ تو پڑھے ہوئے ہیں ناں۔۔۔؟ کہنے لگے: جی میں اذان تو پڑھ سکتا ہوں مگر وہ آیت وہ میرے پاس چھپی ہوئی پڑی تھی کاغذ میں میں نے کہا یہ آیت ہے اس کو جیب میں ڈال لو جب بھی پڑھنا ہو اس کو دیکھ کر پڑھ لیا کرو مجھے کہنے لگے اگر میں بے وضو ہوں تو میں نے کہا پڑھ سکتے ہو اگر بے وضو ہو لیکن ناپاکی کی حالت میں احتیاط کرنا۔

## امریکہ میں مکمل مفت علاج

آپ یقین جانیے اس نے پڑھنا شروع کر دیا اور یہی ایک کاغذ فیکس کر کے امریکہ بھیج دیا کہنے لگے میری ہمشیرہ ہے اور میرے اور خاندان والے ہیں ان کو بھی میں نے کہا ہے وہ بھی پڑھیں گے۔ والد تو پچھلے ڈیڑھ مہینے سے کومے میں ہیں اور وہ بے ہوش ہیں۔

قدرت خدا کی دیکھیں۔۔۔! اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا ایک اور فائدہ ہوا۔ وہاں کی امریکہ کی حکومت جس کی شہریت نہ ہو اس کا مفت علاج نہیں کرتی ایسی کوئی اللہ نے تدبیر کی غیب کے خزانے سے کہ وہاں کی حکومت نے ان کا مفت علاج شروع کر دیا اور مجھے پرسوں وہ اسی جمعرات کو مجھے کہہ رہا تھا کہ تقریباً دو کروڑ روپے میرے والد پر لگ گئے ہیں۔

اب قدرت کا نظام دیکھیں اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" کو پڑھنا شروع کر دیا کہنے لگے: میں نے ہر آدھے گھنٹے کے بعد پڑھنا شروع کر دیا۔ انہوں نے کہا ٹھیک ہے ہم اس کا فری علاج کرتے ہیں پتہ نہیں کیا ہو گیا انہیں ہسپتال والوں نے کہا جی سیریس کیس ہے۔

## امریکہ کی تاریخ کا انوکھا کیس

کہنے لگے ہم یہ عمل پڑھتے رہتے ڈیڑھ ماہ مسلسل پڑھا ڈیڑھ ماہ کے بعد مجھے خود کہنے لگا کہ جی مبارک ہو ابا جی نے آنکھیں کھولی ہیں اور آنکھیں کھولتے ہی پہلی دفعہ انہوں نے "پانی" کہا ہے اور ان کے منہ سے پہلا گھونٹ ڈیڑھ ماہ کے بعد گیا ہے میں نے کہا پڑھنا نہیں چھوڑنا۔

آپ یقین جانیے اس نے پڑھنا نہ چھوڑا اور چند ماہ کے بعد مجھے کہنے لگا کہ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ جگر واپس اپنی اصلی حالت پر آ رہا ہے اور یہ ہماری تاریخ کا انوکھا کیس ہے کیسے نہ ہو؟ اللہ والے عبداللہ بن مسعودؓ نے کان میں یوں پڑھا اور مریض بھلا چنگا ہو گیا اور مدینے والے نے قسم اٹھا کے کہا محمد کی جان جس کے قبضے میں ہے پہاڑ پر پڑھیں تو پہاڑ بھی ہل جائے تو جگر کیسے ٹھیک نہ ہو جگر پہاڑ کے سامنے اور میرے آقا مدینے والے کی قسم کے سامنے کوئی حیثیت ہے جگر کی؟

## مریض ٹھیک ہوتے جاتے ہیں۔۔۔!

ہمارے لاہور میں ایک جیولر ہے، اردو بولنے والے ہیں، بی بی پاک دامن کے دربار کے قریب گھر ہے، دعوت کی لائن کے ساتھی ہیں۔

مجھ سے کہنے لگے: میں گشت کی نیت کر کے میو ہسپتال جاتا ہوں اور وہاں جا کر ہر ہر بیڈ پر "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھتے ہوئے ہر مریض کے کانوں میں یہ عمل پڑھ کر پھونکتا ہوں۔ کہنے لگے: یوں پڑھتا جاتا ہوں مریض ٹھیک ہوتے جاتے ہیں اور اٹھتے جاتے ہیں۔

## ڈاکٹر حیران، میڈیا پریشان۔۔۔!

ہاں ایک طاقت ہے، ایک تاثیر ہے، ایک عمل ہے، اللہ کے نام کے اندر ایک قوت ہے، آزما کے دیکھ تو سہی، میرے مدینے والے نے ساتھ یہ لفظ فرمایا ہے کہ اگر کوئی یقین سے کرے تو یقین لازم ہے۔ تو کر کے دیکھیں۔ پڑھتے رہیے۔ دو کروڑ لگ گیا، مفت علاج ہو گیا۔ جگر واپس اپنی اصلی حالت پر آ گیا مریض نے اٹھنا بیٹھنا چلنا شروع کر دیا اور ڈاکٹر کہتے ہیں کہ مریض اسی جگر کے ساتھ باقی زندگی گزار سکتا ہے۔ امریکہ کے ڈاکٹر اور کہتے ہیں انہوں نے باقاعدہ اس کے انٹرویوز کیے اور حیران ہوئے کہ یہ انوکھا مریض ہے میڈیا اس کو ہائی لائٹ کیا۔ پریشان ڈاکٹروں کی عقل ان کی دیوانی ہو گئی ہے۔ یہ قرآن کا اعجاز ہے۔

## کیا پاگلوں کا علاج ممکن ہے۔۔۔؟

لاہور ریس کورس کے سامنے مینٹل ہاسپٹل ہے۔ میں ایک دن اس مینٹل ہاسپٹل گیا کئی ہزار جوان بوڑھے وہاں بیس تیس سال سے ہیں پاگل دیوانے وہاں کا بڑا ڈاکٹر وہ عبقری پڑھتے تھے تو عبقری کے حوالے سے جب تعارف ہوا تو بڑے خوش ہوئے ڈاکٹر خود ساتھ ہوئے ان کے ساتھ دو سکیورٹی گارڈ تھے کہ کوئی پاگل حملہ نہ کر دے اور میں بھی ساتھ مجھے انہوں نے سارا وزٹ کرایا۔ وہ مجھے اس کا وزٹ کرا رہے تھے مجھ سے ایک سوال کیا کہنے لگے آپ کا میگزین میں پڑھتا ہوں اور نیٹ پر بھی میں نے لیکچر سنے ہیں۔ آپ کے ہاں پاگلوں کا علاج ہے میں نے کہا سو فیصد کامیاب علاج تو کہنے لگے کیا علاج ہے۔ میں نے کہا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہمارے پاس ہے ان لوگوں نے اس عمل کو آگے دینا شروع کر دیا۔

ڈاکٹر کہنے لگا کہ میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" مریضوں اور ان کے تیمارداروں کو بتانا شروع کر دیا کہنے لگے میرے تو رزلٹ بڑے اچھے آنا شروع ہو گئے اور میرے مریض جو بڑی بڑی دوائیں کھاتے تھے اور دوائوں کا وقتی فائدہ ہوتا تھا وہ نشے میں پڑتے رہتے تھے جب اونگھ ختم ہوتی تھی اور پاگل زنجیریں تڑوا کر رستے تڑوا دیتا تھا وہ میرے مریض ٹھیک ہونا شروع ہو گئے۔ کہنے لگے کمال کے رزلٹ ہیں۔

## پاگل مریض پانچ سال کے بعد ٹھیک ہو گیا

میں نے مینٹل ہاسپٹل کے ڈاکٹر سے کہا: ہمارے اندر اصل میں یقین کی کمی ہے، اس سے بھی بڑا کمال مل سکتا ہے۔ تو وہ کہنے لگے کہ پانچ سال سے ایک مریض دوائیں کھا رہا تھا جب سے یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" شروع کیا، آہستہ آہستہ دوائیں کم ہونا شروع ہوئیں اور مریض شعور کی باتیں کرنے لگا لاشعوری سے نکل آیا بے وقوفی کی باتیں ختم کر کے عقل کی باتیں کرنے لگا ہم حیران کہ مریض کیا کر رہا ہے یہ مصنوعی تو ایسے نہیں ہوا کہنے لگے ہم نے احتیاطاً اس کو نہ کھولا پتہ نہیں پھر پاگل ہو جائے بپھر جائے کئی بار ایسے تجربے ہو گئے ہیں اور توڑ پھوڑ دیا گھر کے اندر نقصان ہو گیا۔

کہنے لگے ہم عمل کرتے رہے۔ مریض کہے: میں ٹھیک ہوگیاہوں، مجھے کھولو، تم نے کیاپڑھاتھا؟ ہم نے پوچھا: تجھے کیاپتہ چلا بتاؤ ذرا؟ وہ مریض کہنے لگا: میرے سامنے ایک اندھیرا تھا، سیاہی تھی اور مجھے کچھ خبر نہیں تھی کہ میں کیا کررہاہوں۔ آپ کہتے تھے کہ میں پاگل تھا۔ میں اپنے مطابق ٹھیک کرتا تھا ۔ مگر آپ کے مطابق میں پاگل تھا۔ اب سیاہی میرے سامنے سے ہٹ گئی ہے۔ روشنی میرے سامنے آرہی ہے۔ مجھے خیر اپنی جگہ نظر آرہی ہے، مجھے شر اپنی جگہ نظر آرہی ہے۔ مجھے اچھائی برائی سب کچھ نظر آرہاہے۔ اب مجھے چھوڑ دو۔۔۔! اچھامیرا تجربہ کرلو۔۔۔! مجھے چھوڑ دو۔۔۔! میں ٹھیک ہوں، میں بالکل صحت مند ہوں۔ یہ عمل مجھے دو، اب میں یہ عمل پڑھونگا۔ ڈاکٹر کہنے لگے: ہم نے احتیاطاً اس کو چھوڑا، اس کے اوپر بندے بھی بٹھائے۔ بعد میں اس پر یقین آگیا کہ ہماراپاگل مریض پانچ سال کے بعد ٹھیک ہوگیا۔

## بچہ ڈھائی سال سے ہنسنا بھول گیا

میرے پاس ایک بندہ آیا ایک بہت بڑے ٹیلی فون کے محکمے کا کہنے لگا میرا بیٹا ڈھائی سال سے ہنسا نہیں ہے۔ میں حیران ہوگیا عجیب کیس ہے ڈھائی سال سے ہنسا نہیں ہے ہنستا نہیں یہ سامنے بیٹھا ہوا ہے۔ دنیا کے بڑے بڑے قہقہے اور دنیا کے بڑے بڑے ہنسانے والے لوٹ پوٹ کرنے والے میں نے اس کو دکھائے، اس سے ملوائے، ان کی فیسیں ادا کیں۔ وہ کہنے لگے: جی کوئی پتہ ہی نہیں ہے، چٹکیوں میں ابھی ہنسے گا۔ کہنے لگا: بیٹا ہے کوئی پتھر ہے ۔۔۔؟ مارا بھی اس کو، پیار بھی کیا اسے، مگر نہیں ہنستا۔۔۔! میرا بیٹا ہے۔۔۔! ہنستا نظر نہیں آتا۔ میری تو جان نکل جاتی ہے۔

میرے پاس وہ صاحب آئے کہنے لگے اب ہنستا نہیں ہے میرا بنگلہ ہے مجھے حکومت نے دیا ہے۔ ایک میرے پاس ذاتی سواری ہے۔ میرے پاس یہ ہے ۔ فلاں ہے۔ بس میرا بیٹا نہیں ہنستا۔ میں نے کہا: ان شاءاللہ ہنسے گا۔۔۔!

یہ نہ دعویٰ، نہ دلیل، نہ وعدہ

مجھے کہنے لگے ایک بات کہوں ناراض تو نہیں ہونگے ایک تو آپ سے ٹائم بڑی مشکل سے ملنا ہے دوسرا ٹائم تھوڑا دیتے ہیں ناراض تو نہیں ہونگے میں نے کہا نہیں کہنے لگے ایسے کئی لوگ مجھے کہہ چکے ہیں کہ ہنسے گا مجھے تو اب ان لفظوں کا یقین ہی ختم ہوگیا ہے ان لفظوں کا دھیان ہی ختم ہوگیا ہے کہ ہنسے گا یقین ختم ہوگیاہے کہ ہنسے گا آپ صحیح کہہ رہے ہیں میں نے کہا یہ نہ دعویٰ ہے نہ دلیل ہے نہ وعدہ ہے مجھے تو اللہ کے اس کلام پر بڑا امان ہے بڑا اعتماد ہے ایک نہیں دو نہیں سو نہیں ہزار نہیں میرے پاس تو عبقری کے لاکھوں قارئین ہیں اور میرے نیٹ کو ورلڈ سنتا ہے اور مجھے تو اس کے رزلٹ ملتے ہیں اور بہت جلد ایک خیر دیتا ہوا اور یوں اس کے رزلٹ ملتے ہیں۔

## ٹھیکے پر عمل نہ کروانا

میں نے کہا ان شاء اللہ یہ ہنسے گا یہی عمل میں نے انہیں دے دیا میں نے کہا یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" سارا گھر پڑھے۔ پھر میں نے ایک کام کہا کہ ٹھیکے پر عمل نہ کروانا اور آپ سے بھی کہتا رہتا ہوں۔ ٹھیکے کا عمل جانتے ہیں؟؟؟ ٹھیکے کا عمل یہ ہے کہ محلے کے بندے اکٹھے کیے یا مولوی صاحب، قاری صاحب سے کہا: جناب براہ کرم آپ کچھ بندے دے دیں اور ان بندوں سے کہا کہ: یہ یہ وظیفہ ہے، تم سب پڑھ لو۔

## مائی کی نکلی ہائے۔۔۔! اور بچہ ہنس پڑا

میں نے کہا ان شاء اللہ یہ ضرور ہنسے گا آپ یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" شروع کریں، لیکن ٹھیکے پر نہ دیجئے گا، خود پڑھیں تھوڑا پڑھ لیں مگر خود پڑھیں۔ سارا گھر پڑھے۔ آپ کے قریبی رشتہ دار پڑھیں۔ وہ پڑھیں گے، ان کے اندر جو خلوص ہو گا، وہ اور کسی میں نہیں ہو سکتا۔

آپ یقین جانیے اس نے پڑھنا شروع کیا۔ کہنے لگے: مجھے اطلاع ملی کہ بیٹا ہنس پڑا۔ کہنے لگے کہ میں نے گھر والوں سے پوچھا کہ: بچہ کیسے ہنسا۔۔۔؟ گھر والوں نے بتایا کہ گھر کی کام کرنے والی کچن دھو رہی تھی، اس کا جو پاؤں پھسلا تو وہ الماری کے ساتھ لگی، اس کی نکلی ہائے... اور بیٹا ہنس پڑا۔ کہنے لگے: لو جی اس ماسی کی تو ہم ہائے بھول گئے اور بیٹے کی خوشی پر سارے ہنس پڑے۔ واہ واہ...! بیٹا ہنس پڑا اور مٹھائیاں بانٹیں اور بکرے ذبح کیے گئے۔ وہ کیا حجاب تھا۔۔۔؟ وہ کیا بندش تھی۔۔۔؟ وہ کیا تھا۔۔۔؟ جو بھی تھا...! کچھ بھی تھا، لیکن بیٹا ہنس پڑا۔

## جسم آٹومیٹک ریکوری پر آ گیا

ایک صاحب آئے۔ ان کے سٹول بیگ لگا ہوا تھا۔ پاخانے کا بیگ لگا ہوا تھا اور پاخانہ آنت میں سے نکلتا تھا۔ کہنے لگے: جی یہ سٹول بیگ ہے آنت کھل گئی ہے، اپینڈس کا آپریشن کیا، خراب ہوا، پھر آپریشن کیا، پھر خراب ہوا، آپریشن در آپریشن۔ آخر آنت کھل گئی ہے۔ انہوں نے سٹول بیگ لگا دیا ہے کہ پاخانہ یہاں سے آئے گا۔ اپنے اصلی راستے سے نہیں آئے گا اس کا کوئی حل ہے۔

میں نے کہا: ہاں ہے۔۔۔! روحانی حل ہے۔۔۔! کون سا حل چاہتے ہیں۔۔؟ انھوں نے کہا: روحانی حل چاہتا ہوں۔ میں نے کہا: جی روحانی حل یہ ہے، اور انہیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے کو دیا اور میں نے کہا: دیکھو۔۔۔! یقین سے پڑھنا اور مسلسل پڑھنا اور جلدی نہ کرنا۔۔۔! چند دن، چند ہفتے، چند مہینے، رزلٹ دیکھ لینا۔ آپ یقین جانیے کچھ عرصے کے بعد شاید دو تین مہینے کے بعد وہ ملے تو مجھے کہنے لگے: اب ڈاکٹر زنے چھوٹی سی نالی لگا دی ہے، وہ کہتے ہیں کہ کوئی اندر کا نظام ہے وہ خود بخود ایکٹو ہو گیا ہے، اندر کا ڈیفنس کا نظام ایکٹو ہو گیا ہے، آپ کا جسم خود ریکوری پر آ گیا ہے اور آپ کے اندر کا نظام اور آنتیں ٹھیک ہو رہی ہیں اور چند ہی دنوں کے بعد یہ ٹیوب بھی نکال دیں گے اور حیرت انگیز طور پر میں تندرست ہو گیا ہوں۔

## آٹھ بچے مر چکے ہیں۔۔۔۔۔۔!

ایک خاتون میرے پاس آئی۔ اس کے آٹھ بچے مر چکے تھے۔ انہیں اٹھرا کا مرض تھا اوران کے بیٹے اکثر مرتے تھے، بچتے نہیں تھے۔ دنیا کا کوئی علاج اس نے نہیں چھوڑا۔ آپ یقین جانیے انہیں یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" میں نے دیا۔ میں نے کہا شوہر بھی کریں۔ میں نے ان سے کہا کہ دیکھو بھئی گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ ایک پنکچر نہ کرنا۔ کہنے لگے کیا مطلب۔۔۔؟ میں نے کہا: شوہر اور بیوی گاڑی کے دو وھیل ہیں، دو پر ہیں، ایک پڑھے دوسرا نہ پڑھے، یہ نہیں ہو گا۔ دونوں پڑھنا ان شاء اللہ، اللہ بیٹا دے گا۔

اور یہ بھی کہا کہ اس بیٹے کا نام محمد رکھنا اور ساتھ کوئی اور صفت رکھ دینا محمد احمد، محمد محمود، محمد حامد، محمد زین العابدین یا کوئی اور نام محمد کے ساتھ رکھ لینا، اس کی نیت کر لو ہم اس کا نام محمد رکھیں گے اور یہ عمل شروع کر دو اور نو مہینے تک کرتے رہنا حمل ہو جائے پھر بھی کرتے رہنا بچہ جب تک دودھ پینا نہ چھوڑے کرتے رہنا آپ یقین جانیے آج ان کے تین بیٹے ہیں اور بڑا بیٹا تو کافی بڑا ہو گیا ہے، ماشاء اللہ سے۔

وہ مجھے بتا رہے تھے اب مجھے یاد نہیں کہ چوتھی یا پانچویں جماعت میں پڑھتا ہے۔ پہلے بچے نہیں بچتے تھے ان کے۔

میں نے یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" بے اولادوں کو دیا جن کی اولادیں نہیں تھیں کوئی کہتا تھا سپرموٹیلٹی وہ نہیں ہے، کوئی کہتا تھا کہ ایگ (انڈے) نہیں بنتے۔ کوئی کہتا تھا کہ مرد بانجھ ہے۔ کوئی کہتا تھا کہ بیوی بانجھ ہے۔ کوئی کہتا تھا اس میں یہ کمی...! کوئی کہتا اس میں وہ کمی...! رپورٹوں کے پلندے تھے۔

## اینگزائٹی، ڈپریشن، ٹینشن کا مارا ہوا کیمسٹری کا پروفیسر

ایک کیمسٹری کا پروفیسر میرے پاس آیا۔ ان کا بیٹا اور ان کی بیوی بھی ساتھ تھے۔ عمر ان کی پچاس سال سے اوپر تھی۔ وہ میرے پاس اس طرح سے آئے کہ ان کو پکڑا ہوا تھا، ایسے پاگلوں جیسی اس کی حرکتیں تھیں۔ میں نے ایک چھوٹی سی دوائی لکھ کر دی۔ اور میں نے ان کے بیٹے سے کہا کہ یہ دوائی انہیں کھلاؤ اور یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا وظیفہ پڑھو سارا گھر۔

اینگزائٹی، ڈپریشن، ٹینشن کا مارا ہوا وہ کیمسٹری کا پروفیسر جسے پاگل پن کی حالت میں ان کے گھر والے پکڑ کر میرے پاس لائے اور میں نے ان سے کہا یہ پڑھو۔ ان کے گھر والے اصرار کرنے لگے کہ کوئی تعویذ دیں۔ میں نے کہا میرے پاس تعویذ نہیں ہیں، جو کچھ ہے میرے پاس یہی ہے۔ تعویذ بھی دیتا ہوں مگر کوئی ہزار میں سے کسی ایک آدھ مریض کو۔

میں نے ان سے کہا: آپ یہ عمل کرو۔ انہوں نے بے یقینی کے ساتھ یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" لیا مجھ سے، یقین کے ساتھ نہیں لیا، میں ان کے چہرے دیکھ رہا تھا، انہوں نے بے یقینی سے لیا۔ میں آخری دم تک کہتا رہا کہ اللہ والو اس کو ذرا یقین سے کرنا اور پھر ان میں سے سارے گھر والوں میں

سے صرف بوڑھی ماں نے یہ عمل کیا۔ ساتھی تو اسی کا تھا، اس نے کیا اور کرتے کرتے کچھ ہی عرصے کے بعد جب وہ دوبارہ آئے تو اس پروفیسر کو پکڑ کر نہیں لائے، پھر بوڑھا بوڑھی خود آئے، اور وہ بالکل صحیح حالت میں آئے، اس کا شعور، اس کا احساس، اس کا ادراک بالکل ٹھیک تھا۔ اور اب وہ پاگل نہیں تھا، اور نہ ہی اب وہ نفسیاتی ڈاکٹر کی دوائیں کھا رہا تھا اور اب وہ بالکل صحت مند تھا۔ پروفیسر صاحب کہنے لگے کہ: صرف ایک نیند کی گولی سوتے ہوئے کھاتا ہوں، میں محسوس کرتا ہوں شاید وہ عادت سی پڑ گئی ہے ورنہ میں اب الحمدللہ مریض نہیں ہوں۔

## نصرت ہی نصرت

مولانا عثمان صاحب لاہور مرکز کے وہ امام صاحب ہیں۔ کہنے لگے: میں جس جماعت میں جاتا ہوں ناں۔۔۔! یہ آیتیں پڑھتا ہوں، پھر میری بڑی نصرت ہوتی ہے۔ آپ نے شروع میں وہ روایت پڑھ لی ہو گی کہ صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ہم جب سفر میں جاتے ہوئے سورہ مؤمنون کی آیت نمبر ۱۱۵ پڑھتے تو جان بھی محفوظ رہتی اور غنیمت بھی زیادہ ملتا تھا۔

## شریر بچے انسان کے بچے بن گئے

اللہ کریم غیب کے رزق کے خزانے کھولتا ہے۔ اس آیت کی وجہ سے حالات بدل جاتے ہیں۔ جن کے بچوں نے ناک میں دم کیا ہوا ہے، مائیں روتی ہیں ، سسکتی ہوئی میرے پاس آتی تھیں۔ جب میں کلینک پر بیٹھتا ہوں، تو ان بچوں کو دیکھ رہا ہوتا ہوں کہ بچہ کبھی اِدھر بھاگ رہا ہے، کبھی اُدھر بھاگ رہا ہے۔ میں اس وقت سوچتا ہوں کہ یا اللہ یہ بچہ اپنی ماں کے ساتھ کیسا وقت گزارتا ہو گا؟ ماں کہتی ہے کہ میں تھک گئی ہوں۔ میں ڈیپریشن کی مریض بن گئی ہوں۔ بچے نے میرے ناک میں دم کیا ہوا ہے۔ ایسے مریضوں کو میں نے یہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بتایا اور وہ بچے پھر انسان کے بچے بن گئے۔ یقین جانیے۔۔۔! ایسے بن گئے کہ متقی اور ایسے نستعلیق، باادب، باشعار کہ کمال ہو گیا ہے۔ گھروں میں چین اور سکون آ گیا۔ بچوں کی تربیت کے لئے، نشہ کے عادیوں کے بے شمار کیس میرے پاس آئے۔ میں نے ان سب میں اس ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کو مجرب پایا۔

## منشیات سے بحالی کا وظیفہ

میرے نشے کے مریض اللہ کے نام کی برکت سے، اس ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کی برکت سے صحت یاب ہوئے ہیں۔ ہیروئن کے مریض، لاعلاج مریض، ناکام مریض، جنھوں نے گھر کے موٹر سائیکل بیچ دیئے، ٹریکٹر بیچ دیئے، ٹرالیاں بیچ دیں، اباجی کے رجسٹری اٹھائی، اور کسی اور کو اٹھا کے وہ رجسٹری اونے پونے دے دی، وہ پلاٹ چار کروڑ کا تھا، خریدنے والے نے نشئی کو پہچان کر اس سے کہا کہ میں تو اس کے تیس ہزار دوں گا۔۔۔! نشئی نے کہا: ٹھیک ہے، نکال لو تیس ہزار روپے۔۔۔! اب رجسٹری ادھر آ گئی، اس نے وہ کروڑوں کا پلاٹ تیس ہزار میں بیچ ڈالا اس کو نشے کی پڑیا مل گئی۔

## ہیروئن کا مارا ہوا بندہ صحت یاب

میرے پاس ایک ہیروئن کا مارا ہوا بندہ آیا۔ آپ یقین جانیے اللہ مجھے معاف کرے میرے دل میں اس سے کوئی نفرت نہیں تھی، بس اس کے سامنے میں بیٹھ نہ سکا۔ میں نے فوراً تسبیح خانہ کے خادم سے کہا: اے سی بند کر دو۔ بڑا ایگزاسٹ چلوایا۔ دو، دو روم فریشنر اسپرے پڑے ہوتے ہیں۔ وہ بھی ناکام ہو گئیں، اتنی بدبو آئی جس کی کوئی حد نہیں۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرو اور میں نے کہا اس کو لے جاؤ اس کا علاج یہی اللہ کا نام یعنی "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہے۔ اور انہوں نے یہ وظیفہ کیا۔ اور خوب ڈٹ کے کیا۔ تھکے ہوئے تھے ناں۔۔۔! کئی دفعہ وہ منشیات سے بحالی کے کلینک میں بھی ایڈمٹ کرا چکے تھے، وہ پھر آ کر اسی دھندے میں لگ جاتا۔ اس کے گھر والے تھکے ہوئے تھے۔ انہوں نے اکسیر جان کر "افحسبتم اور اذان والا عمل" کیا۔۔۔! اور کرتے رہے۔۔۔! اللہ جانتا ہے میرے پاس وہی مریض بیٹھا تھا، صاف ستھرا۔۔۔! اور مجھے اتنی خوشی ہو رہی تھی۔۔۔! یقین جانیے تندرست مریض دیکھ کر میرا دل ٹھنڈا ہوتا ہے۔ میں نے دل ہی دل میں کہا: واہ مولا واہ۔۔۔! تیرے نام کے رنگ میں تو نے اس کے دل کی دنیا ہی بدل دی۔

## شریر جنات کی تباہ کاریوں سے پریشان گھرانہ

جنات گھر کو آگ لگا دیتے تھے، کپڑوں کو آگ لگا دیتے تھے، گھر کے اندر پیشاب کر دیا کرتے تھے۔ میں نے خود جا کر دیکھا ایف الیون اسلام آباد میں۔ امراء کا ایریا ہے، ایف ٹین بھی اور ایف الیون بھی۔ ایک بنگلے کے اندر میں گیا، آپ سوچ نہیں سکتے اس بنگلے میں مکھی نظر نہیں آتی تھی، چیونٹی تک نظر نہ آتی تھی، انتہائی قیمتی ماربل لگا ہوا مارگلہ کی پہاڑیوں پر بنا بہترین بنگلہ تھا۔

لیکن۔۔۔! گھر کے اندر عفونت ہی عفونت تھی۔ جگہ جگہ ایسا پیشاب پڑا ہوا ہوتا جیسے سرسوں کا تیل۔ انہوں نے کہا: یہ جنات گندگی کر جاتے ہیں ہمارے گھر کے اندر۔ میں نے کہا: اب تھک گئے ہو۔۔۔؟ کہنے لگے جی ہاں۔۔۔! بڑے جنات جلانے والے بابے اور ملنگ آئے کسی نے تیس ہزار مانگے، کسی نے لاکھ مانگا، کسی نے کہا میں ڈیڑھ لاکھ لوں گا۔۔۔! جس نے جو مانگا اسے وہ دے دیا، بس کسی طرح کام ہو جائے۔

کسی نے ہانڈیاں منگوائیں۔ کسی نے کالے مونگ منگوائے۔ کسی نے سریاں منگوائیں۔ مگر وہی ڈھاک کے تین پات، کچھ بھی نہ ہوا۔ کہنے لگے: ان سب سے تو وہ اور بپھر گئے۔ میں نے ان سے کہا: اب دیکھ لیا۔۔۔؟ میں نے کہا: اب تک کام کروایا تھا ٹھیکے پر۔۔۔! اب کرو خود۔۔۔! پھر میں نے ان سے کہا اور آپ سب پڑھنے والوں سے بھی کہہ رہا ہوں کہ دیکھو۔۔۔! اپنی جنگ تمہیں خود لڑنی پڑے گی۔۔۔! تمہاری جنگ کوئی اور نہیں لڑے گا۔ وہ کہنے لگے: جی ہم تیار ہیں، آپ ہمیں بتائیں۔ میں نے ان سے یہی "افحسبتم اور اذان والا عمل" عرض کیا۔

## شریر جنات کا ڈھیٹ پن

اچھا ایک تجربہ ہے۔ جب بھی میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کسی کو دیا تو جنات یا تو کام بڑھا دیتے ہیں تا کہ یہ پریشان ہوں اور یہ عمل چھوڑ دیں یا پھر کمپرومائز پر آ جاتے ہیں۔ یہ میرے تجربے ہیں۔

اسی لیے اگر تھوڑی سی گڑبڑاہٹ ہو رہی ہے تو عمل نہ چھوڑنا، جنات تمہیں کچھ نہیں کہہ سکیں گے۔ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اور اللہ نے مقدر میں لکھا ہے، تقدیر میں یہ لکھ دیا ہے اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا کہ باطل جو ہے وہ ایسے ہے جیسے مکڑی کا جالا، اس کو یقیناً زوال ہے۔

## گردن بھی دبائیں اور آنکھیں بھی باہر نہ آئیں۔۔۔؟

میں نے ان سے کہا: کہ آپ اس کو پڑھو اور دن رات پڑھو، ہر پل، ہر سانس پڑھو اور اٹھتے بیٹھتے پڑھو۔ اور پھر وہی ہوا۔۔۔! پریشان ہو گئے۔ کہنے لگے: جی وہ تو کام اور زیادہ ہو گیا۔۔۔! میں نے کہا: تم کیا کہتے ہو کہ گردن بھی دبائیں اور آنکھیں بھی باہر نہ آئیں۔۔۔؟ آنکھیں تو ان کی باہر آئیں گی، لیکن ان آنکھوں سے ڈرنا نہیں ہے، اور پڑھو۔

یقین جانیے کچھ ہی عرصے کے بعد کہنے لگے: جی۔۔۔! پہلے تو خود آ کر کہتے تھے کہ جو پڑھنا ہے پڑھ لو اور پڑھو، ہم نہیں جانے والے۔ اور وہ اس لیے کہتے تا کہ ان کا یقین اللہ کے کلام سے ہٹ جائے۔ میں نے کہا: پیچھے مت ہٹنا بلکہ اور کثرت سے پڑھو۔ کہنے لگے اب تو وہ جنات خواب میں آ کر کہتے ہیں کہ۔۔" اچھا نہ پڑھو، ہم تمہیں کچھ نہیں کہیں گے"۔ میں نے ان سے کہا: کہ جنات کی بات نہ ماننا اور پڑھو۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ان کے گھر کے اندر صفائی ہو گئی۔

## ترس نہ کھایا ان بچوں پر۔۔۔؟

اور انہوں نے ایک عجیب خواب دیکھا، یہ خواب مجھے کئی لوگ بتاتے ہیں کہ" ایک مائی ہے، اس کیساتھ بچے بھی ہیں، چھوٹے سے، کبھی ایک کو پکڑتی ہے، کبھی دوسرے کو پکڑتی ہے، اور اس کے سر پر گٹھڑی ہے۔ وہ گھر سے نکل رہی ہے، اور اپنے بچوں کو پکار پکار کر کہتی ہے کہ نکلو۔۔۔! اس گھر سے نکلو۔۔۔! اب ہمیں نہیں رہنے دیتے یہاں۔ اور ہماری طرف دیکھ کر کہتی ہیں کہ:" ترس نہ کھایا ان بچوں پر۔۔۔؟ رحم نہ آیا ہمارے بچوں پر۔۔۔؟ ہمارے اتنے بچے مر گئے۔۔۔! چلو۔۔۔ نکلو۔۔۔ نکلو۔۔۔!" پورا قافلہ گھر سے نکل رہا ہے۔

## نادیدہ، بھینی بھینی سی خوشبو

یہ خواب سنا کر وہ مجھے کہنے لگے کہ: اب گھر کے اندر کوئی نادیدہ، بھینی بھینی سی خوشبو ہوتی ہے۔میں نے کہا نادیدہ سی خوشبو اس چیز کی علامت ہے کہ اللہ نے اپنی حفاظت کے فرشتے بھیجے ہیں، فرشتوں سے خوشبو آئے گی، شیاطین سے بدبو آئے گی۔یقین کریں۔۔۔!یہ ایک حقیقت ہے۔۔۔!فرشتوں کا نظام آنکھوں کے سامنے آتا ہے۔

## ایک بڑاالمیہ۔۔۔!

آج کل کا ایک بڑا المیہ یہ بھی ہے کہ بیٹیوں کے سر پر یہ چاندی آگئی، اور بیٹیاں گھر پر بیٹھے بیٹھے بوڑھی ہوگئیں، ان کے رشتے نہ ہوئے۔میں ان سے کہتا ہوں کہ پریشان نہ ہوں "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرو۔اور ذرا یقین سے کرنا اور چند دن، چند ہفتے یا چند مہینے تک نہ کرنا، اور جلدی بھی نہ کرنا۔۔۔!بس لگے رہنا۔۔۔! اللہ غیب کے خزانے سے اپنا وہ خاص نظام چلاتا ہے، اور پھر بیٹیوں کے ایسے رشتے ہوتے ہیں کہ عقلیں دنگ رہ جاتی ہیں کہ یا اللہ اس طرح کا جوڑ کہاں سے بن گیا۔۔۔؟

## کاروبار، رزق میں بندش، یا جادو، سحر اور حسد کا علاج۔۔۔!

جہاں بھی آپ کو محسوس کریں کاروبار میں بندش ہے، یا رزق میں بندش ہے، یا جادو ہے، یا سحر ہے، یا حسد ہے۔۔۔!جہاں بھی اس کا یقین ہو جائے یا شک ہو جائے اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" کو پڑھنا شروع کر دیں۔

اچھا اگر شک ہے تب پڑھیں گے تو کوئی گناہ نہیں۔یقین ہے تب پڑھیں گے تو عمل ہو جائے گا، اثر ختم ہو جائے گا، بس آپ یقین کی طاقت کے ساتھ اس عمل کو پڑھنا شروع کر دیں۔کیونکہ تو ساری دنیا میں تو پھر چکا۔۔۔! سارے عالم میں تو گھر چکا۔۔۔!تو در در جا چکا۔۔۔!مگر کہیں سے تیرا کچھ نہیں بنا۔دیوانگی تیری اپنی تھی کہ تو اللہ کے فرمان اور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان کو بھول گیا تھا۔۔۔!تو وہ طریقہ بھول گیا تھا اور جب واپس پلٹا تو کامیابی کے دروازے کھلے ہوئے تھے۔

## میری ساس تو چور ہے۔۔۔!

ایک بندہ مجھ سے کچھ کہنے لگا تو میں نے اس سے کہا کہ بھئی رات کو آجانا تو میں آپ کو ایک عمل بتائوں گا، ان شاء اللہ تمہارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔لاہور کینٹ میں رہتے ہیں، ان کا آخری بیٹا تھا، اس کی نئی نئی شادی ہوئی۔شادہ کے کچھ دن بعد ہی گھر سے سونے کے دو سیٹ چوری ہو گئے۔بہو کی تو چیخ نکل گئی۔۔۔! بہو کہنے لگی کہ ساس تو چور ہے، ابھی پندرہ دن نہیں ہوئے اور اس نے میرے سیٹ اٹھا لیے۔وہ بوڑھی مائی اور وہ صاحب میرے پاس آئے، اور یہ واقعہ سنایا۔میں نے کہا: دن رات اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" کار گر الگائو۔وہ مائی کے دو سیٹ تو چوری ہو گئے تھے، بیچاری بہت پریشان تھی۔

میں نے کہا پریشان نہ ہو اس عمل کار گڑ الگاؤ، اس عمل کو خوب پڑھو۔ کہنے لگی: کہ پڑھ تو لونگی مگر وہ میری بہو کے سونے کے سیٹ۔۔۔!؟ میں نے کہا: ان شاء اللہ واپس مل جائینگے، کر کے تو دیکھیں۔۔۔! اللہ دے گا۔۔۔! اس کو دن رات پڑھو۔۔۔ !

آپ یقین جانیے اس اللہ کی بندی بوڑھی مائی نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' دن رات پڑھا۔ کچھ دن کے بعد وہ مائی بتاتی ہے کہ میرے پرانے کپڑے وارڈروب میں پڑے تھے، اس میں سے میں نے جو کپڑے اٹھائے، تو کیا دیکھتی ہوں۔۔۔؟ وارڈروب کے پرانے کپڑوں کے اندر وہ زیورات پڑے ہوئے تھے۔ بس سیٹ کے بکس نہیں تھے۔ اس عمل کی آگ ان چور جنات کو ایسی لگی کہ انہوں نے وہ زیورات واپس دے دیے۔

## کند ذہن بچوں اور چوری کا خاتمہ

جس کا بچہ کند ذہن ہو اس کے لیے یہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بہترین عمل ہے جس کی گھر سے چوریاں ہوتی ہوں اس کے لئے یہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بہترین عمل ہے۔

## ظالم۔۔۔! تم اپنے ہو کر پریشان کرتے ہو۔۔۔؟

منڈی بہاؤالدین کا واقعہ ہے۔ ایک دینی مدرسے کا کیس میرے پاس آیا۔ مدرسے کے مہتمم نے کہا: جنات مدرسے کے بچوں کی تپائیاں (ڈیکسز) الٹ دیتے ہیں، ان کی چارپائیاں الٹ دیتے ہیں، بچوں کے اوپر گرم پانی ڈالتے ہیں۔

اور ایک بچے کا نام ظفر ہے جو مولانا غلام اللہ خان کی طرز پر قرآن پڑھتا ہے، حالانکہ وہ تجوید تو پڑھ نہیں سکتا، ابھی قرآن کا ابتدائی طالب علم ہے اور انہی کی طرز پر کھڑے ہو کر پھر قرآن کی تفسیر بیان کرتا ہے، اور بڑی کمال کی تفسیر بیان کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں جنات میں سے ہوں۔ جن اس کے اندر آتا تھا۔ وہ جن کہتا کہ میں ان سارے جنات کا امام ہوں اور ہم اپنی جماعت کراتے ہیں۔ مدرسہ مہتمم کہتا ہے کہ میں نے اس جن سے کہا: ظالم۔۔۔! تم اپنے ہو کر بھی ہمیں پریشان کرتے ہو۔۔۔؟ اس جن نے کہا: وہ فلاں مذہب کا آدمی ہے اس نے ہمیں آپ کے اوپر مسلط کیا ہوا ہے۔۔۔! ہم مجبور ہیں۔۔۔! ہم کیا کریں۔۔۔؟ ہم روتے بھی ہیں، اور آپ کو ستاتے بھی ہیں۔

## انوکھا واقعہ۔۔۔۔!

میں آپ کو انوکھا واقعہ بتا رہا ہوں۔ آپ یقین نہیں کریں گے۔ وہ کافی پریشان تھے، کہ اب ہم کیا کریں۔۔۔؟ میرے پاس آئے، کہا اب ہم تھک گئے ہیں، کیا کریں۔ میں نے ان سے کہا: اللہ خیر کرے گا۔۔۔! میں نے کہا اب ایسا کرو تم یہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' سارے طالب علموں کو کہیں کہ اسے پڑھیں۔ تم خود بھی پڑھو، اور مستقل پڑھو، پڑھتے پڑھتے ان کو 67 دن ہو گئے۔

وہ ’’ افحسبتماور اذان والا عمل‘‘ پڑھتے رہے۔ کوئی سخت ترین سحر تھا۔ جب 68 واں دن آیا۔ تو کہنے لگے وہ لڑکا طالب علم ظفر ہے نا۔۔۔؟ جس کے اوپر وہ جن آتا تھا، اور جس کے ذریعے وہ جنات ہم سے کلام کرتے تھے۔ وہ جن کافی پریشان ہے۔ پوچھا کیا ہوا۔۔۔؟ جن نے کہا کہ ’’ہمارے جنات مرنا شروع ہوگئے ہیں۔ تم ہم پر رحم کرتے ہوئے وہ عمل جو تم کر رہے تھے پڑھنا بند کر دو۔‘‘

میں نے مہتمم مدرسہ کو کہا: کہ رو کنامت، وظیفہ پڑھتے رہو، اب یہ جنات واپس پلٹیں گے اس کی طرف جس نے انہیں بھیجا تھا۔ وہ وظیفہ پڑھتے رہے۔ ایک دن ظفر کے ذریعے اس جن نے اس شخص کے بارے میں بتایا جس نے انہیں بھیجا تھا کہ اس کا پتہ یہ ہے، فلاں نام اور فلاں مذہب کا ہے۔ یہ کہہ کر ایک دم ظفر گرا اور بے ہوش ہوگیا۔ مدرسہ مہتمم نے مجھے فون کیا کہ ظفر بے ہوش ہو گیا ہے۔ میں نے کہا: مبارک ہو۔۔۔! سحر ٹوٹ گیا۔ اب جا کر ذرا اس بندے کا حال دیکھو، کہ اس کا کیا ہوا۔۔۔؟

اور وہ مر گیا۔۔۔! وہ جو ظالم، سفاک تھا۔۔۔!

اس دن تو وہ لوگ نہ گئے۔ اگلے دن گئے تو پتہ چلا کہ وہ بندہ فلاں وقت میں بیٹھے بیٹھے ایسا جھٹکا سا لگا اور وہ مر گیا۔۔۔! وہ جو ظالم تھا۔۔۔! سفاک تھا۔۔۔! اور وہ ڈنکے کی چوٹ پر کہتا تھا کہ میرے کیے کو کوئی توڑ کے دکھائے۔ اور پتہ نہیں کیا کیا۔۔۔؟

میں نے کہا: اسکو غسل دینے والے سے جا کر پوچھو کہ اس کا کیا حال تھا؟ غسل دینے والے سے انہوں نے جب تحقیق کی تو اس نے بتایا کہ اس کی ہڈیوں کا چورا ہوا پڑا تھا۔ کہنے لگا: جب میں اس کو نہلا رہا تھا تو اس کا جسم گٹھڑی سا بن جاتا تھا۔ ہوا یوں کہ جب وہ قوتیں جو ان دینی طلباء پر مسلط تھیں، اور جب ان کا پلڑا ابھاری ہوا اور وہ قوتیں واپس پلٹیں، تو انہوں نے جا کر اسے موت کی نیند سلا دیا۔

## بس پھر دیر کس بات کی...؟

اس قرآن وحدیث سے اخذ کردہ ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ کے واقعات میں اور کیا کیا بتاؤں آپ کو۔۔۔؟ کیا اپنے گھروں میں چین چاہتے ہیں۔۔۔؟ اپنے معاشرے میں چین چاہتے ہیں۔۔۔؟ اپنی طبیعتوں میں چین چاہتے ہیں۔۔۔؟ اپنے دل کی دنیا کا چین اور سکون چاہتے ہیں۔۔۔؟ تو بس پھر دیر کس بات کی؟ عمل یہی ہے یقین سے اس عمل کو کریں۔

☆☆☆☆☆☆

## کان کا شدید درد ٹھیک

ہماری دکان کے پاس ایک دکان دار ہے۔ ایک دن اس کے کان میں شدید درد تھا اس نے بھائی کو بتایا بھائی نے ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ پڑھ کر دم کیا تو کچھ دیر بعد کہنے لگا اب بہت بہتر ہے۔ (ابن ام حارث‘ لاہور)

## خرگوش ٹھیک ہوگئے

ہمارے گھر میں خرگوش ہیں اور ان میں سے ایک کو بیماری لگ گئی ہم نے پتا کیا تو پتا چلا کہ اس سے سب بیمار ہو جائیں گے اور سب مر جائیں گے ہم نے پر ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ شروع کر دیا اللہ کے فضل سے سب ٹھیک ہوگئے اور ان خرگوشوں نے اب بچے بھی دے دیئے ہیں۔(ابن ام حارث ' لاہور)

## کمپیوٹر ٹھیک ہوگیا

ہماری دکان پر کمپیوٹر خراب ہوگیا اور اس پر ضروری کام تھا بھائی نے بہت کوشش کی نہیں چلا... آخر تھک گیا اور اس کو بند کر دیا میں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ دم کر دیا اور پھر آن کیا تو صحیح چلنے لگا اور پھر کام مکمل کر لیا۔(ابن ام حارث ' لاہور)

## جنات ہم کلام ہوئے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! کے بعد عرض ہے کہ میں خیریت سے ہوں اور امید کرتی ہوں کہ آپ بھی خیریت سے ہونگے حکیم صاحب میں اس بات کو بڑی اچھی طرح مانتی ہوں کہ آپ نے میری زندگی کو سوفیصد بدل دیا ہے۔ میں اللہ کے کرم سے نہ صرف پانچ نمازیں پڑھتی ہوں بلکہ تہجد کی نماز بھی ادا کرتی ہوں۔ آپ کے بتائے چند اعمال کیے۔ جن کا ذکر کرنا ضروری سمجھتی ہوں مجھے بے حد فائدہ ہوا میرا یقین اللہ پر اور پھر آپ پر اور بھی بڑھ گیا ہے۔

مجھے یقین نہیں کہ جن ہم کلام ہوتے ہیں میں نے خواب دیکھا کہ ایک گندہ سا جن میرے سامنے آیا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے فلاں شخص نے بھیجا ہے میں بنگالی ہوں میں آپ کے ذہن میں خوف اور ڈر ڈالنا چاہتا ہوں آپ جھک جائیں۔ اسی خواب میں مجھے ایک بہت بڑی چھپکلی نظر آئی جس کو میں نے کوئی بڑا سا بٹن دیوار پر لگا تھا دبا کر زمین کے اندر دھکیل دیا۔ ایک دن حکیم صاحب میں نے آپ کو خواب میں دیکھا تو آپ مجھے آوازیں دے رہے ہیں۔ ادھر آؤ آمنہ یہ دیکھو تین بالٹیوں کے اندر جن ہیں۔ میں دیکھتی ہوں تو پانی کے اندر تین جن تھے۔

حکیم صاحب! ایک دن مجھے سارا دن ایک ہی آواز آتی رہی میرے خیال میں وہ شیطان کی بڑی اونچی آواز تھی کہ آج کے دن ہم بہت بڑی آگ لائے تھے تمہاری پڑھائی نے ٹھنڈی کر دی۔

حکیم صاحب دو دن پہلے میں نے ایک اور خواب دیکھا کہ کسی آفس میں میں کھڑی ہوئی۔ وہاں کی پرنسپل مجھے ایک پارٹی ارینج کرنے کیلئے کہتی ہے میں بھاگ بھاگ کر سارا کام کرتی ہوں۔ پھر ایک دیوار پر دیکھتی ہوں تو وہاں پر شیشے کی دیوار نصب تھی جس کو ایک موٹی ٹیپ سے جوڑ دیا گیا تھا وہ ٹوٹنے لگتی ہے۔ میں اپنا ہاتھ بڑھا کر اس کو گرنے سے روک دیتی ہوں۔ سارا اسٹاف حیران و پریشان ہو جاتا ہے۔ پرنسپل آواز دے کر کہتی ہے۔ ہمیں تمہارے

راز کا پتہ چل گیا کہ تم سارا کام کیسے کرتی ہو۔ تمہارے پیچھے حکیم طارق ہے اور تو کوئی وجہ نہیں۔ یہ سب باقاعدگی سے دو ٹائم اذان کی برکت اور وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے سے ہے۔

میرے گھر میں اس قدر جادو تھا میں سوچتی تھی کہ یہ کبھی بھی ختم نہیں ہو سکتا لیکن اذان کی برکت نے کمال کر دیا جب یہ ساری چیزیں میرے سامنے آتی ہیں تو میں دو سے تین بار روحانی غسل کرتی ہوں پھر سکون آجاتا ہے۔ (آمنہ' لاہور)

# لوگوں کو شفاء کیسے ملی

## (مجالس مجذوبی سے حاصل شدہ سچے مشاہدات)

"افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے کیسے، کیسے لوگوں کو شفاء ملی اور فائدہ ہوا اُن لوگوں کے سچے واقعات پڑھ کر آپ خود حیران ہو جائیں گے، اس میں میرا کوئی کمال نہیں بلکہ سو فیصد اللہ کے نام اور کلام ہی کی برکت ہے۔

## جنات کا حملہ، اور نجات

ایک صاحب جو کہ اسکول ٹیچر ہیں وہ کہنے لگے کہ ان کے ایک ہم منصب ساتھی کے ساتھ جنات کا مسئلہ تھا رات بارہ بجے کا وقت تھا کہ اچانک جنات کا حملہ ہو گیا "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے آدھے گھنٹے ہی میں جنات کے دورے سے شفاء مل گئی اور اب وہ اس عمل کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور مسلسل صحت یابی ہو رہی ہے۔

## بیوی اچانک بیمار ہوئی..... مگر شفاء پاگئی

رات کے وقت ہم سب گھر والے سو رہے تھے کہ اچانک بیوی کی طبیعت خراب ہو گئی اس کا جسم بالکل سن ہو گیا، میں نے ہاتھ لگا کر دیکھا تو بالکل ٹھنڈا تھا۔ میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا طریقہ بھول گیا تھا، ہسپتال لے گیا۔ وہاں ای سی جی اور شوگر دونوں نارمل تھیں رات کے تین بج گئے، گھر میں بچے اکیلے تھے، اسی پریشانی میں جسم کے نچلے حصے نے بھی کام کرنا چھوڑ دیا، بڑی بے چینی میں رات گزری۔ صبح انصاری صاحب سے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا طریقہ معلوم کیا اور گھر آ کر کان میں دم کیا تو دوپہر بارہ بجے تک بیوی بہت حد تک صحت یاب ہو گئی اور اب الحمدللہ اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے بالکل صحت یاب ہے۔ (عبدالمنان صاحب)

## 17 سالہ نفسیاتی مریضہ کی صحت یابی

ایک صاحب کہنے لگے کہ میری آنٹی کو 1994 سے دماغی تکلیف ہے بہت سے شہروں میں علاج کروایا اور ابھی کچھ عرصہ قبل لاہور مینٹل ہسپتال میں زیر علاج تھیں۔ ان کی بیماری اس نوعیت کی تھی کہ سر کپکپاتا تھا، جسم قابو میں نہیں رہتا تھا، اگر کام کرنے لگتیں تو کام ہی کرتی جاتیں وہم اور بدگمانی بڑھتی جارہی تھی، میں نے انھیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا انھوں نے ہر نماز کے بعد پابندی سے کرنا شروع کر دیا اور 15 دن مسلسل کرنے سے اب وہ بالکل نارمل ہیں اور انکے شوہر بھی یہ عمل کر رہے ہیں اس عمل کی برکت سے ان کی 17 سال کی تکلیف ختم ہو گئی۔

## ضدی بچوں کی فرمانبرداری

ایک اور صاحب کہنے لگے میرے ایک بچے کی عمر پانچ سال ہے، وہ رات کو بہت روتا جسکی وجہ میری بار بار آنکھ کھل جاتی اور نیند مکمل نہ ہو پاتی جسکا صبح کے نظام الاوقات پر بہت اثر پڑتا اور میں سارا دن ذہنی ٹینشن کا شکار رہتا بچے کی الگ پریشانی تھی سمجھ نہیں آتا کہ یہ روتا کیوں ہے مجھے کسی نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے کا کہا میں نے اسی دن شروع کر دیا اللہ پاک کا اتنا زیادہ کرم ہوا کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتا اب وہ بچہ نہایت ہی سکون کی نیند سوتا ہے اور دوسرا فائدہ میرے دوسرے بچوں پر بھی ہوا کہ وہ پڑھائی میں بالکل بھی دلچسپی نہیں لیتے تھے اور ضد بہت کرتے تھے اب انہوں نے ضد کرنا بھی چھوڑ دیا ہے اور پڑھنے میں بھی خوب دل لگاتے ہیں۔ (سلطان شاہ، سرگودھا)

## کمر کے مہروں کے درد میں کمی

ایک صاحب بتانے لگے ہمارے گھر جو کام کرنے والی آتی ہے اس کے شوہر کے سات مہرے ہل گئے تھے گھر میں نہایت ہی غربت تھی آپریشن کہاں سے کرواتے لہٰذا گھر میں مسلسل تکلیف کے ساتھ چارپائی پر لیٹے رہتا اور رات درد کی وجہ سے نہ خود سوتا اور نہ ہی گھر والوں کو سونے دیتا، گھر والوں کو غلیظ گالیاں بکنے لگ گیا تھا۔ میں نے اس کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا سب کو کرنے کی تاکید کی بالخصوص مریض کو۔ اب وہ مریض نہایت ہی سکون میں آگیا ہے رات بھی سکون سے سوتا ہے اور گالیاں بکنا بھی چھوڑ دی ہیں۔ (راشد فہیم صاحب، لاہور)

## دل کے دورے سے شفاء

ایک صاحب بتانے لگے: جس دفتر میں میں نوکری کرتا ہوں وہاں ایک ملازم ہے، ان کے والد صاحب سخت بیمار ہوئے، ان کے دل کی دھڑکن کا مسئلہ تھا، لاہور میو ہسپتال میں داخل کرا دیا گیا۔ کیس کیوں کہ سیریس تھا، اس لیے وہ آئی، سی، یو میں ایڈمٹ ہوئے وہ بہت پریشان تھا۔ میں نے اس کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔ اس نے شروع کر دیا، اس عمل کی برکت سے اس کے والد صاحب غیر یقینی طور محض اللہ کے فضل و کرم سے صحت یاب ہو کر گھر آگئے اور اب الحمدللہ ٹھیک ہیں۔ (غلام مجتبیٰ صاحب، لاہور)

## بون میرو کینسر سے شفایابی

ایک صاحب کہنے لگے: میری اہلیہ کو ٹائیفائیڈ بخار ہوا، اسکے بعد یرقان ہو گیا۔ ہسپتال میں داخل کرادیا تو ٹیسٹ پر ٹیسٹ شروع ہو گئے، بعد میں پتا چلا کہ خون نہیں بن رہا اور ریڈ بلڈ سیلز کم ہیں کیونکہ جگر نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے پھر بعد میں پتہ چلا کہ بون میرو کینسر کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے، اس دوران میں جمعرات کے درس میں آیا تو آپ نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا ارشاد فرمایا میں ہسپتال جا کر اپنی بیٹی کو اور جو بھی عیادت کے لیے آتا اس کو سات، سات مرتبہ اس عمل کو کرنے کے بعد دم کرنے کا کہتا نہایت پابندی کے ساتھ اس عمل کو کرتے رہے۔

ڈاکٹروں نے جواب دے کر عمران خان ہسپتال جانے کا کہا لیکن اللہ پاک کا نہایت ہی کرم ہوا کہ اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" کو کریم نے ان کی صحت یابی کا ذریعہ بنا دیا۔

## جسم کے درد کا علاج

سوا تیرے نہیں ہے کوئی سنگ در اپنا

کوئی حاجت ہو رکھتا ہوں تری چوکھٹ پہ سر اپنا

ایک صاحب کہنے لگے کہ: میری اہلیہ کے جسم میں بہت سخت تکلیف شروع ہو گئی، درد اتنا شدید تھا کہ گھر والے اسپتال لے جانے پر مجبور ہونے لگے میں جس وقت گھر پہنچا تو اس وقت پتہ چلا کہ درد میں کمی ہے، کیونکہ اہلیہ نے سات مرتبہ اذان پڑھ کر دم کیا تھا اس کے بعد میں نے پورا "افحسبتم اور اذان والا عمل" دونوں پڑھ کر دم کیا تو درد ایسے غائب ہو گیا کہ جیسے کبھی درد تھا ہی نہیں، اہلیہ خود بھی بہت حیران و پریشان ہوئی کہ اتنا شدید درد صرف کلام الٰہی کی برکت سے ٹھیک ہو گیا اور اس کے بعد دوبارہ بھی نہیں ہوا سچ ہے بندہ اللہ پاک سے جیسا گمان کرتا ہے اللہ کریم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی فیصلہ فرماتے ہیں اگر وہ اللہ پر یقین کامل کر لے تو وہ بھی اس کے لیے کافی ہو جاتے ہیں۔ (مقبول احمد صاحب، سول سیکرٹریٹ)

## برین ہیمرج سے شفایابی

ایک صاحب کہنے لگے میں ایک بڑی موبائل کمپنی میں ہوتا ہوں، تسبیح خانے کے درس سے جو بھی پیغام ملتا ہے اس کو دوسروں تک پہنچاتا ہوں۔ اس رمضان المبارک کی بات ہے کہ میرے ڈرائیور کے کسی عزیز کو برین ہیمرج ہو گیا، مریض ICU میں زیر علاج تھا لیکن ڈاکٹروں نے جواب دے دیا وہ ڈرائیور بہت پریشان تھا۔

میں نے اس کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہر آدھے گھنٹے بعد کرنے کا کہا، ان سب لوگوں نے مل کر کرنا شروع کر دیا مجھے بتایا کہ طبیعت بہتر ہوئی ہے لیکن ڈاکٹروں نے چوبیس گھنٹے کی زندگی باقی رہنے کا بتایا ہے۔ میں نے پوچھا مسئلہ کیا ہے؟ کہنے لگے کہ مریض کا بلڈ پریشر کم نہیں ہو رہا۔ میں نے کہا عمل

کو جاری رکھیں اور یقین سے کریں شافی الامراض نے اپنی قدرت سے ایسی شفاء دی کہ شام چھ بجے ڈاکٹروں نے مریض کو چھٹی دے دی اور کہا کہ آپ کا مریض اب بالکل ٹھیک ہے اور مریض خود چل کر گھر واپس آ گیا۔

## ڈینگی کا شافی علاج

ایک دوسرے صاحب نے بتایا کہ: میرے ایک دوست کے بھائی کو تین دن پہلے ڈینگی بخار ہو گیا، وہ میو ہسپتال میں داخل تھے، میں ان کی عیادت کے لیے گیا، حال واحوال کے بعد ان کے ایک بھائی کو تاکید کی کہ آپ یہیں بیٹھ کر "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہر آدھے گھنٹے بعد کرتے رہیں اور مسلسل کرتے رہیں، اور دوسرے بھائی سے کہا کہ آپ باہر کے کام کاج کر لیا کریں۔

جب میں انکی عیادت کرنے گیا تھا اس وقت ان کے پلیٹ لیٹس 67 ہزار تھے اسکے بعد اور کم ہوتے ہوتے 50 ہزار تک رہ گئے، مجھے پتا چلا تو میں نے کہا کہ: ناامید نہ ہونا۔۔۔! "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرتے رہو، انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔ انہوں نے دوبارہ نئے عزم کے ساتھ عمل شروع کیا۔ اگلے دن ہی ان کے پلیٹ لیٹس بالکل نارمل ہو گئے اور ڈاکٹروں نے کہا: اب آپ جاسکتے ہیں۔

## ڈینگی بخار کا مجرب نسخہ

دو روز قبل مجھے ڈینگی بخار تھا، میں نے بچوں کو آپ کے پاس بھیجا اور اپنی صورت حال عرض کرنے کا کہا، لیکن ملاقات نہ ہو سکی، مجھے یاد آیا کہ آپ نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا ڈینگی بخار میں مجرب ہونا بتایا تھا، میرے بچے نے یہ عمل کر کے میرے کان میں دم کیا، اس سے مجھے بہت افاقہ ہوا اور آج الحمدللہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ (میاں طارق صاحب، لاہور)

## جنات کی حاضری سے پانچ منٹ میں نجات

ایک صاحب کہنے لگے کہ مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ اپنے گاؤں ایبٹ آباد میں عید کرنے کا اتفاق ہوا، وہاں میرے ایک چچا فوت ہو گئے تھے، تمام عزیز واقارب ان کے گھر جمع تھے وہاں میرے پھوپھی زاد بھائی کو اچانک جسم میں درد ہونا شروع ہو گیا اور جنات وارد ہونے جیسی کیفیت پیدا ہو گئی۔ میرے چچازاد بھائی نے اذان پڑھنا شروع کر دی اور جیسے ہی "حی علی الصلوۃ" پر پہنچا۔۔۔! تو مریض نے زور زور سے اپنا ہاتھ دیوار پر مارنا شروع کیا اور بے ہوش کر بیٹھ گیا، جتنے لوگ جمع تھے سب گھبرا گئے۔

میں دوسرے کمرے میں تھا، لوگوں نے مجھے بلایا اور کہا: آپ نے جو عمل بتایا تھا ہم نے وہ کیا، لیکن اس اذان پوری بھی نہ ہونے پائی تھی کہ یہ بے ہوش ہو گیا۔ میں نے اس کو ہاتھ لگایا تو ہاتھ پاؤں بالکل ہی ٹھنڈے تھے اور ایسے لگ رہا تھا جیسے جسم سے جان نکل گئی ہو، اسکے چہرے کا رنگ بھی زرد

ہو گیا تھا۔ میں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کیا اور چچازاد بھائی سے کہا کہ وہ بھی کرے، ہم نے جیسے ہی اس کے کان میں دم کیا تو اس نے ایک دم آنکھ کھولی اور اس کے جسم کی ساری جان واپس آ گئی۔

اس عمل کو مکمل کرنے میں صرف پانچ منٹ لگے، جتنے لوگ جمع تھے وہ سب حیران ہو گئے اور میں اللہ پاک کا شکر ادا کرتا رہا کہ اللہ کریم نے کتنی کرم نوازی فرمادی۔ پھر اس کے بعد سب لوگ مجھ سے اس عمل کا پوچھنے لگے کیونکہ اس عمل کے کمال کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کر چکے تھے۔

## نئے گھر میں آسیب کے اثرات سے چھٹکارا

میں کچھ عرصہ قبل ایک نئے گھر میں اپنی فیملی کے ساتھ شفٹ ہوا تو وہاں عجیب معاملہ تھا رات کو سائے محسوس ہوتے، کبھی واضح طور پر ڈرائونی آوازیں سنائی دیتیں۔ کئی عاملوں سے علاج کے لیے رجوع کیا تو یہ بتایا گیا کہ گھر میں آسیب و جنات کے اثرات ہیں۔ بعد میں قریب کے محلے والوں سے بھی پتہ چلا کہ اس گھر میں تو واقعی سخت ترین اثرات ہیں، میں بہت پریشان ہوا۔

سرگودھا ایک دوست سلطان شاہ نے مجھے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ دیا میں نے اور اہلیہ نے پابندی سے کرنا شروع کر دیا۔ اب اللہ کے فضل سے آسیب کے تمام اثرات ختم ہو چکے ہیں لیکن ہم ابھی تک اس عمل کو پابندی کے ساتھ کر رہے ہیں اور ساری زندگی کرنے کا ارادہ ہے اور اس کے علاوہ بھی گھر میں بہت خیر و برکت ہے۔

## اور جب پریشانیوں کی انتہاء ہوئی۔۔۔!

محمد نعیم انور صاحب لالہ موسیٰ سے لکھتے ہیں:

ہمارے گھرانے پر سخت آسیب اور کالا جادو تھا۔ جس کی وجہ سے گھر والے کافی پریشان تھے۔ اور حالت یہ تھی کہ میری بیوی اور والدہ پر کبھی پانی کے اور کبھی خون کے چھینٹے پڑتے تھے۔ اور انسان تو انسان۔۔۔! اس جادو، جنات کی وجہ سے تو گھر کے پالتو پرندے بھی مر جاتے تھے، یہاں تک کہ مرغی کے چوزے بھی زندہ نہیں رہتے تھے۔

اکثر ایسا ہوتا کہ والدہ اور بیوی کے رات کو سوتے ہوئے کوئی بالوں میں گرہ لگا دیتا، اور پھر جتنا چاہے جتن کر لو بال کٹوائے بناء کوئی چارہ بھی نہ ہوتا تھا۔ واش روم میں پانی کا گرنا، اہم و قیمتی اشیاء کا غائب ہو جانا، عورتوں کے ہنسنے کی آوازیں آنا، اور والدہ کا مستقل بیمار رہنا۔۔۔! یہ سب تو جیسا معمول کا کام ہو گیا تھا۔ ان سب مسائل کے حل کے لئے ہم نے آپ کے حکم کے مطابق ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھا۔ اب تمام حالات ٹھیک ہو گئے ہیں۔ الحمدللہ۔ گھر میں سکون آ گیا ہے۔ خبیث جادو، جنات کا اثر بالکل ختم ہو گیا ہے۔

## باجی صحت یاب ہوگئی

میری بڑی ہمشیرہ بہت زیادہ بیمار تھیں اور نقاہت کے باعث ہر وقت چارپائی پر پڑی رہتیں حتیٰ کہ پیشاب کیلئے بھی اٹھ کر نہیں جاسکتی تھیں ہم بہت زیادہ پریشان تھے حضرت جی دامت برکاتہم نے ان کیلئے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کرنے کا حکم فرمایا میں نے اور میری والدہ نے اسی دن سے یہ عمل شروع کر دیا اور اب وہ آہستہ آہستہ ٹھیک ہوتی جارہی ہیں ان کی حالت پہلے سے کافی بہتر ہوگئی ہے روزانہ 5/7 مرتبہ ہم یہ عمل کرتے ہیں اور اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے میری باجی کو صحت یاب کر دیا ہے۔(خدا بخش صاحب)

☆☆☆☆☆☆

# دنیا بھر سے انٹرنیٹ کے ذریعے حاصل شدہ مشاہدات

محترم قارئین! آج لوگوں کی بے بسی اور پریشانی قابل رحم ہے جس طرح آسائشات اور سہولیات کا سامان بڑھتا جارہا ہے، روزنت نئی ایجادات اس جسم کے سکون کے لیے متعارف کرائی جارہی ہیں اتنی ہی زیادہ پریشانیاں مصیبتیں تکلیفیں بھی بڑھتی جارہی ہیں۔ای میل کے ذریعے ہزاروں پریشان لوگوں کے پیغامات دنیا بھر سے موصول ہوتے ہیں جو ان لوگوں کی زندگی میں ہر نعمت ہونے کے باجود بھی بے سکونی کو ظاہر کرتے ہیں کیونکہ اس کی اصل وجہ احوال نہیں بلکہ انسان کے اپنے اعمال ہوتے ہیں۔

اور جبکہ اس انسانی مشینری کو بنانے والے خالق کا فیصلہ یہ ہے کہ '' سکون کی زندگی کا نظام میری یاد میں ہے'' یہی وجہ ہے کہ ہمیں اولیاء کی زندگی میں تکلیفیں ہونے کے باجود بھی پریشانی نظر نہیں آتی۔

ذیل میں کچھ روحانی تجربات و مشاہدات تحریر ہیں، جو ہمیں دنیا بھر سے ہمارے سننے والے ای۔میل، فیس بک کے ذریعے ارسال کرتے ہیں۔

## بخار کی تپش میں یاد الٰہی سے ٹھنڈک

مجھے بخار نے نڈھال کرکے رکھ دیا تھا ہر وقت متلی کی کیفیت رہتی کچھ کھانے کو دل نہ چاہتا کسی سے ملنے کو طبیعت نہ ہوتی مجھے میری دوست نے آپ کی ویب سائٹ کی رہنمائی کی اس پر میں نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' خود ہی تجویز کرکے کرنا شروع کر دیا اللہ کے فضل سے میرا بخار ڈھلتی شام کی طرح اترنا شروع ہوگیا اور اب مجھے جب بھی کوئی تکلیف ہوتی ہے میں یہی عمل کرتی ہوں اللہ کے فضل سے ٹھیک ہو جاتی ہوں۔(اسماء رمضان)

## تکلیف بہت ہی کم ہو گئی !...

ایک اور خاتون نے لکھا: مجھے بخار کی وجہ سے سخت تکلیف تھی، دوائیاں کھاتی رہی لیکن تکلیف کم نہ ہوئی، ایسی عجیب کیفیت تھی کہ ذکر کی بھی ہمت نہیں ہو رہی تھی، بڑی ہمت کر کے میں نے دل ہی دل میں سورہ مومنون کی آخری چار آیات پڑھنا شروع کر دیں۔ تکلیف اتنی زیادہ تھی کہ میں اٹھ بھی نہیں پا رہی تھی اور ان آیات کے پڑھنے سے اتنا فائدہ ہوا کہ تکلیف بہت ہی کم ہو گئی۔ (پروفائل نام۔Bee Kay)

## روتے بچوں کو چپ کرانے کا عمل

ہمارے ایک عزیز ہیں ان کی بچی اکثر رات سوتے وقت ڈر جاتی اور نہایت ہی زور سے رونا شروع کر دیتی۔ انھوں نے بہت سے عاملوں کو دکھایا، انھوں نے کئی تعویذات اور وظائف دیئے، وقتی طور پر فائدہ تو ہو جاتا اور کچھ دنوں کے لیے فرق پڑتا، لیکن کچھ دنوں بعد دوبارہ رونا شروع کر دیتی۔ میں نے انھیں اذان والا عمل کرنے کا کہا۔ بچی کی والدہ نے کرنا شروع کر دیا۔ اللہ پاک کے فضل و کرم سے اس بچی کا رونا ختم ہو گیا اور اس کا رات کو ڈرنا بھی ختم ہو گیا۔

رات کو ڈرنے اور رونے والے بچوں کے لیے یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے کیونکہ بعض اوقات بچے کا رونا شیطان کی شرارت کی وجہ سے ہوتا ہے اور جہاں یہ عمل پڑھا جاتا ہے شیطان اس جگہ سے بھاگ جاتا ہے۔

اللہ کے ہاں نہ دیر ہے اور نہ ہی اندھیر!...

سر محشر بھی اختر پر کرم کی اک نظر کر دے

اور اپنے فضل سے وہ آخری مشکل بھی سر کر دے

بڑا مشہور مقولہ ہیکہ: اللہ کے یہاں دیر ہے، اندھیر نہیں...! مگر میرے ساتھ جو ہوا، اس سے پتہ یہ چلتا ہے کہ اللہ کے ہاں نہ دیر ہے اور نہ ہی اندھیر...! اس کا مشاہدہ میں نے اپنی آنکھوں سے یوں کیا کہ تین دن پہلے میرے سر میں بہت زیادہ درد تھا۔ چکر، سستی بھی تھی۔ اور ذہن بہت زیادہ بوجھل تھا، صبح سے شام تک کوئی بہتری نہ آئی۔ میں نے مغرب کی نماز کے بعد "افحسبتم اور اذان والا عمل" کیا، آپ یقین کریں کہ مجھے ابھی پانچ منٹ بھی نہیں گزرے تھے کہ اللہ کے فضل و کرم سے میں بالکل تازہ دم ہو گیا اور میرا اللہ کے کلام پر یقین اور زیادہ بڑھ گیا۔ (بلال بٹ)

## سعادت مند بیٹے کی بیمار، پریشان ماں

میری آنٹی کو کافی تکلیف تھی، جس کی وجہ سے بستر کی ہو کر رہ گئی تھی۔ گھر والے علاج کے لیے جو جہاں بتاتا...وہ انہیں لے جاتے۔ سب کی پریشانی بڑھتی جارہی تھی، کچھ سمجھ نہ آتا کہ کیا کریں... ؟ان کے بیٹے کو نیٹ پر کہیں سے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' مل گیا۔ اس نے نہایت ذوق وشوق اور دلی جذبے کے ساتھ اپنی والدہ پر پڑھ پڑھ کر دم کرنا شروع کر دیا اور آج میری آنٹی کا عالم یہ ہے کہ ان کو آرام آنا شروع ہو گیا ہے اور اب وہ بہت بہتر ہیں۔ (فیصل مجید)

دعا کے لیے ہم لفظ کیا ڈھونڈتے
ہم اشکوں میں ڈھل کر دعا بن گئے

## گردن کے درد میں شفایابی

میری گردن میں کافی درد اور کچھاؤ تھا جس کی وجہ سے بے چینی رہتی اس عمل کی برکت سے اب کافی آرام ہے۔ (سعدیہ بتول)

بلیو آئز (پروفائل نام) نے بھی اسی قسم کا واقعہ لکھا ہے کہ: میری گردن میں شدید درد تھا وہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کی برکت سے بالکل ٹھیک ہو گیا۔ (بلیو آئز)

## میری بہن کی بیمار مرغیاں

میری چھوٹی بہن کو مرغیاں پالنے کا بڑا شوق ہے۔ وہ بازار سے مرغیاں منگاتی۔ کچھ دن میں وہ بیمار ہو کر مر جاتی۔ اس طرح کرتے کرتے اس نے چار مرغیاں منگوائیں چاروں مر گئیں۔ پانچویں منگوائی تو بھی بیمار پڑ گئی۔ میں نے اُسے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کا بتایا۔ اب وہ باقاعدگی سے یہ عمل کر کے اس مرغی پر پھونک دیتی ہے، اب اللہ کے فضل سے وہ مرغی بالکل ٹھیک ہے اور انڈے بھی دینے لگ گئی ہے۔ (رافعہ سلطانہ عظیمی)

## بہن کو سر درد سے شفاء

میری چھوٹی بہن کے سر میں شدید درد تھا۔ رات کو سو نہیں پا رہی تھی، اس کی وجہ سے والدہ بھی جاگ رہی تھیں۔ مجھے کافی دیر بعد پتہ چلا تو میں نے اس کے سر دبانے کے ساتھ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کر کے اس پر پھونکنا شروع کر دیا، پندرہ سے بیس منٹ میں اس کے سر کا درد بالکل ختم ہو گیا۔ (محمد قاسم)

## کمر کے مہروں کا دیرینہ مسئلہ حل

مجھے کافی عرصے سے کمر کے مہروں کی تکلیف تھا۔ اچھا بھلا ہوتے ہوئے بھی معذور تھا۔ کافی علاج کیا مگر مستقل فرق نہیں پڑا۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے ڈینگی کا بخار اور کمر کے مہروں کا مسئلہ حل ہوا۔ (محمد عثمان)

## مرگی سے دماغ کا ایک حصہ متاثر تھا

میرے بیٹے کو بہت زیادہ دورے پڑتے تھے، وہ اچانک گر پڑتا اور اس کے منہ سے خوفناک آوازیں نکلتیں، مرگی کی وجہ سے اس کے ایک دماغ کا حصہ بھی متاثر تھا، جب سے "افحسبتم اور اذان والا عمل" شروع کیا دورے پڑنے کا جو مسئلہ تھا، اس میں بہتری آئی ہے اور زمین پر گر جانے میں بھی کمی آئی ہے۔ (سعدیہ انور)

## بیٹی کی تصویر پر دم کیا

میں انڈیا کا شہری ہوں اور وہیں پہ رہتا ہوں۔ میری بیٹی دوسرے شہر میں ہوسٹل میں بہت بیمار تھی۔ امتحان کے دوران فون کرکے ہمیں آگاہ کیا۔ میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" اس کی تصویر پر پڑھ کر دم کیا اللہ نے اس عمل کی برکت سے اسے شفا دے دی۔ (معین انصاری، انڈیا)

## "افحسبتم اور اذان والا عمل" زندہ باد

گذشتہ دنوں میری طبیعت بہت خراب تھی۔ مجھے یاد آیا کہ حضرت صاحب نے اپنے درس میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر کانوں میں پھونکنے کا فرمایا تھا۔ میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھا۔ اس عمل کی برکت سے الحمدللہ میری طبیعت بہت اچھی ہوگئی ہے۔ (نورالصباح شفیق۔ فن لینڈ)

## واشنگ مشین ٹھیک ہوگئی

کل میری واشنگ مشین چلتے چلتے بند ہوگئی، بہت کوشش کہ چل پڑے مگر بے سود۔ پھر میرے دل میں خیال آیا تو میں نے سات مرتبہ اذان پڑھ کر مشین پر پھونک ماری تو میری واشنگ مشین ٹھیک ہوگئی اور میرا مسئلہ حل ہوگیا۔ الحمدللہ۔۔۔۔۔۔!(زارا شاہ، فرانس)

## حیرت انگیز اور لاجواب وظیفہ

میرے ایک انکل قومہ میں چلے گئے مجھے پتہ چلا تو میں نے ان کی بیوی کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا بتایا تو جب انہوں نے پڑھنا شروع کیا... آپ یقین کریں...! اسی دن انہوں نے آنکھیں کھولیں، اور ایک بازو اور ٹانگ میں بھی حرکت ہوئی۔ اب اللہ کا شکر ہے کہ میرے انکل آہستہ آہستہ ٹھیک ہورہے ہیں۔ یہ سب اللہ پاک کے کلام کا اثر ہے۔ (رابعہ قریشی، اسلام آباد)

## روتی بیٹی پر سکون ہو گئی۔۔۔!

میں اپنی بیوی اور اپنی ایک سال کی بیٹی کے ساتھ ڈرائیو پر تھا کہ نہ جانے ایک دم میری بیٹی کو کیا ہوا...؟ وہ اچانک زور زور سے رونے لگی۔ میری بیوی نے چپ کرانے کی بہت کوشش کی، مگر وہ خاموش نہ ہوئی...! میں نے فوراً اذان والا عمل شروع کر دیا۔ ابھی میں نے اذان تین دفعہ پڑھ کر ہی دم کیا تھا کہ اللہ کے نام کی برکت سے اسی وقت چپ ہو کر سو گئی۔ (محمد عمران یونس)

## کلام الٰہی کا کمال

میری آٹھ سالہ بچی بہت زیادہ رونے لگی۔ اور ضد کرتے ہوئے زمین پر گھسٹنے لگی۔ میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنا شروع کر دیا۔ وہ بار بار کہتی کہ اماں یہ (عمل) نہ پڑھو، اور پھر کچن کا دروازہ اندر سے بند کر کے اور زیادہ اونچی آواز میں چیخنے لگ گئی۔ آخر کار "افحسبتم اور اذان والا عمل" مکمل ہوتے ہی سکون میں آئی۔ یہ صرف کلام الٰہی کا کمال ہے۔ (نگہت شفیق، روم، اٹلی)

## زود اثر، قوی الاثر عمل

ایک ہفتہ قبل ہم ہسپتال میں تھے۔ وہاں ایک بزرگ بہت زیادہ علیل تھے۔ اور اسی وجہ سے ان کے گھر والے بہت پریشان تھے۔ میری والدہ نے انہیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔ انہوں نے یہ عمل پڑھا۔ اس سے ان بزرگ کی طبیعت کافی بہتر ہو گئی۔ (نگہت شفیق، روم، اٹلی)

## دوائیوں سے میری جان چھوٹ گئی

میں اور میرے شوہر فن لینڈ یورپ میں بغرض تعلیم مقیم ہیں۔ 2008 میں میرا کڈنی ٹرانسپلانٹ ہوا تھا، مجھے بہت ساری میڈیسن کھانی پڑتی تھی۔ میرے سسر جو بہاولپور کے رہنے والے ہیں، نے مجھے عبقری دیا۔ میں نے یورپ آ کر عبقری کی ویب سائیٹ کا وزٹ کیا۔ جہاں مجھے حضرت صاحب کے درس بھی سننے کو ملے۔ حضرت صاحب کے درس ہدایت سے میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" اور وضو کے بعد تین گھونٹ والا عمل اپنی بیماری کی نیت کر کے شروع کر دیا۔ میں دو قدم چل بھی نہیں سکتی تھی، مگر آج الحمدللہ ایک نئی اور صحت مند زندگی گزار رہی ہوں۔

میں اور میرے شوہر حضرت صاحب کا درس بہت شوق اور وظائف بڑے ذوق سے کرتے ہیں۔ میں تو جنون کی حد تک دیوانی ہوں درس سننے کی۔ عبقری کا پیغام آگے پھیلانے کی بھی کوشش کرتے ہیں، الحمدللہ بہت سے لوگ اس طرف راغب ہوئے۔ (مسز شفیق سیدہ نور الصباح اختر، فن لینڈ، یورپ)

## یقین کا ہونا بہت ضروری ہے

"افحسبتم اور اذان والا عمل" جو حضرت جی نے بتایا ہے، اس کے بہت سارے فوائد ہیں۔ میں نے اس عمل کو کئی بار کیا ہے۔ اور جب بھی کیا فوراً رزلٹ ملا۔ ان میں ایک فائدہ جو مجھے ہوا، وہ یہ ہے کہ اگر کوئی بچہ بلاوجہ رو رہا ہو، یا بہت تانگ کرتا ہو، آپ کے قابو میں نہ آتا ہو تو اُسی وقت "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ بچہ فوراً سکون میں آجائیگا۔ بس عمل کو کرنا اور اس پر یقین کا ہونا بہت ضروری ہے۔ (خواجہ محمد عمران یونس، جدہ، سعودی عرب)

## مچھلی کا کانٹا نکل گیا

میری بہن کے حلق میں مچھلی کا کانٹا بہت بری طرح پھنس گیا تھا۔ میڈیکل رپورٹس دیکھ کر ڈاکٹرز نے آپریشن کا کہا، کیونکہ مچھلی کا کانٹا حلق میں دونوں طرف سے گوشت میں پیوست ہو گیا تھا۔ اور ڈاکٹرز نے یہ بھی کہا تھا کہ دورانِ آپریشن سانس کی نالی بھی کٹ سکتی ہے۔ اسی وجہ سے جب میری بہن نے مجھ سے بات کی تو اس نے یہی کہا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ ہماری آخری بات ہو۔ اور وہ اسی بات کو لے کر بہت پریشان تھی۔

میں نے اپنی بہن کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" اور وضو کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل بتایا۔ اگلے دن میں نے کال کی، تو انہوں نے بتایا کہ طبیعت کافی بہتر ہے۔ پھر اُسی رات اس کا فون آیا، اور اس نے بتایا کہ اب مجھے مکمل آرام آگیا ہے۔ الحمدللہ میں نے کھانا بھی کھایا اور پانی پیتے ہوئے کوئی تکلیف بھی نہ ہوئی۔

میرے کہنے پر اس نے دوبارہ سے سارے میڈیکل ٹیسٹ کروائے۔ اس کے سارے رپورٹس بالکل کلیئر آئے۔ اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کا بھلا کرے جو وہ اتنے قیمتی اور آسان اعمال ہمیں بتاتے ہیں۔ (شازیہ یاسمین)

## جنات بہت تنگ کرتے تھے۔۔۔!

میں نے کچھ لوگوں کو اذان والا عمل بتایا۔ انہیں بہت فائدہ ہوا۔ ایک صاحب کو جنات بہت تنگ کرتے تھے۔ جب وہ قرآن پڑھتے تب بھی جنات باز نہیں آتے تھے۔ کبھی کوئی چیز پھینک دیتے، کبھی کوئی لباس کھینچتا۔ کبھی کوئی روتا، کبھی کوئی ہنستا۔ اور نماز کے وقت تو بہت زیادہ تنگ کرتے تھے۔

وہ صاحب کچھ پڑھتے تو تھے، مگر فائدہ وقتی ہوتا تھا۔ میں نے انہیں اذان والا عمل کرنے کا بتایا۔ جب سے انہوں نے اذان والا عمل شروع کیا ہے، تب سے کسی نے تنگ نہیں کیا، اور عبادت میں بھی آسانی ہوئی، سب سے بڑھ کر ان کی زندگی میں سکون آگیا۔ (سیدہ قرۃ العین، لندن)

## خوشگوار اور پر مسرت زندگی گزاریں

ایک جاننے والی خاتون ہیں۔ انہیں کچھ پریشانیاں تھیں۔ وہ چاہتی تھی کہ ہنسی خوشی، خوشگوار اور پر مسرت زندگی گزاریں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ کچھ بھی نہ کریں۔ بس صبح اٹھ کر سات مرتبہ اذان پڑھ لیا کریں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اس عمل کی برکت سے اس کے سارے کام درست ہو گئے۔ گھر میں سکون، زندگی میں چین آگیا۔ نماز اور قرآن کی برکتیں آگئیں۔ سبحان اللہ۔۔۔! (سیدہ قرۃ العین، لندن)

## نانا ابو کے جنات کی توبہ

گذشتہ دنوں کی بات ہے کہ میں اپنے گائوں گیا۔ وہاں نانا ابو کی طبیعت اچانک بہت زیادہ بگڑ گئی اور ایسے لگ رہا تھا جیسے ان پر جنات وغیرہ کا چکر ہے، کیونکہ ان کا جسم بالکل اکڑ گیا تھا اور وہ چارپائی پر ہاتھ پاؤں مارتے ہوئے اچھلنے لگے۔ میں اس وقت چھت پر تھا، میری چھوٹی بہن نے مجھے آواز دی، میں نے نیچے آکر دیکھا تو اس وقت چار بندوں نے انہیں ٹانگوں اور بازوئوں سے پکڑا ہوا تھا مگر وہ پھر بھی قابو میں نہیں آرہے تھے۔

مجھے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ یاد آیا۔ تو میں نے سات بار اذان پڑھی اور سورۃ مومنون کی آخری چار آیات ابھی تیسری ہی مرتبہ پڑھ رہا تھا کہ ان کی طبیعت سنبھلنا شروع ہوگئی اور تھوڑی دیر میں وہ بالکل ہوش میں آگئے، لیکن تھوڑی دیر بعد ان کی آنکھیں دوبارہ الٹ گئیں اور وہ دوبارہ پہلے سی کیفیت میں مبتلا ہو گئے۔ میں نے سوچا کہ شاید میرے عمل کرنے میں کمی آگئی ہے۔ میں نے دوبارہ وہی عمل شروع کر دیا اور سات مرتبہ اذان پڑھ کے ابھی چوتھی مرتبہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ رہا تھا کہ وہ ہوش میں آگئے۔ اور ان کے منہ سے جو جنات کی آواز آئی، وہ یہ کہہ رہے تھے کہ ”: ہم جارہے ہیں۔۔۔! السلام علیکم۔۔۔ ہم جارہے ہیں۔۔۔!“ اور اس کے ساتھ ہی ان کی طبیعت بحال ہو گئی۔ (محمد رضوان، گوجرانوالہ)

## پاورفل عمل

”افحسبتم اور اذان والا عمل“ بہت پاورفل عمل ہے۔ جنات اور آسیب کے زیر اثر مریض بذریعہ فون دم کرنے سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔ الحمد للہ۔۔۔! (احمد علی سبحانی، کراچی)

## منت تو بڑی چیز ہے۔۔۔ بس چند سیکنڈز

دسمبر 2011 سے عبقری کی قاری ہوں۔ نیٹ پر باقاعدہ درس بھی سنتی ہوں۔ دل اور روح کو بہت سکون ملا ہے۔ میرے سر میں شدید درد تھا، ایسا لگ رہا تھا جیسے سر پھٹنے والا ہو، متلی بھی بار بار آرہی تھی۔ میں نے اول و آخر درود شریف پڑھ کر سات بار اذان پڑھی، اور یہ عمل کر کے پہلے اپنے دائیں کندھے پر، پھر اپنے بائیں کندھے پر دم کیا۔

منٹ تو بڑی چیز ہے۔۔۔ چند سیکنڈز ہی میں میرا سر درد فو چکر ہو گیا۔ اور ایسے غائب ہوا کہ جیسے درد تھا ہی نہیں۔ اللہ آپ کو اور پوری عبقری ٹیم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (فیروزہ گل، کراچی)

## مجھے بہت فائدہ ہوا۔۔۔!

حضرت حکیم صاحب نے میرے ڈھائی سالہ بیٹے کے لئے "افحسبتم اور اذان والا عمل" دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اس کا بہت فائدہ ہوا۔

1: میرا بیٹا پیدائش کے بعد سے ہی پیچش کی بیماری میں مبتلاء تھا۔ ہر طرح کا علاج کرا چکے تھے مگر پیچش رکتے نہیں تھے۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے ایک ماہ ہو گیا ہے اب اسے پیچش کی تکلیف نہیں ہے۔

2: پہلے اسے بھوک نہیں لگتی تھی۔ اب ماشاء اللہ سے تینوں وقت بھوک بھی لگتی ہے اور کھانا بھی ہضم ہوتا ہے۔

3: ڈھائی سال کا ہو جانے کے بعد بھی باتیں نہیں کرتا تھا۔ اب ماشاء اللہ سے باتیں کرنا شروع کر دی ہیں، اسے اب کافی الفاظ یاد ہو گئے ہیں۔

4: ڈھائی سال کا ہو جانے کے بعد بھی پیمپرز استعمال کرتا تھا۔ اب ماشاء اللہ سے خود ہی جاتا ہے جب اسے حاجت محسوس ہوتی ہے۔ اور پھر کپڑے گیلے کیے بناء ہی اپنے آپ کو بائیں ہاتھ سے صاف بھی کر دیتا ہے، اور ان سب سے فارغ ہو کر خود ہی صابن سے ہاتھ دھو کر باہر آتا ہے۔

درد، بخار دور کریں۔۔۔!

میرے دوست کا پورا بدن درد کر رہا تھا بخار کی کیفیت تھی' ڈیوٹی کے دوران کام کرنا مشکل ہو رہا تھا میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر دم کیا وہ کچھ ہی دیر میں الحمدللہ بہتر ہو گیا۔ (اعجاز افضل' سعدی پارک، لاہور)

## دوا کا محتاج کیوں بنیں۔۔۔؟

میری والدہ کی طبیعت اچانک خراب ہو جاتی ہے پتہ نہیں چلتا کہ کیا ہوا بس بے چینی اور گھٹن سی ہونا شروع ہو جاتی ہے' سینے پر بوجھ ہو جاتا ہے تب میری امی "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرتی ہیں تو الحمدللہ کچھ دیر میں بہتر ہو جاتی ہیں۔ (اعجاز افضل' سعدی پارک، لاہور)

## اپنی پریشانی خود دفع کریں۔۔۔!

میرے بھانجے کو بخار تھا اور وہ بہت بے چین تھا۔ میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر اس کے دائیں اور بائیں کان میں دم کیا۔ الحمدللہ وہ کچھ دیر میں بالکل ٹھیک ہو گیا۔ (اعجاز افضل' سعدی پارک، لاہور)

## سالوں پرانے درد سے چھٹکارا

حکیم صاحب! میری امی کے چودہ، پندرہ سال سے کمر میں درد رہتا تھا' اور کافی ٹینشن میں رہتی تھیں۔

ایک دن ان کی کافی زیادہ طبیعت خراب ہوگئی میں کچھ ہی دن پہلے "افحسبتم اور اذان والا عمل" آپ کے درس میں سنا تھا پھر یہی عمل دو سے تین بار دم کیا اور انہوں نے اسی وقت اٹھ کر نماز پڑھی اور اللہ نے انہیں صحت دیدی۔ اور وہ اب بالکل ٹھیک ہیں۔(ریحان ظفر' جھنگ صدر)

## خواب میں اذان سے روکنا

میں نے پچھلے سال جون میں جب حضرت صاحب بیرون ممالک کال وصول کرنی شروع کی تھیں تب حضرت جی کو فون کیا تھا۔ میرے اور میری فیملی کے اوپر جادو، بندش تھی۔ ہر کام میں رکاوٹ آتی تھی۔ حضرت جی نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے کو دیا۔ اب تقریباً دس ماہ ہوگئے ہیں ماشاء اللہ مجھے پڑھتے ہوئے۔ اب کاموں میں اور صحت میں کافی بہتری نظر آتی ہے۔

خواب میں بہت بار "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے سے روکا بھی گیا۔ مگر میں نے یہ عمل چھوڑا نہیں۔ اب حضرت جی نے فرمایا ہے کہ جادو ٹوٹ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت جی کو خوش رکھے اور ہمیشہ کی عافیت دے، آمین۔(نگہت شفیق' اٹلی روم)

## بالکل فریش ہوگیا

حکیم صاحب میرے سر تھا جس کی وجہ سے میں مجھ سے کوئی کام نہیں ہو پا رہا تھا۔ میری بہن نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کیا جس سے میں بالکل فریش ہوگیا اور پڑھنے کی قوت آگئی۔(ریحان ظفر' جھنگ صدر)

## شیطان کو منہ توڑ جواب

میں نے اذان والا عمل حضرت صاحب سے روحانی کلاس میں سنا تھا۔ مجھے شک تھا کہ میرے اوپر کسی نے جادو کردیا ہے۔ میں نے کثرت سے اذان پڑھنا شروع کردی، جو کہ ابھی بھی جاری ہے۔ ابھی میں نے پندرہ سولہ دن ہی پڑھی تھی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ دو(غیر مسلم) لڑکے ہیں مسجد میں، ان کے پاس بم بھی ہے۔ میں ان کے پاس ہوں اور ڈر رہا ہوں کہ یہ ابھی بم بلاسٹ کریں گے، لیکن ساتھ ہی میں مجھے پتہ چلتا ہے کہ میں نے تو بم کی پن ہی نکال دی ہے یہ اب بلاسٹ ہو ہی نہیں سکتے۔(محمود، اوسلو، ناروے)

## چائے، گولی کی محتاجی دور

السلام علیکم! کچھ دن پہلے کی بات ہے، میں سو رہا تھا۔ سوتے سوتے میرے سر میں شدید قسم کا درد ہوا، سب کچھ کھالیا، مگر درد نہیں گیا۔ حضرت سے درس میں سنا تھا کہ ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھ کر پہلے دائیں پھر بائیں کان میں پھونک مارنی ہے اور اگر خود عمل کر رہے ہو تو اپنے کانوں کا تصور کر کے پہلے دائیں کندھے پر پھر بائیں کندھے پر پھونک مارے۔ حضرت میں نے یہ عمل کیا الحمدللہ تھوڑی ہی دیر میں میرا سر کا درد ٹھیک ہو گیا۔ (احسن' کراچی)

## تھکن، درد، سر درد سے رہائی

میری والدہ کو معدے اور لیفٹ سائیڈ پر ہر وقت درد رہتا تھا۔ جب سے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ شروع کیا ہے الحمدللہ بہت بہتر ہیں۔ جسم میں تھکاوٹ' درد' سر میں درد' بخار جب بھی محسوس ہو اتو ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ سے الحمدللہ شفاء مل جاتی ہے۔ (اعجاز افضل' لاہور)

## نشے سے چھٹکارا ملا

ہمارے گھر میں ایک عورت کام کرتی ہے۔ اس کا بیٹا بہت نشہ کرتا ہے۔ اسی لیے اس کی ماں بہت پریشان تھی۔ میں نے اسے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ اور سورۂ انعام والا عمل پڑھنے کو کہا۔ صرف پانچ دن اس نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کیا اور بتایا کہ اس کا بیٹا کہتا ہے کہ اب مجھے کسی بھی نشے سے نشہ نہیں ہوتا، پتہ نہیں میری ماں کیا کچھ پڑھ کہ مجھے پلاتی رہتی ہے۔ (محمد قذافی خان' مظفر گڑھ)

## گانا بجانا بند

آج کا درس بہت مشکل سے سنا۔ کیونکہ آج ساتھ والے گھر میں شادی بھی تھی اور بہت تیز آواز میں گانے لگے ہوئے تھے۔ پہلے تو تھوڑی پریشانی ہوئی۔ پھر مجھے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ یاد آیا۔ تو میں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کیا اور اللہ سے دعا کی کہ درس کے ٹائم گانے کی آواز نہ آئے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اس عمل کی برکت سے گانے بند کروا دیئے اور ہم نے درس بالکل سکون سے سنا۔ (سعدیہ خان)

## مرے مرض کی دوا

ڈینگی کے حالیہ وباء اور مہروں میں شدید درد سے میں کافی متاثر ہوا تھا۔ مہروں کی وجہ سے تو شدید تکلیف اور پریشانی میں مبتلاء تھا۔ حضرت صاحب کے درس میں ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کے بارے میں سنا تھا۔ اور اس کے کافی مشاہدات بھی سن چکا تھا۔ اسی وجہ سے میں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ اپنے لیے کیا۔

”افحسبتم اور اذان والا عمل“ سے ڈینگی بخار ٹھیک ہو گیا۔ اور جو کمر کے مہروں کا مسئلہ تھا وہ بھی ختم ہو گیا۔ (محمد عثمان)

## جنات کی حاضری بند

میری کزن پر جنات کے اثرات تھے۔ جنات اس پر حاضر ہوا کرتے تھے۔ میں نے اس کے بڑے بھائی کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے کو بتایا۔ دوبارہ ملاقات پر میرے کزن نے مجھے بتایا کہ جب میری بہن پر وہی کیفیت طاری ہوئی تو میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی چھ بار ہی پڑھا تھا کہ جنات نے میری بہن کی زبانی ہمیں اذان پڑھنے سے منع کیا، اور آنکھیں بھی دکھائیں، مگر میں نے عمل جاری رکھا۔ کچھ ہی دیر بعد میری بہن کی طبیعت بحال ہو گئی، اور اب جنات بھی اسے تنگ کرنے نہیں آتے۔ اور اس کی صحت بھی بہت اچھی ہو گئی ہے۔ (شکیل احمد خان، ہری پور)

## کمپیوٹر کا چلتے چلتے پرابلم کرنا

چند دن پہلے میرا کمپیوٹر چلتے چلتے پرابلم کرتا۔ میں سات بار اذان پڑھ پڑھ کر کمپیوٹر پر پھونکتا۔ میں جب بھی کمپیوٹر آن کرتا تھا، میرا کمپیوٹر سست ہو جاتا۔ اب میں جب بھی کمپیوٹر آن کرتا ہوں تو شروع میں سات دفعہ اذان پڑھ لیتا ہوں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اب کمپیوٹر پریشان نہیں کرتا۔ (گل خان)

اسی سے ملتا جلتا مشاہدہ حافظ شارق شمسی نے بھی لکھ کر بھیجا ہے۔

☆☆☆☆☆

# آپ کے دنیا سے جانے والے

## عزیزوں کا پیغام

اپنی مخلصانہ دعاؤں میں ہمیں اور پوری امت مسلمہ کو بھی یاد رکھو! ہمارے دنیا سے جانے کے بعد تم نے ہمارے چھوڑی دنیا کو تو یاد رکھا لیکن ہمیں بھول چکے ہو....... ! اور یہ بھی بھول چکے ہو کہ تم بھولے ہوئے ہو!!

ہمیں بھی کچھ پڑھ کر دیتے جاؤ تو شاید ہماری بخشش کا سامان بن جائے۔

فقط تمہارے متعلقین

یہ کتاب مکمل طور پر اُمت کی خیر خواہی کے جذبہ کے تحت لکھی گئی ہے احباب کو خلوص کے ساتھ ہدیہ کریں آپ کی قبر اور آخرت کا سامان ہو گا۔

قارئین!

قرآن مقدس کے ایک ایک حرف پر ڈھیروں نیکیاں اور ہمیشہ ہمیشہ کی نہ ختم ہونے والی زندگی میں بخشش، نجات اور نہ سمجھ میں آنے والے سکھ چین کا وعدہ ہے تو کیا ہماری اس ساٹھ ستر سال کی زندگی کی بیماریاں، پریشانیاں اور تکلیفیں دور نہیں ہو سکتیں......! کیوں نہیں یقیناً کمی آج میرے مانگنے میں ہے۔ قرآن اور مسنون زندگی کا ایک ایک حروف شفاء، سکون اور پیغام عافیت ہے۔ یقین کی طاقت سے پڑھنے والوں کے چند مشاہدات اپنی آنکھوں سے پڑھیے۔

قارئین...! ان ڈھیروں خطوط میں سے چند کا انتخاب جن کو اعمال کی دنیا نے نفع دیا اور انکی پریشانیاں، بیماریاں دور ہوئیں۔

## پانچ جنات کو اپنے جسم سے نکلتے ہوئے دیکھا!...

ایک محترمہ نے لکھا کہ: میری ایک شاگردہ ہے، اس کی والدہ کثرت کے ساتھ ذکر کرتی رہتی ہیں۔ ان کو اکثر جادو اور جنات کی شکایت رہتی تھی اور وہ مجھے اکثر اپنی یہ کیفیت بتاتی ہیں کہ: جب مجھ پر جنات کا حملہ ہوتا ہے تو میری آنکھوں کے تمام پردے اٹھ جاتے ہیں اور مجھے سب کچھ اپنی آنکھوں سے نظر آنا شروع ہو جاتا ہے۔ میں نے ان کی جب یہ کہانی سنی تو انھیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرنے کا عرض کر دیا۔ انھوں نے صرف دو یا تین مرتبہ ہی یہ عمل کیا ان کو جو فائدہ ہوا، انہی کے الفاظ میں تحریر ہے: وہ کہتی ہیں" میں نے جب اپنے آپ کو دم کیا تو اپنی آنکھوں سے پانچ جنات کو میں نے اپنے جسم سے نکلتے ہوئے دیکھا اور اسکے بعد مجھے بہت سکون ہو گیا اور مجھے اپنا جسم بہت ہلکا محسوس ہونے لگا۔"

وہ اپنی خوشی اور سکون کی کیفیت کو الفاظ کی تعبیر نہیں دے پا رہی تھیں آخر میں وہ مجھے کہنے لگیں کہ یہ انتہائی مجرب عمل ہے اور میں ان کی اس بے خودی کی کیفیات میں محسوس کر رہی تھی کہ ان کا دل اس عمل کے فائدے سے بھرا ہوا ہے اور میں دل ہی دل میں آپ کے لیے دعائیں اور اپنے اللہ کا شکر ادا کر رہی تھی کہ اللہ پاک نے مجھ جیسی گناہ گار بندی کو ان کی اتنی سخت پریشانی دور کرنے کا ذریعہ بنا دیا۔ (ص، ب، ا۔ لاہور)

## یقین پختہ کیا، کامیابی ملی

آپ کی دعاؤں اور درس میں شرکت کی وجہ زندگی کے کئی مسائل حل ہوئے، اور ہمیں پڑھنے کو ایسی آسان دعائیں ملیں، جن کی وجہ سے ہمارے ہزاروں روپے بچ گئے۔ حالیہ ڈینگی وبا کی زد میں میرا بیٹا بھی آیا، شروع میں تو ہمیں پتہ ہی نہ چلا، میڈیکل ٹیسٹ رپورٹ کے بعد ڈینگی کا پتہ چلا تو چار دن تک میرا بیٹا ہسپتال میں ایڈمٹ رہا۔

چار دن کے بعد ہسپتال سے ڈسچارج ہو کر گھر آ گئے۔ میں اس دوران "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر کبھی اس پر پھونکتی، اور کبھی کسی مشروب پر پھونک کر اسے پلاتی۔ صدقہ کرتی اور نفلیں پڑھ کر بھی دعائیں کرتی۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ بس گھر آ کر تین دن ہی دوا کھائی تھی کہ اللہ نے شفا دے دی۔

## ڈاکٹروں کی مایوسی میں اُمید کی راہ

مارچ کے مہینے میں مجھے ڈینگی بخار ہو گیا جس کی وجہ سے میرے خون کے وائٹ سیلز اور platelets دونوں تقریباً ختم ہی ہو گئے، میں مہینہ بھر بالکل بستر پر تھی، اس دوران مجھے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا پتا چلا۔ پابندی کے ساتھ میں نے کرنا شروع کر دیا اور کبھی کبھی روحانی غسل بھی کر لیتی، جس کی وجہ سے الحمدللہ مجھے شفاء ہو گئی۔

یوں سمجھ لیجئے کہ ڈاکٹر بالکل مایوس ہو چکے تھے اور میرا یہ حال ہو گیا تھا کہ مجھ سے خوراک بالکل بھی نہیں کھائی جاتی تھی۔ اس مبارک عمل کی برکت سے آج میں بالکل صحت یاب ہوں اور میرا اس عمل پر بہت ہی زیادہ اعتماد بڑھ گیا ہے اور اللہ پاک سے تعلق بھی۔ (ایک بہن، لاہور)

## ناقابل یقین مگر بالکل سچا واقعہ

یہ واقعہ اس کتابچے کے شروع میں نقل کر چکا ہوں۔ وہ میں نے ان صاحب کے بیٹے (غالباً) ثمر سے سنا تھا۔ اب ان کی صاحبزادی نے بھی بذریعہ خط اپنے والد کے احوال ارسال کیے، تو فقیر اس خط کو پچھلے واقعے کی سند کے طور پر من و عن چھاپ رہا ہے۔

اسکے ہونے کا مجھے سچا یقین ہے عارف

اور اس جذبہ ایمان سے آگے کیا ہے

خط میں لکھتی ہیں کہ:

میرے والد صاحب پچھلے سال مئی میں بیرون ملک امریکہ میں بیمار ہوئے تو چھوٹی بہن انھیں ہسپتال لے گئی جاتے ہی ڈاکٹر نے انہیں نیند کا انجیکشن دے دیا۔ اسکے ری ایکشن سے ان کو ہارٹ اٹیک ہو گیا اور والد صاحب قومے میں چلے گئے، تو اُسی وقت ڈاکٹرز نے انہیں وینٹی لیٹر پر کر دیا اور ناامید ہو گئے اور جواب دے دیا کہ ان کی زندگی مشکل ہی بچے میں نے پاکستان میں اور میری بہن نے امریکہ میں والد صاحب کے پاس "افحسبتم اور اذان والا عمل" شروع کر دیا جو آپ نے درس میں بتایا تھا۔ والد صاحب ایک دو دن میں قومے سے واپس آ گئے۔ لیکن وینٹی لیٹر پر مسلسل رہے اور ڈاکٹر بھی ابھی تک ناامید ہی تھے۔

آپ سے رابطہ کے بعد آپ نے اسی عمل کو یقین سے کرنے کی تاکید کی اور فرمایا کہ انشاء اللہ... اللہ پاک اسی عمل کی برکت سے کرم فرمائیں گے۔ کچھ دنوں میں ڈاکٹرز نے ہمیں بتایا کہ والد صاحب کا جگر بالکل فیل ہو چکا ہے اگر یہ بچ بھی جائیں تب بھی lever transplant ضروری ہے ورنہ نہیں بچ سکیں گے۔ ہم دنوں بہنیں مسلسل یہ عمل کرتی رہیں اور اللہ تعالٰی سے اُمید نہیں چھوڑی۔ اللہ کی کریم و رحیم ذات نے نہایت ہی کرم فرمایا اور ان کی وینٹی لیٹر سے جان چھوٹی اور قدرتی سانس لینے لگ گئے۔

ڈاکٹرز چار ماہ تک یہی کہتے رہے کہ آپ اپنے والد صاحب کا علاج کروانا بند کر دیں کیونکہ کوئی فائدہ نہیں۔ ہم اسی عمل کو جاری رکھے رہے۔ اس دوران ہمیں نہایت ہی نازک مراحل سے گزرنا پڑا ہم پھر بھی پر اُمید تھے اس دوران جو بھی ڈاکٹر والد صاحب کو دیکھنے آیا اس نے ان کی میڈیکل فائل پر لکھ دیا:

"family hoping miracle" یعنی ہمیں کوئی اُمید نہیں لیکن ان کی فیملی کو کسی معجزہ کی اُمید ہے۔ ان سب کے باوجود ہم یہ عمل یقین کے ساتھ کرتے رہے کیونکہ اللہ تعالٰی کی قدرت کے سامنے کچھ بھی ناممکن نہیں۔

اس دوران "افحسبتم اور اذان والا عمل" نے وہ مشاہدہ دکھایا، جو نہایت ہی حیران کن تھا، والد صاحب گھر آ گئے اور تھوڑا تھوڑا چلنا شروع کر دیا، لیکن transplant ابھی بھی ضروری تھا۔ اب تقریباً ایک ماہ پہلے lever ٹیسٹ ہوئے تو وہی ڈاکٹر جو امریکہ کے ٹاپ leverspecialist ہیں انھوں نے بتایا کہ اب آپ کی والد اسی لیور پر زندگی گزار سکتے ہیں، یہی لیور ان کا ٹھیک ہو رہا ہے جو کہ ہمارے لیے نہایت ہی حیران کن بات ہے۔

حضرت حکیم صاحب یہاں ایک اور بات دل میں آتی ہے کہ امریکہ جیسے ترقی یافتہ ملک کے ڈاکٹرز بھی اللہ تعالٰی کی اس قدرت پر حیران رہے کہ ہماری سائنس اور سارے ٹیسٹ تو کہتے تھے کہ lever transplant ضروری تھا لیکن اب reports کہتی ہیں کہ اسی لیور پر زندگی گزار سکتے ہیں اور آج ڈاکٹرز بھی یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ یہ ایک معجزہ ہے۔

تو ایک دن میں نے اپنی بہن کو فون پر کہا کہ ان ڈاکٹرز کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا بتاؤ کہ یہ اسی سے ممکن ہوا۔ تو بہن کہنے لگی کہ انہیں کیا پتہ کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کیا ہے۔ لیکن ہاں ڈاکٹرز مجھے یہ ضرور کہتے ہیں کہ یہ تمہاری دعاؤں کا نتیجہ ہے جس سے یہ ممکن ہوا۔

اور حضرت صاحب سب سے ضروری بات یہ بھی ہے کہ والد صاحب کے پورے علاج پر ابھی تک پاکستانی دو ڈھائی کروڑ تک کا خرچہ ہو چکا ہے، جو ہمارے لیے ادا کرنا ناممکن تھا، کیونکہ والد صاحب کے پاس نہ تو گرین کارڈ تھا اور نہ ہی وہاں کی نیشنلٹی، لیکن یہ سارے اخراجات امریکی حکومت نے اٹھائے، یہاں تک کہ قانون کے مطابق مریض جب تک ہسپتال میں رہتا ہے تب تک ہی حکومت اخراجات اٹھاتی ہے، جبکہ والد صاحب گھر آ چکے ہیں

لیکن ابھی بھی ان کی دواؤں کے اخراجات جو کہ مہینے کے ڈھائی ہزار ڈالر بنتے ہیں، امریکی حکومت ادا کر رہی ہے اور ہمیں مفت دوائیں ملتی ہیں۔ یہ سب یقیناً "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے ہی ممکن ہوا۔

حضرت صاحب! اب اللہ تعالیٰ کے کرم سے والد صاحب کی صحت بہت بہتر ہے اور اب ہم ان کی ذہنی کیفیت کیلئے یہی وظیفہ کر رہے ہیں۔ حضرت صاحب ہم آپ کے بہت شکر گزار ہیں کہ آپ نے ہمیں اللہ تعالیٰ کی طرف راستہ دکھایا اور ہمارا ایمان مضبوط ہونے میں ہماری مدد فرمائی اور آپ کی اور مخلصین کی دعاؤں نے بھی بہت ساتھ دیا آپ کا بہت بہت شکریہ...!! (فاریہ علی)

کوئی انسان مجھ کو کیا دے گا

جو بھی دے گا مجھ کو خدا دے گا

پندرہ سالہ پریشان زندگی میں سکھ کی راہ

ایک خاتون نے لکھا کہ میں نے زندگی کے پچھلے پندرہ سال نہایت ہی پریشانی اور کسمپرسی میں گزارے ہیں اور کچھ عرصے پہلے تک وہ زندگی برقرار تھی ، نماز ذکر عبادت نہ ہونے کے برابر تھا آپ کے درس میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" کے کمالات سنے، اسی دن سے عمل کرنا شروع کر دیا، تو اس کے اثرات اپنی آنکھوں سے نظر آنا شروع ہو گئے۔

میرا بیٹا نہایت ہی ضدی اور شرارتی تھا، کچھ اس کی بات نہ مانو، تو گھر کے سامان میں توڑ پھوڑ شروع کر دیتا۔ اسکا بہت علاج کروایا، لیکن جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا ہے اس وقت اللہ پاک کا فضل و کرم ہوتا گیا۔ اور میرا بیٹا بالکل نارمل ہو چکا ہے، پہلے غصے میں بالکل پاگل ہو جاتا تھا۔ اسکے علاوہ میری گھریلو زندگی میں بھی بہت سکون ہو گیا ہے۔ پچھلے سال ڈینگی بخار نے میرے پورے گھر کو گھیرے میں لے لیا تھا، مجھے ہوا، میرے میاں اور ایک بیٹے کو بھی ہوا۔

میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" کو پڑھ پڑھ کر میں دم کرتی اور پانی پر دم کر کے سب کو پلاتی اللہ کے فضل سے پورا گھر شفایاب ہو گیا۔ اس عمل کے ہمیں فائدے ہی فائدے محسوس ہوتے ہیں، جس کام کے لیے پڑھتے ہیں، فائدہ ہوتا ہے۔

(ایک دکھیاری ماں)

## بیمار بیٹے کی نااُمید ماں

میری ایک کولیگ کا بیٹا دمہ اور شدید بخار میں مبتلا تھا۔ اس نے مجھے فون کیا، میں اس وقت درس سننے کیلئے بیٹھی ہوئی تھی۔ میں نے اُسے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرنے کا کہا۔ اُس نے اسی وقت کرنا شروع کر دیا، تھوڑی دیر بعد ہی اس کے بچے کو آرام آگیا۔ اگلے دن اس نے مجھے بتایا کہ: مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ شاید میرے بیٹے کا آخری وقت آگیا ہے، جب سے آپ نے بتایا ہے، میں اسی وقت ہر گھنٹے بعد دم کر رہی ہوں۔ اور اب میرا بیٹا بہت ہی سکون میں آگیا ہے۔ (مسز حبیب، لاہور)

آخر کتنا ناشکرا بن جاؤں میں

اسکی کس کس نعمت کو جھٹلاؤں میں

دن کو دنیاداروں جیسا روپ بھروں

رات آئے تو سجدے میں گر جاؤں میں

## سخت ترین فالج میں شفاء یابی

ہمارے گھر بچوں کے قاری صاحب آتے ہیں۔ ایک دن وہ کہنے لگے کہ: میرے والد صاحب کی طبیعت بہت ہی زیادہ خراب ہے، انھیں رات اچانک سخت ترین فالج کا اٹیک ہوا اور بے ہوش ہوگئے۔ میرے شوہر نے انھیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔

قاری صاحب کہنے لگے کہ: ڈاکٹروں نے انھیں جواب دے دیا ہے، میں ابھی گاؤں جارہا ہوں، آپ لوگوں صرف بتانے کے لیے آیا تھا۔ میرے میاں نے انھیں کہا کہ آپ یہ پڑھتے چلے جائیں۔ اللہ پاک کی پاکی اور بڑائی ہے۔ انشاء اللہ، اللہ پاک کرم فرمائیں گے۔

بہر حال وہ قاری صاحب چلے گئے، ان کا سارا خاندان ان کے والد کے آخری لمحات سمجھ کر گھر میں جمع ہو گیا تھا، لیکن قاری صاحب بتانے لگے کہ: میں یہ وظیفہ آخری اُمید سمجھ کر کرتا رہا، اللہ پاک نے میرے والد صاحب کو ایک نئی زندگی دی اور ان کی طبیعت بہتر ہونا شروع ہوگئی۔ جب قاری صاحب نے یہ سب باتیں میرے شوہر کو سنائیں تو میری خوشی کی انتہا نہیں رہی اور مجھے اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" پر نہایت ہی پختہ یقین ہو گیا، اب میں نہایت یقین کے ساتھ اور بھی لوگوں کو بتاتی ہوں کہ اللہ کے فضل سے جتنا بھی مشکل سے مشکل کام ہو وہ اس وظیفہ کی برکت سے ہو جاتا ہے

(ہمشیرہ مدثر، لاہور)

## موسیقی سے نفرت

میرے چھوٹے بھائیوں کو گانوں اور موسیقی سے بہت ہی زیادہ رغبت تھی romens songs بڑی رغبت سے سنتے۔ شروع میں شوق تو مجھے بھی تھا، لیکن اب اللہ کے فضل سے بالکل ہی ختم ہو چکا ہے۔ بھائیوں کو بھی سمجھاتی ہوں لیکن وہ مانتے نہیں۔ اب میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" ان بھائیوں کی طرف سے ان کی نیت کر کے پڑھ رہی ہوں اور تصور ہی تصور میں ان کو دم کر دیتی ہوں۔

اس کا اثر یہ ہوا کہ ان کو بھی گانوں کا شوق کم ہو تا جا رہا ہے، اور جس وقت میں یہ وظیفہ پڑھ رہی ہوتی ہوں اسوقت تو نہ جانے کیوں وہ خود بخود اپنے ڈیک بند کر دیتے ہیں۔ اللہ کے فضل سے مجھے وظیفہ پر پورا یقین ہے کہ اسی طرح میں پابندی کے ساتھ پڑھتی رہی تو وہ مکمل طور پر گانا سننا چھوڑ دیں گے۔

(پوشیدہ)

ہر اک جگہ ہے کہاں نہیں ہے

خدا یقیں ہے گماں نہیں ہے

## ایک سالہ بچی پر کلام الٰہی کے اثرات

میرے پاس اشرف نامی ایک لڑکا کافی عرصہ سے کام کر رہا ہے۔ تقریباً تین مہینے پہلے اسکا فون آیا، کہنے لگا کہ: میرے بڑے بھائی کی اکلوتی بیٹی جو اللہ نے اسکو دس سال بعد بڑی دعائوں کے بعد دی ہے جس کی عمر ایک سال کے قریب ہے، وہ اچانک بہت زیادہ بیمار ہو گئی ہے اور اسکی گردن ایک طرف ڈھلک گئی ہے، آپ نے مجھے ایک مرتبہ ایک وظیفہ بتایا تھا میں وہ بھول گیا ہوں، آپ وہ وظیفہ دوبارہ بتا دیں، شاید اللہ پاک شفاء دے دیں۔ میں نے اسے "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا اور تاکید کی کہ سارے گھر والے مل کر اس وظیفہ کو ہر گھنٹے بعد کریں اور بچے پر پھونک ماریں۔ اللہ کے کلام کی تاثیر کہ کچھ گھنٹے بعد دوبارہ اس کا فون آیا اور وہ کہنے لگا کہ الحمدللہ بچی بالکل ٹھیک ہو گئی ہے۔۔

## سمجھ نہ آنے والی الرجی کا خاتمہ

مجھے دو تین سال سے الرجی تھی۔ مختلف ڈاکٹروں کو چیک کروایا۔ تو بہت سے specialists کو بھی دکھایا، لیکن مجھے مستقل طور پر آرام نہیں آیا، دوائی کھاتی رہتی تو تھوڑا سکون ہوتا، کچھ عرصے بعد دوبارہ بیماری لوٹ آتی۔

شروع شروع میں تو خارش صرف منہ پر ہوتی تھی، لیکن آہستہ آہستہ بڑھتی گئی، اور پورے جسم پر شروع ہو گئی۔ میں اس بیماری سے تنگ آ گئی تھی، کیونکہ میری بیماری ڈاکٹروں کو بالکل بھی سمجھ میں نہیں آرہی تھی۔ کوئی ڈاکٹر کہتا کہ food الرجی ہے، کوئی کہتا کہ آپ کے blood میں الرجی ہے، اور کوئی کہتا کہ اس الرجی کا کوئی حل نہیں یہ ایک دفعہ شروع ہو جائے تو ساری زندگی رہتی ہے، اور الرجی کی دوائی ساری زندگی کھانا پڑتی ہے۔

میں نے ہر طرف سے مایوس ہو کر ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' شروع کیا ہر نماز کے بعد میں سات مرتبہ پڑھتی رہی میں نے لگا تار دو سے تین مہینے یہ عمل کیا اب اللہ کے فضل و کرم سے میں اس الرجی کا نام بھی بھول گئی ہوں اور اپنی جان کو نہایت ہی ہلکا پھلکا محسوس کرتی ہوں، اس وقت خارش کا احساس تک نہیں ہے۔ اور اب میں نے اس عمل کو اپنی زندگی کا ساتھی بنالیا ہے اور ابھی تک اس عمل کو پابندی کے ساتھ کر رہی ہوں (ہمشیرہ عبدالرؤف، لاہور)

## والد محترم کی خراب طبیعت

میں جب آفس سے شام کے وقت گھر آیا، تو والد صاحب خلاف توقع بستر پر لیٹے ہوئے تھے، ان بخار کی وجہ سے سخت سردی لگ رہی تھی۔ میں نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' شروع کر دیا اور مستقل پڑھتا رہا۔ عشاء کی نماز کا وقت ہو گیا، میں نماز پڑھنے چلا گیا۔ جب میں واپس آیا تو دیکھا کہ والد صاحب کسی کام میں مشغول تھے اور ان کی طبیعت بہتر ہو چکی تھی۔ الحمدللہ

## خوشیاں ہی خوشیاں

ہمارے ایک دوست ہیں، ان کے گھر میں بڑی پریشانی، بیوی اور بچے نافرمان، ان کا کوئی کہنا نہیں مانتا، قرضے بھی بڑھ گئے تھے، فیکٹری بھی روز بروز گھاٹے میں جا رہی تھی، میں نے ان سے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' عرض کیا۔

جیسے ہی اس نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' شروع کیا، یقین جانیے! پہلے تو اس کے ہونٹوں پہ خوشی دیکھنے میں آئی پھر آہستہ آہستہ ساری پریشانیاں ختم ہو گئیں، بیوی اور اولاد فرمانبردار ہو گئی، ماشاءاللہ سے اب پانچ وقت نماز بھی پڑھتی ہے، قرضے بھی ختم ہو رہے ہیں۔ (سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو، سندھ)

## بے ہوشی دور

ایک مرتبہ میری بیوی کے پاس کچھ عورتیں ایک لڑکی کو بیماری کی حالت میں لے آئیں، وہ بار بار بے ہوش ہوتی جا رہی تھی۔ میری بیوی نے اس پر ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' پڑھ کر دونوں کانوں میں دم کیا، اسے کافی افاقہ ہوا، اور جب بھی دم کرتی تو وہ افاقے میں آ جاتی۔ (سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو، سندھ)

## مجھے تہجد نصیب ہو گئی!...

گزشتہ دنوں میں مجھے تہجد نصیب نہیں ہو رہی تھی۔ دماغ پر انجانا بوجھ تھا۔ شاید گناہوں کی وجہ سے سب کچھ ہو رہا تھا، مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آیا، میں نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' شروع کر دیا پہلے دن ہی میری آنکھ کھل گئی اور مجھے تہجد نصیب ہو گئی۔ (سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو سندھ)

## اور طبیعت ٹھیک ہوگئی

مجھے 20،22 سال سے یہ مسئلہ ہے کہ میں جب بھی کسی فوتگی والے گھر چلی جاتی ہوں تو میری طبیعت خراب ہو جاتی ہے، بے ہوشی کے دورے پڑتے ہیں اور یہ سلسلہ کئی ہفتے تک چلتا ہے۔ پچھلے ہفتے ہماری پڑوسی عورت فوت ہوگئی۔ ان کے گھر گئی، اس دن تو مجھے کچھ نہ ہوا، تین چار دن کے بعد میری کیفیت ویسے ہی ہوگئی۔ میں اور میرے بچے گھر میں اکیلے تھے، میں نے اپنے بڑے بیٹے جنید سے کہا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرکے مجھ پر دم کر دو۔ یقین جانیے کہ آدھے گھنٹے کے بعد میری طبیعت ٹھیک ہوگئی۔ الحمدللہ۔ (والدہ جنید علی، لاہور)

## کانوں سے گندی بدبو آنے لگی

میرے چھوٹے بھائی جس کا بخار ہفتے بھر سے اتر نہیں رہا تھا، مسلسل دوائیوں سے بھی افاقہ نہیں پڑ رہا تھا، اوپر سے اُسے کسی عجیب طرح کی بلی (جو کہ شاید 'جن' تھی) نے بھی کاٹا، اُس کے بعد تو وہ عجیب و غریب حرکتیں کرنے لگ گیا، کبھی وہ بلی کی آوازیں نکالتا، کبھی اپنے ہاتھوں کو عجیب طریقے سے موڑتا۔ امی نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہر نماز کے بعد اس کے کانوں میں دم کیا۔ امی جب اس کے کانوں میں دم کرتیں تو اس کے کانوں سے بہت گندی بدبو آتی۔ آہستہ آہستہ دو، تین دم کے بعد بدبو بالکل ختم ہوگئی اس کا بخار بھی ختم ہوگیا اور بلی کی آوازیں اور ہاتھوں کا مروڑنا بھی ختم ہوگیا۔ یہ سب "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے ہوا۔ (صباء رفیع، ملتان)

## اب پڑھائی میں دل لگ رہا ہے

میرا پوتا لکی عثمان پڑھائی میں دلچسپی نہیں لیتا تھا۔ بہت تنگ کرتا تھا۔ سب گھر والے کافی پریشان تھے۔ آپ نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" 90 دن تک پڑھنے کا فرمایا تھا۔ ہم نے آپ کا بتایا ہوا وظیفہ پڑھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم میرا پوتا پہلے سے بہت بہتر ہو گیا ہے۔ (مسز کرنل ڈاکٹر اقبال، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

## غصہ قابو میں آگیا

میرے ایک رشتہ دار کو غصہ بہت آتا تھا، ساری چیزیں الٹ پلٹ کرکر رکھ دیتا اور اس دوران اس میں بہت طاقت ہوتی۔ دس سال تک اس کی والدہ نے جگہ جگہ ٹھوکریں کھائیں، لیکن کہیں سے کوئی فرق نہ پڑا۔ پھر وہ حضرت صاحب کے پاس آئی۔ حضرت حکیم صاحب نے اذان پڑھنے کے لیے کہا ، ہزاروں کی تعداد میں پڑھ کر پھونکنے کا کہا۔ اذان کی برکت سے اس کے بیٹے کی طبیعت میں نرمی آگئی ہے۔ اب وہ پانچ وقت کا نمازی ہوگیا ہے اور سب سے محبت سے پیش آتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اذان کی برکت سے گھر کے سارے مسئلے بھی ٹھیک ہوگئے ہیں اور اب وہ بہت پرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ (اہلیہ محمد نعیم لاہور)

## ڈینگی سے افاقہ

میری خالہ کے بیٹے کو ڈینگی ہوا تھا۔ اس کے 47ہزار وائٹ سیل رہ گئے تھے۔ انہوں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل “کیا۔ اب وہ ماشاء اللہ وہ ٹھیک ہو گیا ہے، دوائیں بھی استعمال کر رہا ہے۔ (ہمشیرہ عبدالرئوف، لاہور)

## ڈینگی ناکام، ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کامیاب

عید کے دوسرے دن بہن کی طبیعت خراب ہو گئی۔ انہیں لے کر ہسپتال گئے۔ میڈیکل چیک اپ ہونے میں دو سے تین گھنٹے لگ گئے... کافی رش تھا۔ جب تک چیک اپ ہو تا ہم لوگوں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ خود پڑھنا اور دیگر مریضوں کو بتانا شروع کر دیا۔ اس دن سارے مریض ڈینگی، بخار والے اور ایکسیڈنٹ والے نظر آرہے تھے۔ ہمارے ساتھ ایک عورت بیٹھی، اس کے بیٹے کو بھی ڈینگی تھا، وہ بیچارا اپنی ماں پر بے ہوش کر گرا ہوا تھا۔ ہم نے اس عورت کو بھی یہی عمل عرض کیا۔ اس نے پڑھنا شروع کر دیا۔ تو وہ عورت پڑھتی جا رہی تھی۔ دو سے اڑھائی گھنٹے بعد ہم نے دیکھا وہ لڑکا خود سے چل کر واپس جا رہا ہے۔ (رابعہ قمر، لاہور)

## مستقل دردوں اور مرگی سے نجات

”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کے بہت فائدے ہیں۔ میرا چار سالہ بیٹے کی ٹانگ کا درد جو کہ ہر ہفتے میں دو تین مرتبہ ہوا کرتا تھا، اب الحمدللہ ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کی برکت سے گزشتہ دو ماہ میں ایک سے دو مرتبہ ہوا ہے۔ میری والدہ محترمہ کو تقریباً 30 سالوں سے مرگی کے دورے پڑتے ہیں جن سے اکثر ان کے سر اور جسم میں درد رہتا تھا۔ اس عمل کی برکت سے ان کے سر اور جسم کا بہت فرق ہے۔ (عابد عباسی، مانسہرہ)

## بیٹی رات کو پُرسکون نیند لیتی ہے

میری بیٹی رات کو نہ خود سوتی تھی نہ ہمیں سونے دیا کرتی تھی۔ بے آرامی کی وجہ سے بہت پریشان کر کے رکھ دیا۔ ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کی برکت سے الحمدللہ اب بڑے آرام سے سو جاتی ہے۔ ماشاء اللہ سے اب اس کو اذان بھی یاد ہو گئی ہے اور بھی کافی گھریلو مشکلات ٹل گئیں ہیں۔ (عثمان اقبال، لاہور)

## فوری اور زود اثر عمل

میرا نواسہ بہت شرارت کرتا ہے، کہا نہیں مانتا، ہم فوراً ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ شروع کر دیتے ہیں تو بچہ بالکل ٹھیک اور نارمل ہو جاتا ہے۔ ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ بہت طاقتور عمل ہے۔ (نائلہ جاوید، لاہور)

## وہ کوئی بندر نما چیز تھی۔۔۔!

”الحسبتم اور اذان والا عمل“ سے بہت فائدہ ہوا۔ جس چیز (جنی) نے میرے اوپر قبضہ جمایا ہوا تھا، وہ میرے اندر سے نکل گئی، وہ کوئی بندر نما چیز تھی۔ بار بار مجھ پر حملہ کرتی لیکن ناکام ہو جاتی، کیونکہ میں اذان پڑھ رہی ہوتی تھی۔ میں نے ہر آدھے گھنٹے بعد ”الحسبتم اور اذان والا عمل“ کو دہرایا۔

پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ میرا سر مشرقی گنبد بن گیا ہے اور ہر طرف سے اللہ اکبر کی آوازیں آرہی ہیں۔ وہ چیز کہہ رہی تھی کہ میں اسے کیسے ماروں... ؟ یہ تو اذان پڑھنا بند ہی نہیں کرتی۔ پھر میں نے خواب میں سوچا کہ اگر میں سو جاؤں گی تو یہ (جنی) مجھے مار دے گی۔ مجھے ایسا لگا کہ اللہ تعالیٰ کہہ رہے ہیں کوئی بات نہیں تو سو جائے گی تو میں تو جاگ رہا ہوں...! تو کیوں فکر کرتی ہے... ؟ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ (نادیہ)

## گردن اور کندھوں میں درد

مجھے کمر، گردن اور کاندھوں میں کافی درد ہوتا تھا تقریباً تین سال سے میں نے کافی ڈاکٹروں سے علاج کروایا۔ میرے ایکسرے بھی ہوئے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ ہر وقت میری گردن اور کندھوں میں درد ہوتا تھا۔ سوتے وقت سن ہو جاتا تھا میری گردن ہر ہفتے اکڑ جاتی تھی جب سے میں نے ”الحسبتم اور اذان والا عمل“ شروع کیا بہت فائدہ ہوا اور میرا درد بھی ختم ہو گیا اور اب اللہ کا شکر ہے کافی آرام ہے۔ (عائشہ خان، امریکہ)

## گلے کی تکلیف سے افاقہ

میری نانی ایک دن کھانا کھاتے ہوئے گلے میں کچھ پھنسنے سے اتھرو آگیا اور الٹیاں شروع ہو گئیں اور ان کے حلق سے کچھ اتر نہیں پا رہا تھا۔ دوائی تو کبھی انہوں نے زندگی میں لی ہی نہیں تھی۔ زبردستی ڈاکٹر کے پاس لے گئے مگر افاقہ نہ ہوا۔ انمول خزانہ نمبر 1 اور ”الحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھ کر ان کے کانوں میں پھونک مارا تو کہا کہ ابھی پانی پی لیں۔ اس پانی میں شہد بھی ملایا گیا تھا۔ وہ انہوں نے پی لیا اور گلے سے نیچے اتر گیا۔ ( رابعہ قمر، لاہور)

## گھریلو بیماریوں میں آزمودہ

میری بڑی بیٹی کو ڈینگی ہوا تھا۔ اللہ کا بڑا شکر ہے کہ ”الحسبتم اور اذان والا عمل“ سے اس کو شفا ہوئی۔ میری چھوٹی بیٹی کی ناک میں ربڑ پھنس گیا۔ اسی ”الحسبتم اور اذان والا عمل“ کی برکت سے اللہ نے بڑا کرم کیا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ: وہ حلق میں چلا گیا ہے پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ ( حنا حسین، لاہور)

## رپورٹ بالکل کلیئر آئی

میرے بڑے بھائی فرحان کو بہت تیز بخار ہو گیا تھا۔ڈینگی کا خطرہ تھا۔ میں نے دو مرتبہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر کان میں پھونک مارتی رہی اور ٹھنڈے پانی کی پٹیاں بھی شروع کر دیں۔ تقریباً تین بار "افحسبتم اور اذان والا عمل" دہرایا۔ پھر میری بہن نے بھی یہی عمل دہرایا۔ تھوڑی دیر بعد میرا بھائی اٹھ کر ٹی وی دیکھنے لگ گیا۔ اگلے دن رپورٹ آئی تو وہ بالکل کلیئر تھی۔

اسی طرح چھوٹے بھائی کو بہت کھانسی ہو رہی تھی، نہ خود سویا اور نہ دوسروں کو سونے دیا۔ میں نے سات سات بار اذانیں اور ساتھ ہی ستر شفائیں زبردستی کھلائیں اور وہ آرام سے سو گیا اور کھانسا بھی نہیں۔ (شیزہ ماہین، لاہور)

## معدے کے مسئلہ اور انڈوسکوپی سے نجات

میری پھوپھی زاد بہن کافی بیمار تھی۔ معدے کا مسئلہ تھا، انڈوسکوپی ہوتی تھی۔ میں ہسپتال ان سے ملنے کے لیے گئی۔ میں نے سات دفعہ اذان اول و آخر درود شریف پڑھ کر ان کے کان میں پھونک ماردی۔ ان کے میاں اور بیٹی کو کہا کہ وہ بھی اس عمل کو اس طرح کرتے رہیں جس سے انہیں کافی فائدہ ہوا۔ کچھ دنوں بعد وہ شادی میں بھی آئے۔ (ام کلثوم ضیاء الحسن)

## جنات کا گھیرا ختم

میری باجی کو جنات نے گھیرے میں لے رکھا تھا۔ جس کی وجہ سے ان کی طبیعت بہت خراب تھی۔ بکھرے بال کمزوری کی وجہ سے اس سے اٹھا بھی نہیں جاتا تھا۔ میں نے وضو کر کے قرآن پاک سے دیکھ کر سات بار "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر دم کرنا شروع کر دیا، ہر 15 منٹ بعد یہ عمل کرتی رہی۔ آپ یقین جانیے! جو اٹھ بھی نہیں سکتی تھی، وہ خود چل کر باتھ روم گئی۔ واپس آ کر ہم سے باتیں کرنے لگ گئی اور شکل میں رونق بھی اتر آئی۔ (والدہ جنید علی، لاہور)

## تیز بخار ختم

پچھلے سال میرے چھوٹے بیٹے کو ڈینگی بخار ہوا تو میرے بڑے بیٹے جنید نے اپنے چھوٹے بھائی پر اذان والا عمل پڑھ کر دم کرنا شروع کر دیا، اور میں نے سورۂ مومنون کی آخری چار آیات کا پانی دم کر کے اسے پلاتی رہی۔ 103 بخار تھا۔ ہر آدھے گھنٹے بعد یہ عمل کرتے اور رات تک میرے بیٹے کا بخار اتر گیا۔

دوسرے دن میرے بڑے بیٹے جنید کو بھی بخار ہو گیا۔ اس پر بھی یہی عمل کیا...! اللہ کے کرم سے دونوں بیٹے ٹھیک ہو گئے۔ (والدہ جنید علی، لاہور)

## پیٹ کی شدید تکلیف سے نجات

میں نے اپنے دوست کو اذان والا عمل بتایا تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ ان کے والدہ کے پیٹ میں بہت شدید تکلیف تھی۔ تو اس نے سات سات بار اذان پڑھی اور ان کی والدہ بالکل ٹھیک ہو گئیں۔ (شیزہ ماہین، لاہور)

## درد سے کراہتی لڑکی ٹھیک ہو گئی

میری دوست کے سر میں تکلیف تھی۔ میں نے اس سے کہا کہ ایک چیز پڑھ کر پھونکتی ہوں، تم ان شاء اللہ ٹھیک ہو جاؤ گی۔ اس نے کہا: ٹھیک ہے پھونک دو۔ میں نے سات سات بار اذان پڑھ کر اس کے کانوں میں پھونک ماری اور ساتھ ہی 11 بار "یاحفیظ" پڑھ کر بھی پھونک ماردی۔ صبح سے وہ جس درد سے کراہ رہی تھی وہ درد کچھ ہی دیر میں ٹھیک ہو گیا۔ (شیزہ ماہین، لاہور)

## مخصوص ایام میں گھبراہٹ اور تکلیف سے نجات

میرے اور دوست کو مخصوص ایام میں بہت تکلیف ہوتی تھی، جس کی وجہ سے الٹیاں شروع ہو جاتی تھیں۔ ایک دن صبح سے وہ الٹی کر کر کے تھک گئی تھیں، اس کا رنگ پیلا زرد ہو گیا تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ: میں اذان پڑھ کر پھونک مار دیتی ہوں، تم ان شاء اللہ بالکل ٹھیک ہو جاؤ گی۔ پھر میں نے اس پر پڑھ کر پھونکا اور پوچھا کہ اب کیسی ہو؟ اس نے بتایا کہ ویسے ہی ہے۔ تھوڑی دیر بعد پھر پوچھا: تو اس نے کہا کہ اب بہتر ہوں۔ پھر میں نے اسے اگلے دن روحانی پھکی گفٹ کی تو وہ بہت خوش ہوئی۔ (شیزہ ماہین، لاہور)

## شرمندگی سے نجات مل گئی

ایک بار مجھے آفس میں بہت کھانسی ہو رہی تھی۔ آفس کے مخصوص اور خاموش ماحول میں مجھے کافی شرمندگی ہو رہی تھی۔ میں نے سات بار اذان والا عمل پڑھنا شروع کیا تین چار بار ہی اذان پڑھی تھی کہ کھانسی رک گئی اور پھر آفس میں نہیں ہوئی۔ (ندا ذوالفقار، گھوٹکی سندھ)

## وظیفہ کی برکت سے اثرات ختم

میرے شوہر کے اوپر اثرات تھے ان کا کام نہیں چلتا تھا میں نے اذان سوا لاکھ مرتبہ پڑھی اس وظیفہ کی برکت سے اثرات ختم ہو گئے۔ کام چل پڑا اور گھر کی نااتفاقیاں بھی ختم ہو گئیں۔ (والدہ ندیم، لاہور)

## اثرات ختم اور رزق میں برکت

جادو تعویذ سے کسی نے میرے گھر کو الٹا کیا ہوا تھا میں نے اذان سوا لاکھ مرتبہ پڑھنی شروع کی۔ وظیفہ پڑھنے سے جادو کے اثرات ختم ہو گئے رزق آنا شروع ہو گیا۔ میرے میاں جو اثرات کی وجہ سے مسجد بالکل نہیں جاتے تھے اور نماز کے پابند ہو گئے۔ (والدہ حارث، لاہور)

## سانپوں کا نکلنا بند ہو گیا

ہمارے گھر کے ایک خاص کمرے میں بہت زیادہ سانپ نکلنا شروع ہو گئے تھے۔ ہم نے پریشان ہو کر حضرت صاحب سے عرض کیا۔ انہوں نے ہر نماز کی اذان کے بعد سات دفعہ اذان پڑھنے کے لیے فرمایا۔ اذان کے اس عمل کی برکت سے سانپ نکلنا بند ہو گئے۔ (ہمشیرہ مدثر، لاہور)

## مجھے شفاء کے ساتھ مراقبہ کی سعادت نصیب ہوئی

مراقبے کے دن میرا ہاضمہ بہت خراب تھا۔ میں پریشان تھی کہ مراقبہ میں آ بھی سکوں گی یا نہیں، کیونکہ سارا دن معدے میں درد رہا پھر میں نے عصر کی نماز کے بعد "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر خود کو دم کیا۔ اللہ پاک نے مجھے شفا دی اور میں مراقبے میں آئی اور میں نے یہ دعا بھی کی کہ اللہ پاک مجھے دائمی شفا دے۔ (فرحت، لاہور)

## چہرے پر رونق آ گئی

میرے بھائی کے ساتھ کچھ مسئلے تھے۔ طبیعت بھی خراب رہتی تھی۔ کھانا بھی نہیں کھاتے تھے۔ چالیس دن تک اذان والا عمل ان پر پڑھ کر دم کیا۔ اب کافی بہتر ہے، چہرے پر بھی رونق بھی آ گئی ہے، اور اب کھاتا پیتا بھی ہے۔ (سدرہ الطاف، کراچی)

## اذان اور بابا شریف کے تجربات

1951ء میں شدید بارشیں ہو رہی تھیں۔ فصلوں کو کافی نقصان پہنچا۔ بابا شریف کہتے ہیں کہ ان کے والد محترم نے انھیں فرمایا کہ: بیٹا وضو کر کے دو نفل پڑھ کر سات دفعہ اذان دو۔ بابا شریف کہتے ہیں کہ: میں نے ایسے ہی کیا، الحمدللہ بارشیں رک گئیں۔ بابا شریف مزید کہتے ہیں کہ:

1958ء میں ایک بار پھر بارشوں کا یہی سلسلہ جاری ہوا تو پھر میں نے وضو کر کے اذان سات دفعہ دی تو اس بار بھی اللہ رب العزت نے بارش روک دی۔

بابا شریف مزید کہتے ہیں کہ:

ابھی حالیہ 2007ء میں بارشوں کا نہ رکنے کا والا سلسلہ شروع تھا۔ میں نے پہلے تو دنیاوی روک تھام کیلئے بہت انتظام کیا، لیکن اس میں ناکام ہو گیا، پھر میرے دل میں آیا کہ اذان والا عمل کروں۔ الحمدللہ اذان والا عمل سات دفعہ کیا، اس سے بارشیں بھی رک گئیں اور گھر میں جو پانی جمع تھا وہ بھی نکل گیا۔ (بابا شریف مقیم تسبیح خانہ لاہور)

## گیارہ سالہ معذور بچی، اپنے پیروں چلنے لگی

ہماری مسجد کے ایک ساتھی نمازی کی گیارہ سالہ نواسی گذشتہ کئی سالوں سے نچلے دھڑ کے سُن ہو جانیکی وجہ سے قطعی معذور ہو گئی تھی۔ ہر دم بستر پر پڑی رہتی، بہت جگہ علاج معالجہ کیا مگر سب بے سُود رہا۔ کسی خاتون کا معلوم ہوا، ان کے پاس گئے۔ اس نیک خاتون نے "معوذتین اور سورہ مومنون کی آخری چار آیتیں" پڑھ کر دم کیں۔ اللہ نے فضل فرمایا اور اس بچی کے دونوں پائوں کی انگلیاں حرکت کرنے لگی، دوسرے دم کے بعد الحمدللہ وہ بچی اپنے پیروں چلنے لگ گئی ہے۔ (محمد منصور)

## ڈینگی کا منہ توڑ جواب

میری کزن کو سخت بخار کے ساتھ ساتھ ڈینگی کا شدید حملہ بھی ہوا، بہت کمزوری ہو گئی تھی، میں نے ان کی چھوٹی بہن کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔ ان کی بہن اور بیٹی نے مل کر یہ عمل شروع کر دیا۔ اللہ نے اپنا فضل فرمایا اور میری کزن ٹھیک ہو گئیں۔ (فوزیہ نصرت شاہ، ملتان)

## غریب عورت آپریشن سے بچ گئی

ہمارے ہاں ایک غریب عورت آتی ہے، اسکی بھابی جس کا آٹھ دن کا بیٹا بھی تھا بہت بیمار ہے، نشتر ہاسپٹل کے ڈاکٹرز کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا، اب کسی پرائیویٹ ہاسپٹل میں ایڈمٹ ہے، ڈاکٹرز نے پیٹ میں کٹ کے ذریعے نلکی لگا کر آپریشن کا کہہ دیا ہے۔ مالی حالت نازک ہے، بہت برا حال ہے۔ میں نے اس عورت کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا، مجھے محسوس ہوا تھا کہ ان سے یہ عمل نہ ہو سکے گا، تو میں نے دل میں ہی نیت کر لی تھی کہ اس کی مریض بھابھی کے لئے میں بھی یہ عمل کرونگی۔

میں نے بھی اس عمل کو کیا، اور نہ جانے کیوں اتنی رقت طاری ہوئی، اور زاری کرتی رہی اپنے رب کے حضور، تیسرے دن وہ عورت آئی، کہنے لگی کہ ہم نے بس اذان والا عمل ہی کیا تھا اور اللہ نے کرم فرمایا، ڈاکٹرز کہتے ہیں اب اس کے گردوں میں پانی نہیں ہے، لہٰذا اسے گھر لے جائو، اگر آئندہ ایسی تکلیف ہوئی تو پھر آپریشن کرینگے۔ (فوزیہ نصرت شاہ، ملتان)

## دوسرے شہر میں مقیم والدہ کی طبیعت ٹھیک ہوگئی

میری ایک عزیزہ کی والدہ بیمار تھیں، ان کی والدہ دوسرے شہر میں مقیم ہیں، میں نے ان کو یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔ میری عزیزہ نے وہیں سے بیٹھے اس عمل کو اپنی والدہ کا تصور کرتے ہوئے کیا، اللہ نے اپنی خاص کریمی فرمائی، اب ان کی والدہ بالکل ٹھیک ہیں۔ (فوزیہ نصرت شاہ، ملتان)

## ہر مسئلہ، ہر بیماری، ہر پریشانی کے لیے آزمودہ

ہمارے گھر میں کوئی مسئلہ ہو، کوئی بیماری ہو، کوئی پریشانی ہو ہم مستقل ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ دہراتے رہتے ہیں۔ اور جو بھی پوچھے اس کو بھی یہی ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ عرض کردیتے ہیں۔ اللہ ان پر بھی اپنا کرم فرماتا ہے۔

(فوزیہ نصرت شاہ، ملتان)

## ستر ہزار لگ گئے، مگر آواز بند رہی

میری والدہ کے آفس میں ایک آنٹی کے گلے میں گلٹی بن گئی تھی۔ جس کا آپریشن ہوا۔ آپریشن کے بعد گلے سے آواز آنا بند ہوگئی۔ 8 ماہ تک ڈاکٹر ان کا ٹریٹمنٹ کرتے رہے، 70,000 ستّر ہزار روپے بھی لگ گئے مگر آواز نہ آئی۔

انھوں نے میری والدہ سے رابطہ کیا تو امی نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ بتایا۔ 20 دن کے بعد ان کی آواز کھل گئی اور وہ آنٹی ہمیں اور ہمارے مُرشد کو دعائیں دے رہی ہیں۔ (علی حسین، لاہور)

ان کی والدہ نے بھی اس واقعے کو تفصیل سے لکھ کر بھیجا ہے۔ خاص بات اس میں انہوں نے یہ لکھی ہے کہ اس خاتون نے انہیں کہا تھا کہ ”سنا ہے تم اوروں کو دم کرتی ہو، میرا بھی علاج کرو تو مانوں۔۔۔۔!“ خیر اس نیک خاتون نے اس سے کہا کہ: شفا اللہ کے پاس ہے، اپنے اندر ایمان لے آؤ، اور نماز کی پابندی کرلو، شفا مل جائے گی۔ اور آگے وہ نیک بی بی لکھتی ہیں کہ ”الحمد للہ صحت یابی کے بعد اب وہ نماز پابندی سے پڑھتی ہے، اور اعمال سے ہونے کا یقین بھی اس کے دل میں گھر کر چکا ہے۔ میں نے اسے درس میں شرکت کی دعوت بھی دی ہے۔ (رشیدہ خانم، لاہور)

## خراب A.C ٹھیک ہوگیا

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ 4,3 دن پہلے میں دوپہر کے وقت گھر کھانا کھانے گیا تو دیکھا کہ A.C چل رہا ہے لیکن ٹھنڈک نہیں ہو رہی میں نے کہا کہ اس کا کمپریسر نہیں چل رہا میں نے بیٹی سے کہا کہ سیڑھی لاؤ میں نے اس پر ہاتھ رکھ کر اذان دینا شروع کردی جب تیسری بار اذان پڑھی تو کمپریسر چل پڑا دوسرے دن پھر ایسا ہوا میں نے سیڑھی منگوائی تو وہ چلنا شروع ہوگیا آج تقریباً دو ہفتے بعد پھر بند ہوگیا میں نے اذان والا عمل شروع کیا تو آٹھویں اذان پر کمپریسر چلنا شروع ہوگیا۔ یہ سب اذان والے حفاظتی عمل کا نتیجہ ہے۔

## ٹیکنیکل فالٹ بھی ٹھیک

حضرت دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ سات بار اذان پڑھنے والا عمل ارشاد فرمایا تھا میں پچھلے ہفتے اپنے دوست کے ساتھ گاڑی میں کہیں کام جا رہا تھا اور اس نے سورۃ بقرہ کی سی ڈی لگائی ہوئی تھی اچانک وہ سی ڈی پھنس گئی شاید پرانی تھی تو میرے دوست نے کافی کوشش کی کہ اسے نکال لے لیکن نہ نکلی جس جگہ کام تھا وہاں سے فارغ ہونے کے بعد واپسی پہ بھی اس نے وزٹینگ کارڈ کیساتھ نکالنے کی کوشش کی میں نے کہا کہ اگر نہیں نکلتی تو رہنے دو۔

میرے ذہن میں وہی اذان والا عمل آیا میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی ابھی 6 اذانیں ہی پڑھی تھیں اور میں نے اسے کہا اب بٹن دبائو تو جونہی اس نے بٹن دبایا سی ڈی باہر آ گئی۔ (محمد اعجاز صاحب)

## جادو، جنات اور دورے پڑنا

اسی طرح کافی عرصہ پہلے کی بات ہے کہ میری بیوی کو جنات کی شکایت تھی اسے بہت زیادہ دورے پڑتے تھے تو اس مسئلے کیلئے بھی حضرت صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ سات مرتبہ اذان دائیں کان میں پڑھیں اور سات مرتبہ بائیں کان میں پہلے تو وہ منع کرتی تھی کہ نہ کرو یہ کیا کرتے رہے ہو اور کبھی کبھار حضرت دامت برکاتہم کو برا بھلا کہنا شروع کر دیتی کہ انہوں نے یہ اذان والا عمل کیوں بتایا ہے۔ اس قسم کا سلسلہ ہوتا رہا تو بہر حال ہم حضرت دامت برکاتہم کے ساتھ رابطے میں رہے اور اذان والا عمل بھی جاری رکھا، اس کے ساتھ ساتھ حضرت دامت برکاتہم نے جو ذکر پڑھنے کیلئے دیا تھا، وہ بھی کرتے رہے اور اب الحمدللہ وہ بالکل ٹھیک ہے۔ (محمد اعجاز صاحب)

## دل کے دورے سے شفا

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ حکیم صاحب دامت برکاتہم سے "افحسبتم اور اذان والا عمل" سنا۔ ہمارے دفتر میں ایک ساتھی ملازم ہیں پرسوں ان کے والد صاحب بیمار تھے اور لاہور میو ہسپتال میں داخل تھے ان کی ہارٹ بیٹ کا مسئلہ تھا اور وہ ICU میں چلے گئے۔ وہ بہت پریشان تھا میں نے اسے "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مؤمنون کی آخری چار آیات پڑھ کے مریض کے پہلے دائیں کان میں پھونکیں پھر بائیں کان میں پھونک ماریں۔ انہوں نے یہ عمل کیا اس کی برکت سے اس کے والد صاحب صحت یاب ہو کر گھر آ گئے اور اب الحمدللہ ٹھیک ہیں۔

## اذان کے عمل سے نماز کی پابندی

اذان کی برکت سے لوگوں کو اللہ پاک نے نماز کی توفیق دی جو لوگ غافل تھے اور نماز کا وقت ہونے کے باوجود بھی نماز نہیں پڑھ سکتے تھے۔ وقت ادھر اُدھر ضائع کر دیے تھے اس سات مرتبہ اذان والے عمل کی بدولت اللہ نے نماز اور نیک اعمال کی توفیق دے دی۔ (خرم شمسی صاحب)

## "افحسبتم اور اذان والا عمل" سے شدید درد کا علاج

تین دن پہلے کی بات ہے کہ میری اہلیہ کے جسم میں بہت زیادہ درد شروع ہو گیا درد اتنا شدید تھا کہ ہم سوچ رہے تھے کہ اسے ہسپتال لے کر چلے جائیں۔ تو اس نے درد والی جگہ پر اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اذان پڑھی۔ اس کی برکت سے آدھا درد ختم ہو گیا۔ پھر جب میں گھر پہنچا تو میں نے درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر اول آخر سات مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور سات مرتبہ سورۃ مؤمنون کی آخری چار آیات پڑھ کے دم کیا تو فوراً درد ایسے غائب ہو گیا جیسے کبھی تھا ہی نہیں۔ وہ خود بھی بہت حیران و پریشان ہوئی کہ اتنا شدید درد صرف کلام پاک سے ٹھیک ہو گیا حالانکہ ہم تو ہسپتال جانا چاہ رہے تھے اور اس کے بعد دوبارہ درد نہیں ہوا۔ (مقبول احمد صاحب سول سیکرٹریٹ)

## CMH کے ڈاکٹرز پریشان، یہ عورت کیسے بچ گئی؟

تقریباً اڑھائی ہفتے پہلے میری خالہ کا بائی پاس ہوا تھا تو وہ ٹھیک تو ہو گئیں لیکن اگلی رات ان کے پیٹ میں گیس جانا شروع ہو گئی۔ ڈاکٹرز نے ان کو وینٹی لیٹر پر شفٹ کر دیا تقریباً 10/9 دن وینٹی لیٹر پر رہنے کے بعد ڈاکٹرز نے انہیں لاعلاج قرار دیدیا۔ کیونکہ ان کا یورین بھی بند ہو چکا تھا ڈاکٹرز نے کہا کہ آخری چانس یہی ہے کہ ہم ان کا آپریشن کر کے بڑی آنت اور چھوٹی آنت باہر نکال دیں۔ انہوں نے وہ آپریشن بھی کر دیا لیکن اس کے بعد بھی کہنے لگے کہ ان کے بچنے کا چانس صرف ایک فیصد رہ گیا ہے تقریباً 15/14 دن وہ وینٹی لیٹر پر رہیں ان کے لنگز (پھیپھڑے) بھی مشین کے ذریعے ہی چل رہے تھے۔

میں نے پچھلی جمعرات کو حضرت دامت برکاتہم سے التجاء کی کہ ان کے لیے کوئی خاص عمل بتا دیں آپ دامت برکاتہم نے فرمایا کہ سب گھر والوں کو کہو کہ ہر آدھے گھنٹے بعد سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مؤمنون کی آخری چار آیات، اور سات مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھ کے ان کے پہلے دائیں کان میں پھر بائیں کان میں پھونک ماریں۔

اُسی جمعرات کی رات کو ڈاکٹرز نے کہا کہ: ہم تو بالکل مایوس ہو چکے ہیں، ہم نے صرف آپ کے کہنے پر انہیں مشین پر رکھا ہوا ہے، آپ جس وقت کہیں گے ہم مشین آف کر دیں گے اور فوراً ان کی ڈیتھ ہو جائے گی۔ ان کے بچوں نے کہا کہ ہمیں صرف 4/3 دن کی اجازت دے دیں، ہم نے یہ عمل کرنا ہے۔ اتوار کی رات تک وہ مسلسل ہر آدھے گھنٹے بعد یہ عمل کرتے رہے اور ساتھ مسلسل بکرے کا یا کسی اور گوشت کا صدقہ بھی دیتے رہے۔

آخر کار اتوار کی رات کو اچانک ان کا سانس بحال ہو گیا، حالانکہ ڈاکٹرز نے کہہ دیا تھا کہ آپ نے جو کچھ بھی ان کے لیے کرنا ہے کر لیں۔ کسی بیرون ملک سے اسپیشلسٹ کو بلانا چاہتے ہیں تو بلا لیں۔ CMH ہسپتال میں ان پر کئی لاکھ کا خرچ آ چکا تھا۔ انہوں نے اپنی بیٹی کو کینیڈا سے بلوا لیا تھا کہ آکر آخری دیدار کر لیں، لیکن جب بیٹی اتوار کو پہنچی تو وہ ماشاء اللہ ہوش میں تھیں اور انہوں نے اپنی بیٹی سے اشاروں میں باتیں بھی کیں۔

ڈاکٹر خود پریشان ہوگئے کہ یہ عورت کیسے بچ گئی اور انہیں ابھی تک یہ سمجھ نہیں آسکا کہ جس مریضہ پر دنیا بھر کی کوئی ترکیب کام نہ آئی وہ کیسے بچ گئی ہے۔

اور اب ایک ہفتہ ہوگیا ہے کہ وہ الحمدللہ اشاروں میں باتیں بھی کر رہی ہیں، ان کے گھر والوں نے ابھی تک یہ عمل جاری رکھا ہوا ہے۔

## وہ گرا۔ بے ہوش ہوا اور خود بخود اٹھ کے چل پڑا

چند دن پہلے میں کسی دکان سے سودا خرید رہا تھا کہ اچانک شور مچا کہ کوئی بندہ چلتے چلتے سڑک پر گر گیا ہے اور بے ہوش ہوگیا ہے۔ تو اس دکان دار نے وہیں کھڑے کھڑے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کر کے تصور میں ہی اسے پھونکنا شروع کر دیا۔ اور چند منٹ بعد ایسا ہوا کہ وہ آدمی جو بے ہوش ہو گیا تھا اور لوگ اسے اٹھا کر لے جانا چاہتے تھے، وہ خود بخود اٹھا اور گھر کی طرف چلا گیا۔ سب لوگ حیران رہ گئے۔

وہ دکان دار بھی اس کے پیچھے پیچھے ساتھ والی گلی میں اس کے گھر گیا اور اس کے گھر والوں بتایا کہ یہ ایسے گر گئے تھے اور میرے یہ عمل کرنے سے اللہ پاک نے ان کو بچالیا ہے اور ساتھ ہی کاغذ پر اس نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" لکھ کر انہیں بھی دیا۔ وہ گھر والے بہت خوش ہوئے اور انہوں نے بھی اس عمل کو اپنا معمول بنالیا۔

## لاعلاج مریض، اور لاعلاج امراض

میرے پاس اکثر لاعلاج مریض آتے ہیں پچھلے دنوں ایک صاحب آئے میں نے انہیں کہا کہ دیکھو تمہارا کیس لاعلاج ہے۔ ڈاکٹروں نے تمہیں جواب دے دیا ہے، اب یہ مختصر سی دوائی حیلے کے طور پر کھاؤ اور اس کے ساتھ "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتاتا ہوں کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کے اپنے مریض کے پہلے دائیں کان میں پھونک مارو پھر بائیں کان میں۔ وضو تو بہتر ہے ورنہ بے وضو بھی یہ عمل ہو سکتا ہے اور یہ عمل ہر آدھے گھنٹے بعد دہرائو، اگر مریض کے پاس موجود نہیں ہو تو تصور ہی میں اسے پھونک مار دو۔

یقین جانیے کہ صرف سات دن کے بعد ہی اطلاع ملی کہ وہ مریض جو اپنی زندگی کی آخری سانسوں کے تانے بانے گن رہا تھا، جو مریض اپنی زندگی کی آخری کیفیت میں تھا، وہ کہنے لگے کہ: وہ مریض اٹھ کے بیٹھ کر اب خود چمچ سے کھا رہا ہے۔ پہلے جو مریض چمچ کا پانی نگل نہیں سکتا تھا، اب وہی خود تکیے کے ساتھ ٹیک لگا کر، بیٹھ کر اپنے منہ میں چمچ خود ڈال رہا ہے اور پیالہ دوسرے ہاتھ میں ہے۔

## برین ٹیومر اور "افحسبتم اور اذان والا عمل"

میری بچی سروسز ہسپتال میں داخل تھی۔ انہوں نے سارے میڈیکل ٹیسٹ کر کے کہا کہ اسے برین ٹیومر ہے۔ بچی اس وقت کومے کی حالت میں تھی۔ ہم نے حضرت مدظلہ سے رابطہ کیا کہ یہ معاملہ ہے۔ حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا کہ آپریشن نہ کروانا اور فرمایا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہر

آدھے گھنٹے بعد کرو، تین دن تو ہمارے ایسے ہی گزرے کہ بچی ابھی گئی۔ ابھی گئی۔ لیکن الحمدللہ کل صبح وہ ہمارے ساتھ ہوش میں آکر بولنے لگی اور اس نے ہمارے ساتھ باتیں بھی کیں۔(مولانا عاصم صاحب حفظہ اللہ)

## سرجری کیا کراؤ گے۔۔۔؟

میں نے ان (مولانا عاصم صاحب) سے کہا کہ سرجری کیا کراؤ گے ؟ یہ فقیر ایک مسجد کا خادم ہے، میں نے کہا کہ: تو کیا بچی کی سرجری کرائے گا۔۔۔؟ کم از کم پانچ، چھ لاکھ کا نسخہ ہے۔ برین ٹیومر کی سرجری کہاں سے کرائے گا۔۔۔؟ کم و بیش پانچ، چھ ہزار تو تیری تنخواہ ہے۔ تو گھر کا خرچ کیسے چلائے گا اور آپریشن کیسے کرائے گا۔۔۔؟

میں نے کہا کہ ایسے کر کہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' ہر آدھے گھنٹے بعد تو خود بھی کر اور تیری اہلیہ بھی یہی عمل کرے۔ کہنے لگے کہ: تین دن تو اسی کشمکش میں گزرے کہ بچی اب گئی، تب گئی۔ اب وہ کہتے ہیں کہ بچی نے ہم سے باتیں بھی کی ہیں اور ریسپانس بھی دیا ہے۔

## اذان والا عمل

میرے آفس کے Peon کی بھتیجی خطرناک حالت میں شیخ زید ہسپتال میں داخل تھی اور بے ہوش تھی۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ اب کوئی دوا کام نہیں کرے گی، بس دعا کریں۔ وہ پریشانی کی حالت میں میرے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے اسے یہی ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بتایا۔ میں نے کہا کہ سات مرتبہ اذان اس کے دونوں کانوں میں دن میں تین بار پھونکو اور آخری چار آیات ہر گھنٹے بعد پڑھ کر پھونک مارو۔ ابھی انہوں نے صرف پہلے دن ہی دم کیا تھا، دوسرے دن بچی ہوش میں آگئی۔ پورے وارڈ کے دوسرے مریض بھی اور خود ڈاکٹرز بھی حیران و پریشان ہوگئے کہ یہ بچی کیسے بچ گئی ہے۔۔۔؟! الحمدللہ۔۔۔۔!

اس کے بعد پورے وارڈ والے مریض اور ان کے تیمار دار یہی ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کرنے لگ گئے اور اس طرح یہ عمل پورے ہسپتال میں پھیل گیا۔

## خواتین کی لڑائی ختم

کل رات تقریباً 8 بجے کے بعد میرے گھر کے سامنے، باہر گلی میں عورتیں لڑ رہی تھی اور بہت زیادہ ہجوم اکٹھا ہو گیا تھا۔ میری بچی مجھ سے کہنے لگی کہ آپ اذان پڑھیں انشاء اللہ ان کی لڑائی ختم ہو جائے گی۔ میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی اور دوسری مرتبہ پڑھتے ہی شور ختم ہو گیا۔ میری اہلیہ یہ دیکھنے کیلئے باہر نکلی کہ کیا معاملہ ہوا ہے، جب دیکھا تو نہ کوئی لڑائی تھی اور نہ ہی کسی قسم کا کوئی ہجوم۔۔۔۔! اللہ پاک نے اذان کی برکت سے واقعی ہر شیطانی چیز کا خاتمہ کر دیا۔(غلام محمد، لاہور)

## معذور پیر ٹھیک ہو گیا

میری ایک دوست کا Pre میچور بچہ پیدا ہوا۔ بچے کے ایک پاؤں کا پٹھا کمزور ہو گیا۔ اس کا پاؤں زمین پر نہیں لگتا تھا۔ میں نے اسے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ بتایا۔ میں نے اس کے ساتھ ساتھ بھابھی اور بھائی کی صحت یابی کی نیت بھی کی۔ اب اللہ نے کرم فرمادیا ہے، اور ڈاکٹرز نے بھابھی سے کہا ہے کہ ہم گولی ابھی نہیں لگا رہے۔ یہ بچہ اب بہتر ہو رہا ہے اور بھابھی ٹھیک ہو گئیں۔ یہ فائدہ صرف چند ہفتے پڑھنے سے ہوا اور بھائی کے گھٹنوں میں بھی اب درد نہیں ہوتا۔

(ہمشیرہ عبدالرؤف، لاہور)

## گھر بھاری بھاری محسوس ہوتا ہے

محترم حکیم صاحب۔۔۔! اذان والے عمل کو ہم نے مستقل مزاجی سے اپنالیا ہے۔ اب تو یہ حال ہے کہ جس دن گھر کے چاروں کونوں میں اذان نہ دیں، گھر بھاری بھاری سا محسوس ہوتا ہے۔ میری بہن کا جس دن پریکٹیکل تھا اس سے پچھلی رات کو بہن کو بخار ہو گیا۔ امی نے سات بار اذان دی تو کہنے لگی طبیعت ہلکی ہلکی محسوس ہو رہی ہے اور دوا کے بغیر وہ ٹھیک ہو گئی۔ (ہمشیرہ عمیر: لاہور)

## بے دروں کا در، بے سہاروں کا سہارا

ابھی مئی ہی کی بات ہے۔ ایک صاحب جن کا نام حبیب احمد ہے۔ میرے پاس دوران کلینک تشریف لائے۔ مجھ سے کہنے لگے کہ: میری پھوپھی کو سخت فالج کا اٹیک ہوا۔ ان کی حالت کافی ابتر تھی، یہاں تک کہ بالکل مفلوج ہو کر رہ گئیں۔ دو بندوں کے سہارے چل کر اپنی زندگی گزار رہی تھیں۔ ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھ پڑھ کر پھونکا، اللہ کریم نے اپنا کرم فرمایا، اور اب میری پھوپھی خود ہی ہلکے سہارے چل پھر لیتی ہیں۔

## نسبت کا اثر

میرے پانچ ماہ کے بچے کا بخار 3 دن سے ٹوٹ نہیں رہا تھا۔ دوا بھی کر کے دیکھی اور دعا بھی۔ چوتھے دن حضرت صاحب سے ملاقات ہوئی، ان سے بچے کی یہ کیفیت عرض کی۔ حضرت صاحب نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھنے کو فرمایا۔

واضح رہے کہ یہی عمل ہم پہلے بھی کر رہے تھے، مگر حضرت صاحب کے فرمانے کے بعد اس کا اثر اور تاثیر کا یہ عالم تھا کہ صرف 3 دفعہ یہ عمل پڑھ کے پھونکا، اور بچہ صحت یاب ہو گیا۔ الحمدللہ۔ (حسن ہاشمی، خادم عبقری لاہور)

## بچوں کے سکون کی چابی

میری بھانجی جس کی عمر تقریباً 3 ماہ تھی، بہت روتی تھی۔ میں اور میری ہمشیرہ حضرت صاحب کے پاس تشریف لائے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کے بچی کے کانوں میں پھونک دیا کرو۔ وہ دن اور آج کا دن، جب بھی وہ روتی ہے، ہم یہی عمل کرتے ہیں۔ اس کی برکت سے وہ پورا دن پرسکون رہ کر رات میں بھی پرسکون ہو کر سوتی ہے اسی طرح اس کی والدہ بھی اب پرسکون رہتی ہے۔ (محمد بلال، لاہور)

## مریضہ صرف 5 فیصد زندہ ہے

میرے دوست کی بہن کی ڈلیوری کے دوران خون آنے لگ گیا۔ بہت کوشش کی ڈاکٹرز نے مگر خون رک نہیں رہا تھا۔ یہاں تک کہ پچاس بوتلیں خون کی لگ گئیں۔ ڈاکٹرز کہتے تھے کہ مریضہ صرف 5 فیصد زندہ ہے۔ ان کے گھر والے پریشان تھے، سب کے سب سورۃ رحمان پڑھ رہے تھے۔ مجھے پتہ چلا تو میں نے حضرت صاحب کا بتایا ہوا "افحسبتم اور اذان والا عمل" انہیں بار بار پڑھ کر مریضہ کے کانوں میں پھونکنے کا بتایا۔ مریضہ کے گھر والوں نے لگ کر اور پاگل بن کر اس عمل کو کیا، یہاں تک کہ جب کوئی رشتہ دار ملنے آتا اسے بھی اس عمل کو پڑھنے کے لئے بٹھا دیتے۔ اللہ کا شکر ہے، اس عمل نے ایسا حیرت انگیز رزلٹ دیا کہ میں تو کیا؟ سب حیران ہو کر رہ گئے۔ مریضہ کو کافی خون لگنے کے بعد ایک دن اچانک خون نکلنا بند ہو گیا۔ اور اب وہ الحمدللہ مکمل عافیت سے ہے۔ (محمد حسن رانا)

## عمل آسان، فوائد گراں

میری بھانجی کو ڈینگی بخار ہو گیا تھا اور ڈاکٹروں نے اس کے ٹیسٹ کروانے کو کہا جب ٹیسٹ کروائے تو ڈینگی کے جراثیم رپورٹ میں آ گئے۔ میں نے اپنی بھانجی کے کان میں سورۃ مؤمنون کی آخری چار آیات پڑھ کر پھونک ماردی اور جب اگلے دن ڈاکٹر کے پاس گئے، تو ڈاکٹر نے بخار چیک کیا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ اس کے دوبارہ ٹیسٹ کروائیں۔ جب بھانجی کے دوبارہ ٹیسٹ کروائے تو ٹیسٹ میں ڈینگی وائرس موجود نہیں تھا اور سورۃ مومنون کی برکت سے ڈینگی بخار ختم ہو گیا۔

اور ایک دفعہ میری بڑی بھانجی کے سر میں بہت درد تھا اور میں نے سورۃ مومنون پڑھ کر اس کے کان میں پھونک دی اور اس کے سر کا درد بالکل ٹھیک ہو گیا۔ (طیبہ چودھری، لاہور)

## گھریلو لڑائی جھگڑا اور بے سکونی

حکیم صاحب میں نے آپ کو بتایا تھا کہ میرا بیٹا بہت بے ادب و گستاخ ہے، اسی طرح میاں صاحب بھی پل کے پل میں غصے سے چیخنے چلانے لگتے ہیں، اور اس دوران کسی کی نہیں سنتے۔ آپ کا تجویز کردہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" سے دونوں کنٹرول میں تھے۔ پھر یوں ہوا کہ نادانستہ طور پر یہ عمل مجھ سے

چھوٹ گیا، گھر میں پھر وہی لڑائی جھگڑا اور بے سکونی شروع ہو گئی، اب پھر سے نماز فجر سے پہلے یا بعد میں اس عمل کو باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں اور الحمدللہ گھر میں سکون ہے۔ (عذرا جمال، لاہور)

## ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کے حیرت انگیز تجربات

حضرت جی میرے پاس ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ جو تجربات اور مشاہدات ہیں وہ لکھتا ہوں۔

۱۔ جو بچے سکول جانے سے انکاری ہوں اور پڑھنے سے دل چراتے ہوں، ان کے کان میں صرف تین دن صبح و شام سات سات مرتبہ ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھ کر پھونک ماردیں، لیکن ذرا آواز کے ساتھ پڑھیں، پھر کمال دیکھیں۔

۲۔ اکثر بچے اپنے والدین کا کہا نہیں مانتے۔ ایسے بچوں کو آٹھ دن لگاتار دم کریں انشاء اللہ بہترین رزلٹ ملے گا۔ (حافظ محمد آصف، منڈی بہائوالدین)

کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے؟

حضرت جی ایک مشاہدہ جس نے مجھے بھی حیران کر دیا۔ کہ اپریل یا مئی 2011ء کو میں آپ کا درس سن کر لاہور سے واپس گھر جا رہا تھا۔ مجھے فون آیا، ایک دوست کی معرفت سے کوئی خاتون بولی:

”کہ میں الشفا انٹرنیشنل ہاسپٹل اسلام آباد سے بول رہی ہوں۔ میرے شوہر ہیپاٹائٹس کے مریض ہیں اور ڈاکٹروں نے ان کو جواب دے دیا ہے کہ ان کا جگر بالکل ختم ہو گیا، ان کو امریکہ لے جائیں، وہاں ان کا جگر تبدیل ہو گا وغیرہ وغیرہ۔“

وہ بات کرتی ہوتی مسلسل روئے جا رہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ ہم میں اتنی مالی سکت نہیں کہ ہم ان کو امریکہ لے جائیں۔ میں نے اس خاتون کو کہا کہ: بی بی دیکھو میرے سامنے یہ آنسو نہ بہائو، میں خود عاجز بندہ ہوں، اگر یہی دو آنسو تم اللہ کریم جل شانہ کے سامنے بہالو تو ضرور بالضرور تمہارا شوہر ٹھیک ہو جائے گا۔

پھر میں اس یہی ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ بتایا اور اس کے ساتھ ساتھ سورۃ کوثر بھی مسلسل فارغ اوقات میں پڑھنے کا کہا۔ دو دن بعد پھر فون آیا کہ میرے شوہر کی طبیعت پہلے سے کچھ بہتر ہے اور انہیں انڈیا ریفر کرنے کو کہہ دیا ہے کہ وہاں کچھ پیسے کم لگتے ہیں، امریکہ جانے کی ہم میں ہمت نہیں ہے اور اس نے بتایا کہ ڈاکٹر حضرات آٹھ دس دن میں حتمی رپورٹ بنا کر دس دن میں ہمیں انڈیا ریفر کر دینگے۔ میں نے اس کہا کہ بی بی عمل مکمل پورے دھیان سے کرو، اللہ کریم ضرور آپ کی مدد کریں گے۔ حضرت جی اس بی بی نے مکمل دھیان سے اور اللہ کریم کے سامنے رو رو کر دس دن عمل کیا۔

حضرت جی! تقریباً دس بارہ دن کے بعد جب حتمی رپورٹ ان ڈاکٹروں کے سامنے آئی تو سب حیران ہو گئے۔۔۔! اور اسی دن الشفاء انٹر نیشنل ہاسپٹل اسلام آباد میں گیارہ ڈاکٹروں کا بورڈ بیٹھا اور انہوں نے دوبارہ چیک کیا اور بار بار چیک کیا، وہ دو ہفتہ پہلے کی رپورٹ اور موجود رپورٹ جو انہوں نے حتمی رپورٹ بنا کر انڈیا ریفر کرنے کیلئے کیا تھا، دیکھ دیکھ کر حیران ہو رہے تھے کہ آپ کو تو جگر کا مرض ہے ہی نہیں، بس ہلکا سا بخار اور نزلہ ہے۔

ان گیارہ ڈاکٹروں کے بورڈ نے یہ کہہ کر ان کو فارغ کر دیا کہ:" ارشد صاحب۔۔۔! آپ تو ہمارے پاس معجزانہ طور پر ٹھیک ہو گئے۔" معجزانہ کا لفظ ان سب ڈاکٹروں نے کہا اور ٹھیک ایک مہینے کے بعد ارشد صاحب اپنے گھر میں تھے۔ حضرت یہ سب "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا کمال ہے۔( حافظ محمد آصف، منڈی بہائوالدین)

## جب تک خود نہ مریں، قبرستان میں قبر بھی نہیں ملتی

حضرت جی! ایک مشاہدہ اور ہوا۔ وہ یہ کہ ایک عورت کے پیچھے کوئی شیطانی چیز لگی ہوئی تھی اور طرح طرح کے حربوں سے اسے تنگ کرتی تھی۔ مجھ سے پہلے وہ بہت سے عاملوں کے پاس جا چکی تھی۔ کسی نیپینے کے لیے اور کسی نے بہانے کے لئے تعویذ وغیرہ دیئے مگر اسے افاقہ نہ ہوا۔

اب وہ میرے پاس آئی، تو میں نے اس کو پنجابی کی مثال دی کہ جب تک خود نہ مریں، قبرستان میں قبر بھی نہیں ملتی۔ میں نے اس سے کہا کہ: میں دم ضرور کروں گا مگر آپ کو بھی کچھ نہ کچھ کرنا ہو گا۔ اس نے کہا: میں ضرور کروں گی۔ پھر اس کو یہی "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔

اس نے جب یہ عمل کرنا شروع کیا تو اس شیطانی بلا نے اور زیادہ تنگ کرنا شروع کر دیا۔ اس نے مجھ سے شکایت کی تو میں نے اس سے کہا کہ: یہ وقتی پریشانی ہے، انشاء اللہ آپ جلد ٹھیک ہو جائیں گی، عمل جاری رکھیں۔ اور اس کو میں نے عمل کے ساتھ ساتھ روحانی غسل کا بھی بتایا۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" اور روحانی غسل کی برکت سے سے وہ تقریباً چار سے پانچ ہفتہ میں بالکل ٹھیک ہو گئی۔

حضرت جی! آپ سے ملنے کے بعد میں بھی لکھنے بہت کم کر دیئے میرے پاس جتنے بھی لوگ آتے ہیں سب کو اللہ کریم سے مانگنے والا بنا دیا اور بتاتا رہوں گا۔ حضرت جی یہ سب آپ کی ہی برکت سے ہے۔ فقط والسلام حافظ محمد آصف، منڈی بہائوالدین۔

## اذان سے سر درد ختم

میں نے اپنے چھوٹے بھائی کے کان میں اذان اسی طریقے سے پڑھی، جیسے آپ نے بتایا تھا، اس کا سر اصل میں درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ اذان کے عمل سے وہ سکون کی نیند سو گیا۔ ایک دفعہ خود میرے سر میں بھی بہت شدید درد تھا، میں نے اپنے لیے بھی ایسا ہی کیا۔ اللہ کا شکر ہے۔۔۔! سر کا درد صبح ٹھیک ہو گیا تھا۔ (فرحت، لاہور)

## خارش چلی گئی

ایک عورت کو جسم پر بہتزیادہ خارش تھی، بلکہ صرف اسے نہیں، ان کے سارے گھر والے بھی اس بیماری میں مبتلا تھے۔ میں نے اس کو اذان اور اَللّٰھُمَّ بِاِسْمِکَ کا وظیفہ دیا۔ اب تک وہ پڑھ رہے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے ان سے خارش کا مرض ختم ہو گیا ہے۔ جبکہ ڈاکٹروں سے علاج کرا کے تھک گئے تھے۔ (سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو، سندھ)

## شریر جنات کی چوری اور شرارتوں سے چھٹکارا

پہلے ہمارے گھر سے مختلف اور قیمتی اشیاء غائب ہو جایا کرتی تھی۔ میری اہلیہ کو کانوں میں عجیب و غریب طرح کی آوازیں سنائی دیا کرتی تھیں اور کبھی کبھار تو ایسا لگتا کہ کوئی میری اہلیہ کا گلہ دبا کر اس کا دم گھونٹ رہا ہے۔

حضرت جی نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" دیا۔ اللہ کا شکر ہے۔۔۔! اب گھر میں بھی سکون ہے اور ہمیں بھی کافی سکون ہے۔ (محمد فہیم، امریکہ)

## دل کا عارضہ اور جنات کے اثرات دور

مجھے ہارٹ پرابلم تھی اور جنات کے اثرات بھی تھے مجھ پر۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرنے سے بہت فرق پڑا ہے۔ (مسز لئیقہ سلطان: لاہور)

## فیضان ہی فیضان، شفاء ہی شفاء

ا۔ پہلے تو میں نے اس کو خود پڑھا اور اس کی وجہ سے شفاء پائی۔ اس عمل کو میں نے جس کو بھی دیا، اس کو اس سے بہت فیض اور شفاء ملی۔

۲۔ 15 اکتوبر کو میرے بھائی نے مجھے فون پر بتایا کہ میرا دو سالہ بیٹا عبداللہ جناح ہسپتال میں ایڈمٹ ہے، اس کو جھٹکے لگ رہے ہیں، بخار بھی بہت ہی تیز ہے۔ وہ فون پر زارو قطار رو رہا تھا کہ بیٹے کی حالت بہت نازک ہے، ڈاکٹر کہتے ہیں اس کو گردن توڑ بخار ہے۔ میں اسی وقت بیٹی کو لے کر ہسپتال پہنچی اور اپنے ساتھ یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" رکھ لیں۔ ہم گئے تو بچہ بے ہوش تھا۔ جانے کیا کیا مشینیں لگی ہوئی تھیں۔

میں نے فوراً پہنچ کر پہلے اس کا صدقہ دیا۔ پھر میں نے اور میری بیٹی نے یہ چار آیات 7 بار اور 7 بار اذان اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ پڑھ کر اور چاروں قل بھی پڑھ کر پہلے اس کے دائیں کان میں اور پھر بائیں کان میں پھونکنا شروع کر دیا۔ ہم تین گھنٹے مسلسل بار بار پڑھتے رہے۔ اللہ کریم کا شکر ہے کہ بچے کو کچھ ہوش آیا اور بخار بھی کم ہوا۔ ڈاکٹرز نے بہت سے میڈیکل ٹیسٹ بتائے تھے، بس ایک ٹیسٹ کو اسی وقت ہونا تھا جو کہ ریڑھ کی ہڈی سے پانی لے کر کیا گیا۔

ہم رات بارہ بجے تک وہاں پڑھتے رہے، پھر میں گھر آگئی اور بھائی کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی ایک فوٹو کاپی دے آئی اور کہا" انشاء اللہ! اللہ کے کلام کی برکت سے باقی ٹیسٹ اب نہیں کرانے پڑیں گے۔ میں گھر جاکر بھی دعا کروں گی۔ اب تم بس یہ آیات پڑھتے رہنا۔" اس کو میں نے وہ پانی بھی دیا جس پر میں نے یہ آیات اور دو انمول خزانے پڑھا ہوا تھا۔

اگلے دن میں نے بھائی سے ان کے بیٹے کے متعلق پوچھا تو اس نے بتایا کہ الحمدللہ! اب عبداللہ کی طبیعت کافی بہتر ہے۔ پھر میں بھی ہسپتال گئی۔ بچہ ماشاء اللہ کافی بہتر تھا۔ جہاں ڈاکٹرز کو اس کی بیماری کی سمجھ ہی نہیں آرہی تھی اور نہ جانے کتنے دن اس کو ہاسپٹل رکھنے کو کہا تھا وہاں اس "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت سے وہ دوسرے دن ہی گھر چلے گئے، اور مزید کوئی اور ٹیسٹ بھی کروانا نہ پڑا، اب ماشاء اللہ بچہ بالکل ٹھیک ہے۔

۳۔ میری ہمسائے میں ایک خاتون آمنہ کی طبیعت بہت خراب تھی اور ایک ہفتے سے ڈاکٹر سے میڈیسن لے رہی تھی مگر اس کو افاقہ نہیں تھا، اس نے اپنے بھائی کے ذریعے مجھے بلایا اور ساری حقیقت بتائی۔ میں نے اس کی تیمارداری کی نیت سے خود جاکر "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر اس کے دائیں اور پھر بائیں کان میں پھونکا اور وہ پانی بھی دیا، جس پر میں نے یہ آیات اور دو انمول خزانے کا کلام پڑھا ہوا تھا۔

اگلے دن ہی اس نے خود مجھے آکر بتایا کہ میری 80٪ تکلیف دور ہوگئی ہے اور میرا شکریہ ادا کیا۔ میں نے اسے کہا کہ بس اب تم خود یہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھتی رہنا۔ اللہ شفاء کاملہ عطا فرمائیں گے۔ (مسز لئیقہ سلطان۔ لاہور)

## جیسے کچھ ہوا ہی نہ تھا۔ سبحان اللہ۔۔۔!

ایک رات میں پرسکون سوئی ہوئی تھی۔ اچانک رات میں میری آنکھ کھلی۔ مجھے ایسا لگا کہ کسی نے مجھے اٹھایا ہو۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آیا۔ میں بچوں کو ٹھیک کرکے پھر لیٹ گئی۔ پھر آہستہ آہستہ میری طبیعت خراب ہونا شروع ہوگئی اور بگڑتے بگڑتے مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے میں آخری دفعہ اپنے بچوں کو دیکھ رہی ہوں۔ میں نے اپنے شوہر کو جگا دیا۔ وہ میری حالت دیکھ کر بہت پریشان ہوئے، فوراً مجھے سروسز ہسپتال لاہور لے گئے۔

وہاں جاکر میرے سارے ضروری ٹیسٹ ہوئے۔ مگر میری حالت سنبھلنے میں نہیں آرہی تھی۔ ڈاکٹرز نے ہسپتال میں ایڈمٹ کرنے کا کہا، مگر میں بچوں کی وجہ سے گھر واپس آکر سوگئی۔

صبح اٹھی تو حالت ویسی ہی تھی، بلکہ مزید بدتر ہوتی جارہی تھی۔ میرے شوہر عبقری کے دفتر گئے۔ حکیم صاحب سے ملاقات تو نہ ہوسکی، انصاری صاحب سے میرے شوہر نے میرا تذکرہ کیا۔ انصاری صاحب نے کہا کہ " آپ کے گھر پر جو اثرات ہیں یا جو جادو وغیرہ ہے، جس کی لیے آپ کی اہلیہ جو وظیفہ پڑھ رہی ہیں، اس کی وجہ سے وہ آپ کو تنگ کررہے ہیں تاکہ آپ وظیفہ نہ پڑھ سکیں۔" اور پھر انصاری صاحب نے "افحسبتم اور اذان والا عمل " پڑھنے کیلئے کہا۔

رات کو میرے میاں صاحب نے اذان تو پڑھی لیکن آیات نہیں پڑھیں۔ صبح کو اٹھ کر ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ کی تلاوت کی اور میرے کانوں میں پھونک دیا۔یقین جانیے۔۔۔! کہ پانچ منٹ بھی بڑی مشکل سے گزرے ہوں گے اور میں ایسے اٹھ کر کھڑی ہوگئی کہ جیسے مجھے کچھ ہوا ہی نہ تھا۔ اب میرا شوہر مسلسل ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ کی پابندی رکھتے ہیں۔

اسی طرح میرے کان ٹانسلز کی وجہ سے بہتے تھے، اذان کی برکت سے کانوں کا زخم خشک ہوگیا۔ میرے بچے راتوں کو ڈرتے تھے، اب اللہ کا شکر ہے۔ میرے شوہر یورک ایسڈ کی وجہ سے صرف سبزیاں کھاتے تھے، کبھی کبھی تکلیف اتنی بڑھ جاتی کہ بستر سے لگ جاتے اور قدم تک نہ اٹھا پاتے، آپ کے بتائے ہوئے وظیفے ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ کی وجہ سے اب یہ تکلیف نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے اور بہت ذوق و شوق سے پورے دل سے وظیفے کی پابندی کرتے ہیں، انہوں نے کوئی دوا استعمال نہیں کی۔(مسز عامر، لاہور)

## گھریلو بدترین حالات، بیروزگاری، قرضہ

حکیم صاحب نے میرے گھریلو بدترین حالات، بیروزگاری، قرضہ وصول نہ ہونے کے لئے دو انمول خزانے تجویز کئے تھے۔ مگر میں اس عمل کو پورا نہ کرسکا۔ بعد میں ماہنامہ عبقری میں اذان والا عمل پڑھا۔ پھر میں نے اپنے گھر کے کمروں میں اذان والا عمل پڑھ کر پھونکا۔ اس سے میرے گھریلو حالات میں کافی فائدہ ہوا ہے۔(محمد ادریس، ایبٹ آباد)

## آپ توجہ سے کریں، اللہ کرم کریں گے۔۔۔!

میں اپنی بہن کی عیادت اور تیمارداری کیلئے گیا۔ وہ کافی بیمار تھی۔ میں نے اپنے مرشد کا بتایا ہوا ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ پڑھ کر ان کے کانوں میں پھونکا۔ الحمدللہ اس سے افاقہ ہوا۔

ساتھ پڑوس میں کسی کو اس کا پتہ چلا تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ باباجی میری والدہ کو فالج ہوا تھا، آپ کوئی وظیفہ بتادیں۔ میں نے انہیں ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ دیا اور کہا توجہ سے کریں، اللہ کرم کردیں گے۔ تین دن بعد پڑوسی سے ملاقات ہوئی تو وہ کافی خوش تھے اور کہا کہ الحمدللہ ہماری مریضہ پہلے سے بہتر ہے۔(محمد اسلم جاوید، لاہور)

## اور جو مجھ پر بیتی۔۔۔!

اسی مئی کی بات ہے، جب میں اور میرے ساتھی ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ کے مشاہدات جمع کررہے تھے، انہی دنوں میں رات کے وقت گہری نیند سو رہا تھا۔ اچانک پاؤں کے انگوٹھے میں ٹیس محسوس ہوئی۔ اتنا شدید درد کہ تکلیف کے مارے میری آنکھ کھل گئی، میں نے دیکھا کہ میرے پاؤں کا انگوٹھا سوجا ہوا تھا۔ میں اٹھا کہ کوئی دوا یا مرہم سے علاج کروں، تاکہ سنت نبوی ﷺ پر عمل ہو۔ پھر مجھے ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ یاد آیا۔ اور

میں نے شدید تکلیف کی حالت میں اس عمل کو پڑھا۔ الحمدللہ! ثم الحمدللہ۔۔۔! درد تو فوری ختم ہو گیا مگر صبح تک سوجن باقی تھی۔ اور صبح کو میں نے وہ سوجن اپنے ساتھیوں کو بھی دکھائی۔

## سیزن میں بھی عام کرایہ پر سفر

ایک دفعہ بہت سخت آندھی آئی۔ ہم سب کو کافی پریشانی ہوئی۔ اچانک مجھے اذان والا عمل یاد آیا۔ میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی اور لگاتار اذان پڑھتا رہا۔ اس کی برکت سے آندھی رک گئی۔

اسی طرح ایک دفعہ ہم بہاولپور جا رہے تھے۔ چونکہ عید کے دن قریب تھے تو بس والے نے کرایہ زیادہ مانگا۔ ہم نے اذان والا عمل کیا۔ اس کی برکت سے اس نے ہزار کی بجائے چھ سو روپے کرایہ لیا۔ (فقیر محمد آصف، خادم تسبیح خانہ)

## جرمنی سے بذریعہ کال دم، اور فوری شفاء

محترم حکیم صاحب۔۔۔! میں نے آپ کو اپنا مشاہدہ عرض کرنا تھا۔ ایک دفعہ میری امی کو عجیب تکلیف ہوئی۔ ان دنوں میرا بھائی جرمنی میں تھا۔ اس نے وہاں سے بذریعہ کال جیسے ہی اذان امی کے کان میں سنائی تو میری والدہ اذان کی برکت سے بالکل ٹھیک ہو گئیں۔ ماشاءاللہ والحمدللہ!!! (خدیجہ گل)

## بذریعہ خواب عمل کے فائدے عیاں ہوئے۔۔۔!

مجھے میرے روحانی و جسمانی مسائل میں اذان والے عمل سے بہت فائدے ہو رہے ہیں۔ ابھی گذشتہ دنوں میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ناک میں ایک عجیب و غریب سی چیز ہے جو میرے ناک میں گھسی ہوئی ہے اور میں سخت تکلیف میں ہوں۔ میں نے خواب میں بہت کوشش کی مگر وہ چیز نکل نہیں رہی تھی۔ پھر میں نے خواب کے اندر ہی اذان پڑھنی شروع کر دی، تو تیسری اذان پر وہ عجیب و غریب چیز خود ہی باہر نکل گئی۔ (آمنہ جمال، لاہور)

## روزگار ملا، پریشانیاں ختم ہوئیں

ماہنامہ عبقری میں میں نے اذان والا عمل پڑھا اور اس کا وظیفہ شروع کر دیا۔ اللہ کا شکر ہے میرے بہت سے رکے ہوئے کام اس عمل کی برکت سے ہونا شروع ہو گئے۔ میرے شوہر کو روزگار مل گیا اور میری گھریلو پریشانیاں تھیں وہ بھی ختم ہو گئیں۔ عبقری تیرا شکریہ۔ (سعدیہ ملک، مظفر آباد)

### واہ میرے مولا۔۔۔! تو کتنا کریم ہے

حضرت صاحب میرے ذہن میں آیا کیوں نا" افحسبتم اور اذان والا عمل" موبائل فون میں ڈاؤن لوڈ کرکے صبح وشام سنی جائیں؟ اور پھر میں نے ایسا کیا بھی، اور الحمدللہ مجھے جب بھی کسی تکلیف یا پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، تو میں کانوں میں ہینڈ فری لگا کر" افحسبتم اور اذان والا عمل" سن لیتا ہوں، اللہ پاک میرا مسئلہ حل فرمادیتے ہیں۔ یہی عمل میں رات کو پرسکون نیند کے لئے بھی کرتا ہوں۔

اسی طرح" افحسبتم اور اذان والا عمل" میں نے C.D میں بھی رائٹ کی ہے۔ جسے میں اکثر گاڑی میں اور گھر میں سنتا رہتا ہوں۔ (محمد شعیب، لاہور)

### دعائیں قبول ہونے لگیں

سات بار" افحسبتم اور اذان والا عمل" عشاء کے بعد اور فجر سے پہلے سات بار پڑھتا ہوں۔ حضرت حکیم صاحب کے ان دیئے ہوئے اعمال کے کرنے سے مجھے یہ فائدہ ہوا ہے کہ جب پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے جسم پر مارتا ہوں میرے سارے جسم کی دردیں 90٪ ختم ہوگئی ہیں اور میری دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ احمد سعید ریحان (گجرات، عمر 79 سال 6 ماہ)

### اللہ مددگار ہے۔۔۔!

میرا بیٹا T.V میں ملازم تھا ایک دن مجھے کہنے لگا: ابا جی ٹی وی والے ملازمین کو نوکریوں سے نکال رہے ہیں اور میرے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کو نوکری سے نکال دیا ہے۔ میں نے کہا فکر نہ کرو اللہ کریم اس کی جگہ تمہیں ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ لگادے گا۔ تھوڑے دنوں بعد ٹی وی والوں نے اُسے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ بنادیا۔

چند دنوں بعد کہنے لگا: ٹی وی والے مکمل شعبہ ختم کررہے ہیں اور تمام ملازمین کو نوکریوں سے نکال رہے ہیں۔ میں نے کہا اللہ مددگار ہے! چاہے سب کو نکال دیں! تمہیں نہیں نکالیں گے۔ ٹی وی والوں نے شعبہ ختم کردیا، ملازمین کو نوکریوں سے نکال دیا، مگر میرا بیٹا ابھی بھی نوکری کررہا ہے۔ یہ سب " افحسبتم اور اذان والا عمل" کے کمال ہیں۔ احمد سعید ریحان (گجرات، عمر 79 سال 6 ماہ)

### جیوے میرا مرشد سوہنا۔۔۔!

نہ میں عامل ہوں اور نہ بہت زیادہ علم رکھتا ہوں یہ بس حضرت جی کے بتائے ہوئے عمل ہیں جو کررہا ہوں اگر کوئی بزرگ سمجھ کر میرے پاس آجاتا ہے کہ باباجی آپ نمازی بندے ہیں سر درد کررہا ہے دم کردیں میں" افحسبتم اور اذان والا عمل" یا پھر جو دل میں آتا ہے، پڑھ کر دم کردیتا ہوں، رب کریم کرم کردیتا ہے، بندہ ٹھیک ہوجاتا ہے۔

صرف سر درد نہیں کوئی بھی مسئلہ پیش آجائے دم کر دیتا ہوں اللہ کرم کر دیتا ہے۔ میں کسی کو خود نہیں کہتا میرے پاس آئو لوگ خود ہی آجاتے ہیں۔ احمد سعید ریحان (گجرات، عمر 79 سال)

## کئی بیماریاں اور عمل صرف ایک

حکیم صاحب آپ نے درس میں جتنے بھی وظائف بتائے ہمیں ان وظائف سے بہت سے فوائد حاصل ہوئے لیکن میں ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کے بارے میں بتائوں گی کہ ان کے پڑھنے سے ہمیں کیا فائدہ حاصل ہوا۔

میری والدہ شدید بیمار ہوئیں، ان کا یورک ایسڈ بڑھ گیا تھا، وہ ہسپتال میں بھی داخل رہیں، دل کا بھی عارضہ ہے اور ہارٹ صحیح طرح پمپ نہیں کر رہا تھا ، اور یورک ایسڈ کا اثر ان کے گردوں پر بھی پڑا۔ کافی شدید بیمار رہنے کے بعد وہ گھر واپس آئیں اور ان کے گھٹنوں میں شدید تکلیف تھی، چلنا پھرنا محال ہو گیا تھا اور کھانا بھی ہضم نہیں ہوتا تھا۔ رات کو سوتی نہیں تھیں، گھٹنوں میں لیٹے بیٹھے ہر وقت تکلیف رہتی تھی۔ پائوں بھی سیدھے پھیلائے نہیں جاتے تھے۔ ہم پکڑ کے بہت مشکل سے واش روم لے کر جاتے تھے۔ الغرض وہ بہت شدید تکلیف میں تھیں۔ ڈاکٹرز ہسپتال سے ان کا علاج ہو رہا تھا، لیکن کوئی افاقہ نہیں تھا۔

جب آپ کے درس میں ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کے بارے میں سنا تو امی نے پانچوں نماز کے بعد ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کیا۔ آپ یقین جانیے کہ کچھ ہی عرصے میں امی کے پائوں کی تکلیف کم ہوتی گئی ہم پکڑ کر اٹھاتے تھے اب وہ خود ہی اٹھ جاتی ہیں اور واش روم بھی خود چلی جاتی ہیں اور اب ان کی صحت بھی اچھی ہوتی جارہی ہے۔ (مسز غزالہ ریحان، لاہور)

## ویزا لگ گیا

ایک سال سے میری بھابھی کا ویزہ نہیں لگ رہا تھا ہم سب بہت پریشان تھے کیونکہ اس کی ڈلیوری کے دن نزدیک آتے جارہے تھے اور بھابھی کا بھائی کے پاس پہنچنا بہت ضروری تھا۔ میرے بھائی ہانگ کانگ میں ہوتے ہیں ہم نے صرف تین یا چار دن اذان پڑھی اور ویزہ چوتھے دن لگ گیا اور ایک ہفتے کے اندر میری بھابھی ہانگ کانگ پہنچ گئی اب ماشاء اللہ اس کا بیٹا ہوا ہے۔ (مسز غزالہ ریحان، لاہور)

## دو ہی بیماریاں ہیں۔۔۔!

محترم حکیم صاحب! مجھے دن کے وقت بار بار بلغم آرہی تھی میں نے دو سے تین نمازوں کے بعد ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کیا تو میری بلغم بالکل ٹھیک ہوگئی۔ اصل میں مجھے دو ہی بیماریاں ہیں ایک معدہ اور دوسری کھانسی یا بلغم والی۔ اسی لیے میرے ہر تجربے میں ان دونوں کا ہی ذکر ہوتا ہے۔ (فرحت، لاہور)

## اسی کو صدقہ جاریہ کہتے ہیں

محترم حکیم صاحب! میں نے ایک بار خواب میں بھی دیکھا کہ میں نے کسی عورت کو" افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھتے سنا اور دور سے سن کر میں کہنے لگی کہ اسی کو صدقہ جاریہ کہتے ہیں حکیم صاحب ٹھیک فرماتے ہیں کہ لوگوں کو اعمال بتاؤ یہ صدقہ جاریہ بنیں گے۔( فرحت،لاہور)

## دوائیاں چھوڑ دیں

حکیم صاحب! میری کزنز جو کہتی تھیں کہ ہم درس میں دعا کی برکت سے ٹھیک ہوئیں انہوں نے بتایا کہ میری چھوٹی بہن ہمیں" افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر دم کرتی تھیں اور پانی پر بھی پڑھ کر دیتی تھیں اس عمل کی برکت سے انہوں نے ڈاکٹر کی دوائیاں چھوڑ دیں اور صرف اسی سے صحت یاب ہوئیں۔( فرحت،لاہور)

## ٹی وی پر اذان سننے کا فائدہ

محترم حکیم صاحب! اذان کی برکت دیکھیں میں نے صرف ٹی وی پر اذان توجہ سے سنی تو اسی کی برکت سے میرے پیٹ میں کھانے کے بعد جو درد ہو رہا تھا وہ ٹھیک ہو گیا میں حیران رہ گئی کہ صرف اذان کے سننے میں اتنی برکت ہے اور پڑھنے سے کیا کچھ نہیں ہو گا؟( فرحت،لاہور)

## عجیب خواب کا نظر آنا

ایک رات خواب میں دیکھا کہ دو، تین جنوں نے مجھے کرسی پر باندھ دیا ہے اور میرے سینے کو زور سے پکڑ لیا ہے اور میری کرسی کو ہوا میں اٹھالیا ہے میں گھر کے صحن میں تھا جس میں ایک سال اور کچھ ماہ پہلے ہم رہتے تھے میں نے اسی دوران اذان پڑھنا شروع کر دی دو تین بار شاید پڑھی تھی یا اس سے بھی کم کہ وہ جن مجھے کہنے لگے کہ اس کا حل تیرے پاس نہیں ہے اس کا حل (یعنی" افحسبتم اور اذان والا عمل" ) تو حکیم صاحب کے پاس ہے۔(فقیر عبدالاحد)

## " زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے"

بڑی پرانی سی بات ہے کہ میں چھوٹا سا تھا تو ایک بابا جی ایسے چلتے چلتے بات کہہ دی اس وقت سمجھ نہ آئی۔ بڑے عرصے کے بعد بات سمجھ آئی۔ بس سمجھ یہ آئی کہ کہنے والے نے کہا" یہ زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے"۔ بڑی سمجھ نہ آئی لیکن گردش ایام نے اور زندگی کی صبح اور شام نے اس عقدے کو حل کیا۔ اس سوال کا جواب دیا۔ اور جواب یہی دیا کہ واقعی زندگی اعمال سے بنتی ہے۔

ابھی کل کی بات ہے وہ ایک صاحب کہنے لگے کہ میری بچوں کو آنکھوں سے پانی نہیں اترا۔ اتنے رئیس آدمی ہیں کہ چھوٹی سی بات پر نا! فوراً بہت بڑے اسپیشلسٹ ڈاکٹر بہت بڑے کہنے لگے خود ہی یہ خیال آیا کہ سورۃ المئومنون کی آخری چار آیت جو ہیں" افحسبتم اور اذان والا عمل" کیوں نہ پڑھی

جائے۔ پھر دن یوں کئی دفعہ پڑھ پڑھ کے اس پر کانوں میں اس کے دم کر دیا۔ ایک دو دن کیا۔ اس کے بعد وہ کہنے لگے بھول گئے۔ بھول گئے اور بس وہ بات ہی بھول گئے۔ اللہ نے بھلا دی۔ پھر خیال آیا وہ کہنے لگے دیکھا تو وہ بچوں کی آنکھوں سے پانی بہنا ختم ہو گیا تھا۔ بچوں کی آنکھوں سے پانی بہنا جو ہے کیا ہو گیا؟ اللہ والو! ہمیں تو زندگی میں اللہ پاک جل شانہ نے اعمال ایسی نعمت دی ہے۔ ہم مشکل حل کرا سکتے ہیں۔

## اذان کی برکت خراب کیلکولیٹر ٹھیک ہو گیا

ایک نوجوان بتانے لگے کہ پچھلے ماہ میرے فائنل ایگزامز تھے اور میں کمرے میں بیٹھا تیاری کر رہا تھا تو اچانک میرا کیلکولیٹر چلتے چلتے کام کرنا چھوڑ گیا اور جام ہو گیا اس کا + والا بٹن کام نہیں کر رہا تھا میرا دھیان اس بات پر گیا کہ ہر کام اللہ کے حکم سے ہوتا ہے میں نے فوراً سات مرتبہ اذان پڑھ کے کیلکولیٹر پر دم کیا اور اسے تھوڑی دیر دھوپ میں رکھ دیا پھر پکڑ کے چلایا تو نہ چلا میں نے سوچا کہ ایسے ہو نہیں سکتا کہ اللہ کا نام لیا ہو اور کام نہ بنے میں نے اپنی بہن کو دکھایا اس نے ایسے پکڑ کے چلایا تو فوراً چل پڑا یہ فائدہ اذان کی برکت سے ہوا ورنہ اس وقت میرے پاس اتنا ٹائم بھی نہیں تھا کہ میں جا کے نیا لے آتا۔

## گمشدہ چیزیں مل گئیں

میں اسلام آباد سے آیا ہوں۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے اذان والا عمل بتایا تھا اور ایک مرتبہ یہ بھی فرمایا تھا کہ ہر عمل کو کرنے کے ساتھ ساتھ چلایا بھی کرو میں نے اس عمل کو کئی مرتبہ آزمایا خاص طور پر کسی بھی گمشدہ چیز کیلئے میں سات بار اذان پڑھتا ہوں۔

میرا موبائل فون جو کہ کافی مہنگا تھا وہ یونیورسٹی کی بس میں گم ہو گیا۔ میں نے سات بار اذان پڑھی اور دوبارہ اس بس میں گیا جا کے دیکھا کہ بس کی کھڑکیاں، دروازے کھلے تھے اور ڈرائیور اور کنڈکٹر باہر کھڑے تھے اور میرا موبائل ایک سیٹ پر بحفاظت پڑا تھا کسی نے بھی اٹھایا نہ تھا۔

اسی طرح ایک مرتبہ میرے بھائی کے اور یجنل ڈاکومنٹس گم ہوئے تھے ہوا یوں کہ فیض آباد کے پل کے نیچے سے گزرتے ہوئے موٹر سائیکل پر شاپر میں تیز ہوا لگی اور سارے کاغذات بکھر گئے لیکن اسے پتہ نہ چلا تقریباً پانچ کلومیٹر آگے جا کر اس نے دیکھا تو خیال آیا وہ واپس اسی راستے سے اس جگہ آیا جہاں کاغذات بکھرے تھے۔ تو اس نے سات مرتبہ اذان پڑھ کے تمام ڈاکومنٹس ڈھونڈنا شروع کیے اور الحمدللہ تھوڑی ہی دیر میں اس کے اور یجنل ڈاکومنٹس مل گئے۔

اس کے علاوہ ہم لوگ اپنے والد صاحب کے ساتھ کچہری میں گئے۔ تو وہاں کا بندہ ہمارا کام نہیں کر رہا تھا کافی دیر بعد جا کے اسے منایا اور اس نے ہماری فائل ڈھونڈنا شروع کی جس فائل پر ہم نے بیان دینا تھا۔ لیکن کافی تلاش بسیار کے بعد بھی وہ فائل نہیں مل رہی تھی میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی ابھی دو مرتبہ ہی اذان پڑھی تھی کہ وہ فائل مل گئی۔ (عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## کک ماری فوراً سٹارٹ ہو گئی

میرا موٹر سائیکل تقریباً 15 دن سے بند تھا میں نے کافی ٹرائی کی لیکن وہ سٹارٹ نہیں ہو رہی تھی میں اسے مکینک کے پاس لے گیا وہ کہنے لگا کہ اسے کسی اور کے پاس لے جائو میں نے 7 بار اذان پڑھی اور جونہی کک ماری فوراً ایسے سٹارٹ ہو گئی جیسے مردے میں جان آجاتی ہے اس کے علاوہ بھی حفاظت کیلئے اذان کے کئی مشاہدات ہیں۔(عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## مشکلات کا حل

ایک صاحب بتانے لگے کہ: میں نے ابھی درس میں نیا نیا ہی آنا شروع کیا تھا۔ جب حضرت دامت برکاتہم نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا تھا تو میرے حالات کچھ ایسے تھے کہ روز کسی نہ کسی مشکل سے دوچار رہتا۔

جمعہ کی صبح کو میں نے کام پر ذرا جلدی جانا تھا تو جب میں گھر سے نکلا تو آگے جا کر جناح ہسپتال کے نزدیک میرا دوست ملا۔ میں گاڑی سے باہر نکلا لیکن چابی اندر ہی رہ گئی اور ساتھ ہی میری گاڑی سنٹرل لاک ہو گئی۔

صبح کا وقت تھا اس وقت کوئی لاک ماسٹر بھی نہیں مل سکتا تھا۔ خیر میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی۔ سورۃ مومنون کی آخری 4 آیات تو مجھے یاد نہیں تھیں میرا دوست کسی لاک ماسٹر کو ڈھونڈنے گیا۔ میں نے سوچا اسے پتہ نہیں لاک ماسٹر ملے یا نہ ملے۔ میں اذان پڑھتا رہا۔ چند لوگ بھی سائیڈوں پر آکے کھڑے ہو گئے۔ اچانک دوست کا فون آیا کہ میں لاک ماسٹر کو لے کر آرہا ہوں تم پریشان مت ہو۔

پھر لاک ماسٹر آگیا اور تقریباً پونا گھنٹہ کوشش کرتا لیکن لاک نہ کھلے۔ وہ بھی پریشان ہو کر کہتا ہے کہ ہم تو پانچ منٹ میں ہر قسم کے لاک کھول لیتے ہیں یہ پتہ نہیں کیوں نہیں کھل رہے۔ خیر اس نے سائیڈ سے کوئی آلہ ڈال کے دروازے تو کھول دیئے لیکن لاک نہیں کھل رہے تھے۔ میں آگے چل پڑا۔ اور سوچتا رہا کہ یہ کوئی بندش ہے، جس کی وجہ سے لاک نہیں کھل رہے۔

اس کیلئے میں نے چلتے چلتے آخری چھ سورتیں پڑھنا شروع کر دیں ابھی تیسری سورت پر ہی پہنچا تھا کہ اچانک ایسے کلک کر کے تمام لاک خود ہی کھل گئے۔

## بخار ٹھیک ہو گیا

میرا بیٹا جس کی عمر 4 ساڑھے چار سال ہے وہ ایک دن سکون سے واپس آکر کہنے لگا کہ میرے سر میں بھی درد ہے۔ ماتھے اور کمر میں بھی درد ہے اور ساتھ ہی اسے بہت تیز بخار ہو گیا۔ میں نے اسے دوائی وغیرہ دی لیکن فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ اس وقت میرے پاس قرآن شریف پڑا ہوا تھا میں

نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' پڑھ کے اس کے کانوں میں پھونک مارنا شروع کر دی اور ہر آدھے گھنٹے بعد مسلسل یہ عمل کیا الحمدللہ دوسرے ہی دن بچہ بالکل صحت یاب ہو گیا۔

اس کے علاوہ میں یہاں اس نیت سے آتا تھا کہ میرے کام کی رکاوٹیں اور مشکلات ٹل جاتیں۔ مجھے ابھی نہیں پتہ تھا کہ درس کے بعد بھی کوئی مجلس ہوتی ہے پھر جس دن مجھے پتہ چلا تو میں نے سوچا کہ چلو اور ہر مجلس مجذوبی میں جا کر بیٹھتے ہیں اس سے حضرت جی دامت برکاتہم یہ تو ڈائریکٹ نظر پڑتی ہے نا! شاید ان کی بھی نظر پڑ جائے تو الحمدللہ اس دن سے میرے حالات کافی بہتر ہو گئے ہیں اور پریشانیوں سے چھٹکارے کی امید پیدا ہو گئی ہے۔

## جسمانی بیماریوں سے نجات

حضرت آپ دامت برکاتہم نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بتایا تھا میری والدہ کو 30/35 سال سے مرگی کے دورے پڑتے تھے تو دورے تو اپنی جگہ لیکن ساتھ ساتھ ہر وقت جسم میں اور سر میں درد رہتا تھا اس عمل کی برکت سے اب اللہ کا شکر ہے کہ ان کے جسم اور سر میں درد نہیں ہوتا اور وہ پہلے سے کافی بہتر ہو گئی ہیں۔

دوسرا یہ کہ میرا چار سال کا بیٹا ہے جب سے پیدا ہوا ہے تقریباً تب سے ہی اسے ٹانگ میں مسلسل درد رہتا تھا اور کبھی کبھار تو درد اتنی شدت اختیار کر جاتا کہ کوئی بھی میڈیسن لینے سے فرق نہیں پڑتا تھا تو اس کے لیے بھی یہی کام ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کیا اب الحمدللہ اسے درد نہیں ہوتا اور اگر کبھی ہو تو یہ عمل کرتے ہیں اور درد فوراً ختم ہو جاتا ہے۔ (عابد عباسی، مانسہرہ)

## پرانے ٹائیفائیڈ سے صحت یابی

یہاں درس میں حضرت دامت برکاتہم نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بتایا تھا میں اپنے گاؤں گیا تو وہاں میری چھوٹی بہن ہیں، جنہیں کافی عرصے سے ٹائیفائیڈ بخار تھا اور ختم نہیں ہوتا تھا۔ میرے پاس وقت کم تھا۔ اس لیےمیں نے صرف ایک ہی وقت میں سات اذانیں دائیں کان میں پڑھیں اور سات اذانیں ان کے بائیں کان میں۔ اسی طرح سورۃ المومنون کی آخری 4 آیات بھی 7,7 مرتبہ پڑھ کے ان کے دونوں کانوں میں پھونک مار دی اور میں لاہور آ گیا۔ 2/3 ماہ بعد پھر چھٹی پر ان کے ہاں جانا ہوا تو وہ کہنے لگی بھائی! مجھے ایک بار پھر دم کر دو۔۔۔۔ میرا بخار پہلے دم سے ہی ختم ہو گیا ہے۔ (کیپٹن حبیب اللہ اظہر)

## تعلیمی نصاب اور نماز میں یکسوئی

پچھلے ہفتے میرا ایک کزن مجھ سے کہنے لگے کہ میرا پڑھنے کو دل ہی نہیں کرتا نہ ہی نماز میں دھیان ہوتا ہے وہ کالج میں پڑھتا ہے اور ان دنوں اس کے پیپر ہو رہے تھے وہ کہتا ہے کہ جب بھی پڑھنے بیٹھوں فوراً دل اکتا جاتا ہے اور میں پڑھنا چھوڑ دیتا ہوں میں نے اسے کہا کہ جب بھی نماز پڑھنے جاؤ تو نصابی

کتابیں پڑھنے بیٹھوتو ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' پڑھ لیا کرو۔ پھر دو دن بعد مجھے بتانا اس نے تو مجھے نہ بتایا لیکن چار دن بعد میری اس سے جب ملاقات ہوئی تو میں نے پوچھا کہ اب کیسے ہو؟ کہنے لگا کہ میں نے وہ عمل ایک مرتبہ کیا تھا اب بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں نہ نماز میں کوئی وسوسہ آتا ہے نہ ہی پیپر کی تیاری کرتے وقت دل اکتاتا ہے۔

## تمام مشکلات کا خاتمہ

آج ہی ایک اطلاع ملی ہے کہ ایک میاں بیوی جو پاکستانی شہری ہیں اور آج کل وہ امریکہ میں تعینات ہیں بیوی کسی امریکی ایجنسی میں کام کرتی ہیں اور ان کے خاوند امریکی ایئر فورس میں ہیں۔ بیوی پچھلے 26 سال سے غیر مرئی طاقتوں کے زیر اثر تھیں اور 26 سال سے ہی بہت کرب میں مبتلا تھیں او جو کچھ بھی کماتے وہ سارے کا سارا ان کی بیماری پر لگ جاتا جب پاکستان میں تھیں تو درس میں بھی حاضر ہوتی رہیں، لیکن اس وقت انہوں نے اعمال کی طرف توجہ نہیں کی۔ جب امریکہ چلی گئیں تو وہاں انٹرنیٹ کے ذریعے درس سنتی رہیں اور ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' شروع کیا۔

اللہ کریم نے اس عمل کی بدولت 26 سال پرانے تمام اثرات زائل کر دیئے اور الحمدللہ وہ مکمل صحت یاب ہو گئیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے یہ دوسرا واقعہ بتایا کہ انہوں نے ایک تھیلی بنا کر کے اس میں رقم رکھ کر کے اس پر 129 مرتبہ سورۃ کوثر مع اول آخر سات بار درود شریف والا عمل شروع کر دیا۔

اس سے یہ فائدہ ہوا کہ پہلے جو کمائی ان کی بیماریوں کے علاج پر خرچ ہو جایا کرتی تھی اب وہ سارا سلسلہ برکت میں تبدیل ہو گیا ہے اور اب وہ بہت آرام سے کہتی ہیں کہ اب میرے پاس اتنے پیسے ہیں کہ پاکستان جاتے ہوئے اپنے عزیز و اقارب کیلئے میں تحفے تحائف لے سکوں گی تو ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' اور سورۃ کوثر سے انہوں نے اتنی برکت اور ثمرات پائے ہیں۔ (محسن انصاری صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ)

## شکر ہے تیرا خدایا۔۔۔۔۔۔!

میرا ڈیڑھ سال کا بیٹا ہے اس کو ڈینگی فیور ہو گیا۔ روحانی غسل، ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' ہر گھنٹے بعد کیا اور صرف 2 دن میں وہ بچہ ٹھیک ہو گیا۔ اس کے علاوہ آفس کے کام کے سلسلے میں ہماری پوری ٹیم کا برڈن بہت زیادہ بڑھ گیا تھا اور دن میں مسلسل 19/18 گھنٹے کام کرنے کے باوجود بھی برڈن ختم نہیں ہو رہا تھا۔ ہر قسم کی تدبیر آزما کے دیکھ لی مگر کچھ نہ بنا۔

ایک دن بیٹھا میں سوچ رہا تھا کہ مسئلہ کیا ہے جو اتنی پریشانی بڑھی ہوئی ہے۔ شاید اعمال میں کوئی کمی آئی ہے تو اچانک دل میں ایک بات آئی کہ ہم پوری ٹیم کام کی مصروفیت کی وجہ سے نماز کو لیٹ کر کے پڑھتے ہیں۔ جماعت گزر جانے کے بعد علیحدہ علیحدہ پڑھتے تھے۔ ہم نے تہیہ کر لیا کہ کم از کم کام کی

وجہ سے نماز نہیں چھوڑنی پھر ہم نے ایسا ہی کیا۔ یقین مانیں جب ہم نے کام شروع کیا تو صرف دو دن میں پچھلے ڈیڑھ ماہ کا رکا ہوا کام مکمل ہوگیا۔ جو کام مسلسل 19/18 گھنٹے مصروفیت کے باوجود نہیں ہوتا تھا وہ کام صرف دو دن میں 4/3 گھنٹے لگانے سے ہوگیا۔ (محمد حسین ہاشمی)

## نوکری مل گئی

ایک صاحب کہتے ہیں کہ میں پچھلے سال سے Job Less تھا تو میں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ اور دو انمول خزانے پڑھنا شروع کیے اللہ پاک کی رحمت سے ایک ہفتے کے اندر میرا نوکری والا مسئلہ حل ہوگیا۔

پیٹ کا درد

میری بیٹی کو پیٹ میں درد تھا۔ ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کی برکت سے بہت فرق پڑا۔ (اہلیہ صغیر احمد: لاہور)

بچوں کا بخار دور

ایک دن بازو میں شدید درد ہو رہا تھا۔ اٹھا نہیں جا رہا تھا۔ میں نے سچی نیت کر کے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیے فوراً آرام آگیا۔ پچھلے دنوں بچوں کو بخار تھا ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ ٹھیک ہوگئے۔ (والدہ عمر بشیر بھٹی: لاہور)

## سب کچھ نارمل ہوگیا

ایک دفعہ میری والدہ کی والد سے لڑائی ہوئی اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ والدہ کہنے لگیں میں خودکشی کروں گی میں نے اللہ ہو والا مراقبہ کیا، والدہ کیلئے اور ان پر ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ دم کیا۔ صبح والدہ بالکل نارمل تھیں اور لڑائی بھی ختم ہوگئی۔ (سدرہ الطاف۔ کراچی)

## فریج خود بخود آن ہوگیا

میرے والد کے دل میں اچانک درد شروع ہوگیا پھر ٹیسٹ لکھ دیئے۔ درد کسی صورت کم نہیں ہو رہا تھا روز 4,3 گولیاں کھا رہے تھے مگر درد کم نہیں ہوا میں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ شروع کیا پہلے دم سے ہی فائدہ ہوا اور دو دن بعد بالکل ٹھیک ہوگئے۔ فریج خراب ہوگیا تھا میں نے سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھی چند منٹ بعد فریج خود بخود آن ہوگیا۔ (سدرہ الطاف۔ کراچی)

## گلہ بہت خراب ہو گیا تھا۔۔۔!

حکیم صاحب کالج میں بر گر میں موجود کیچپ کی وجہ سے میرا گلہ بہت خراب ہو گیا اور گلے خراب کی وجہ سے مجھے بخار بھی ہو گیا طبیعت بہت خراب ہو گئی دوائی سے بھی آرام نہ آیا پھر بہن نے ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' پڑھ کر دم کیا اور میں سو گئی ورنہ تو سر درد کی وجہ سے نیند بھی نہیں آ رہی تھی۔ اللہ نے اذان کی برکت سے میری صحت ٹھیک کر دی۔ ورنہ دوائی سے سکون نہیں مل رہا تھا۔(شیز اماہین، لاہور)

## قیمتی موتی سنبھالنا

آپ کی گجرات کے درس میں جو''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بتایا تھا وہ بھی میں نے اپنے بیٹے پر کیا۔ اس کو چکن پاکس ہو گیا تھا پہلے بار کیا تو پچاس فیصد آرام آیا دوسری بار اسی فیصد آرام آگیا اور تیسری بار کرنے کی ضرورت نہیں پڑھی اور بچہ بالکل ٹھیک ہو گیا غرضیکہ آپ کے بتائے ہوئے تمام قیمتی موتی سنبھال سنبھال کر رکھتی ہوں ان پر عمل کرتی ہوں اور یہ دوسروں کو بھی بتاتی ہوں اور عبقری باقاعدگی سے تقسیم کرتی ہوں۔(ناصرہ منظور، گجرات)

## برکتیں، رحمتیں، عنایتیں، حفاظتیں

حضرت آپ نے روحانی کلاس 2010ء میں جو''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بتائے تھے انہیں کیا۔ خدا کی قسم ہے اس مقصد کے لئے خود اللہ نے آکے میرا کام مکمل کرایا(بے شک واقعی) سب کچھ اللہ کی مرضی سے ہی ہوتا ہے ہم سب تو سبب بن سکتے ہیں مگر اصلی مسبب الاسباب صرف اور صرف اللہ ہی ہے۔(عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## نقصان ہو ہی نہیں سکتا

میری والدہ کی چادر (بہت قیمتی تھی) اور بالکل نئی تھی وہ شادی پر گائوں گئیں غلطی سے کسی اور رشتہ دار کے سامان میں رہ گئی اور پتا لگا کہ گم ہو گئی بہت ڈھونڈی لیکن نہ ملی اذان کے عمل سے ڈیڑھ ماہ بعد مل گئی۔(عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## کوئی سفارش ہے۔۔۔؟

''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کو میں نے سفارش کے متبادل کے طور پر بھی استعمال کیا ہے۔ جہاں کسی کی سفارش کرانی پڑے وہاں اذان پڑھنے سے کام ہو گیا۔(عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## بند مشینری چل پڑی

بند گاڑی یا کوئی بھی مشینری / موٹر سائیکل یہ اذان کا عمل کیا جائے تو وہ چل پڑتی ہے۔"افحسبتم اور اذان والا عمل" کو زبانی امتحان (ViVa) میں پڑھا وہی سوال پوچھے گئے جو یاد کئے تھے۔ میرا موٹر سائیکل 15 دن سے سٹارٹ نہیں ہو رہا تھا مکینک کو دکھایا لیکن کام نہیں بنا ایک مرتبہ اذان کا عمل کیا اسی دن چل پڑا اب جب کبھی ایسا ہوا یہ عمل کیا اور کام بن گیا۔(عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## لوگ یقین نہیں کرتے

حضرت اب تو کبھی کبھی ایسا لگتا ہے کہ قدرت نے چند بندشوں کے حل کی چابی دے دی ہو۔ لیکن جس کسی کو بتائوں (جس طرح کہتے ہیں کہ اعمال کو پھیلائو اور چلائو) لوگ یقین نہیں کرتے اس سے بہت مایوسی ہوئی ہے۔

آپ سے گزارش ہے کہ مجھے اذان کے مستقل عمل کرنے کی اجازت دے دیں تاکہ میں اسے جس کام کیلئے کروں ہو جائے اور اس عمل کو پکا کرنے کا طریقہ کار بتادیں میں تو ابھی تک اس عمل کو ایسے کرتا ہوں اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان سات مرتبہ اذان۔(عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## شراب نوشی ترک کردی

میرا وظیفہ تین لاکھ تک ہو گیا ہے اس کے ساتھ وضو کے بعد پانی کے تین گھونٹ، "افحسبتم اور اذان والا عمل" بھی ہر نماز کے ساتھ پڑھتی ہوں ۔ پچھلے دس ماہ سے یہ عمل کر رہی ہوں اس دوران سب کچھ بہتر ہو گیا تھا بھائی کو جاب ملی والد صاحب نے شراب نوشی ترک کی اور میری بھی طبیعت ٹھیک ہو گئی۔(ماہ رخ)

## کینسر پھیل گیا

اللہ آپ کے درجات بلند فرمائے اللہ کی مہربانی سے اور آپ کی دعائوں سے کافی مسئلے حل ہوئے ہیں۔ حضرت صاحب اب مسئلہ یہ ہے کہ ایک سال پہلے میں نے یوسٹرس ریموو کروادی تھی ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ اس میں کینسر پھیل گیا ہے گجرات کے درس میں آپ نے کینسر کے لئے "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہر نماز کے بعد بتائی وہ میں آٹھ مہینے سے کر رہی ہوں۔ 125 کا ٹیسٹ بھی کلیئر آیا ہے۔(سمعیہ کوثر، گجرات)

## کار کا ایک لاکھ تراسی ہزار کلومیٹر سفر کرنا۔۔۔!

ہمارے دوست ہیں طارق شاہ صاحب ملتان والے انہوں نے اپنا ایک عجیب قصہ سنایا کہنے لگے میرے پاس گاڑی ہے اور میں نے اس کو تقریباً اب تک ایک لاکھ تراسی ہزار کلومیٹر چلا چکا ہوں لیکن اب تک اس کا ٹائر ایک دفعہ بھی پنکچر نہیں ہوا ہے۔

یہ بات سن کر مجھے بہت حیرت ہوئی۔۔۔!کوئی اور ہوتا تو میں کبھی یقین نہ کرتا، لیکن طارق شاہ صاحب خاندانی آدمی ہیں اور نیک پرہیز گار ہیں۔میرا تجسس بڑھا کہ ضرور یہ کوئی عمل کرتے ہوں گے۔خیر انہوں نے میرے پوچھنے سے پہلے ہی فرمایا میں ایک عمل کرتا ہوں گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے اور وہ یہ ہے کہ پہلے چھ سورتیں پڑھتا ہوں اور تین دفعہ آیت الکرسی پڑھتا ہوں اور ایک دفعہ اذان دیتا ہوں جس کی برکت یہ ہے کہ لیکن سوچنے والی بات یہ ہے جس کی گاڑی کا ٹائر پنکچر نہ ہوا ہو اس کی گاڑی کو کبھی خراش آئی ہو گی اور ان کا کتنا پہیہ بچا ہو گا اور کبھی کوئی ٹینشن نہیں ہوئی جس کی وجہ سے صحت بھی ٹھیک ان اعمال کرنے سے کتنا فائدہ ہوا ہم بھی اگر اعمال سے دوستی کریں گے تو ہمیں بھی فائدہ ہو گا چاہے وہ زندگی کا کوئی بھی شعبہ ہو۔(محمد آصف محمود۔کنڈیارو،سندھ)

## بڑی بڑی گلٹیاں ختم

حکیم صاحب میرے چھوٹے بھائی کو کانوں کے پیچھے بڑی بڑی گلٹیاں بنی ہوئی تھیں اور اس کی وجہ سے اسے بخار ہو گیا اور بخار بھی اسے بہت تیز ہوتا ہے میں نے اسے دو انمول خزانے میں سے خزانہ نمبر ایک اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا بھی اور اس کے اوپر بھی دم کیا اور ساتھ ہی میں نے ہر نماز کے ساتھ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ پڑھ کر دم کرتی رہتی اس کے پڑھنے سے اس کا بخار اتر گیا اور کانوں کے پیچھے جو گلٹیاں تھیں وہ کم ہو گئیں اور روحانی غسل سے اگلے دن وہ بھی غائب ہو گئی۔

## ڈینگی کا گارنٹی کے ساتھ علاج

حضرت! آپ نے ڈینگی بخار کے علاج کے متعلق بتایا تھا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" یعنی 7 مرتبہ اذان اور سورۃ المؤمنون کی آخری چار آیات افحسبتم سے لے کر خیر الراحمین تک 7 مرتبہ، اول و آخر درود شریف پڑھ کر مریض کے پہلے دائیں کان میں پھر بائیں کان میں دم کر دیں۔

میرے ایک دوست کے بھائی تھے جن کو تین دن پہلے پتہ چلا کہ ڈینگی بخار ہو گیا ہے تو وہ میو ہسپتال میں داخل تھے میں دو تین دن پہلے ہسپتال عیادت کیلئے گیا اور انہیں جا کر تاکید کی کہ آپ مریض کے کان میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر دم کریں۔دو بھائی ان کے ساتھ تھے اور تیسرے کو بخار تھا۔میں نے کہا کہ ایک بھائی باہر والے کام کریں اور ایک بھائی ان کے اوپر بیٹھ جائیں اور یہی عمل بار بار کریں۔وہ دیہاتی تھے سورۃ مومنون کی آیات تو نہ پڑھ سکے جبکہ انہیں اذان آتی تھی۔

ان کے ایک بھائی کہنے لگے کہ میں یہ عمل کرتا ہوں میں نے کہا کہ آپ ہر آدھے گھنٹے بعد یہ عمل کریں اور مسلسل کرتے رہیں۔جس دن میں پہلی مرتبہ ان کی عیادت کیلئے گیا تھا ان کے پلیٹ لیٹ اس وقت 67 تھے اور پھر آہستہ آہستہ کم ہوتے ہوئے چھبیس تک چلے گئے۔میں نے کہا کہ یہ عمل کریں انشاء اللہ پلیٹ لیٹس جلد ٹھیک ہو جائیں گے۔انہوں نے عمل شروع کر دیا۔ایک دن چھوڑ کر اگلے دن میں نے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ ماشاء اللہ پلیٹ لیٹس 82 ہو گئے ہیں اور ڈاکٹروں نے کہا کہ آپ جا سکتے ہیں۔(میاں طارق صاحب)

## فالج کے مرض سے نجات

میری چھوٹی بہن امریکہ میں رہتی ہے رمضان کے مہینے میں اس کو بائیں جانب فالج ہو گیا۔ وہ کافی پریشان تھی۔ اس کا بلڈ پریشر بہت زیادہ ہائی ہو گیا تھا۔ میں نے کہا کہ تم سب کچھ چھوڑو میں تمہیں دو چیزیں بتاتا ہوں، تم یہ کر لو۔ ایک تو تم "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر اپنے دائیں بائیں کان میں پھونک مار لو اور دوسرا وضو کے بعد 3 گھونٹ پانی اس نیت سے پی لیا کرو۔ اس نے کہا کہ میں پنج سورہ پڑھ رہی ہوں میں نے کہا کہ تم وہ بھی پڑھتی رہو اور یہ عمل بھی کر لو۔ رمضان بھی گزر گیا اور عید بھی گزر گئی۔ اور انہی دنوں میری بہن کا فون آیا کہ آپ نے جو "افحسبتم اور اذان والا عمل" اور وضو کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل بتایا تھا اس سے میرا فالج اور بلڈ پریشر سب کچھ ٹھیک ہو گیا ہے۔ وہ مجھے دعائیں دے رہی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آج کل میں پھر اس سے بات ہو جائے اب وہ اتنی خوش ہے اور مجھے دعائیں دے رہی ہے۔ اگر مزید اس سے بات ہو گی تو وہ بھی انشاء اللہ عرض کر دوں گا۔

## ڈینگی کا علاج

دو روز قبل مجھے ڈینگی بخار تھا۔ میں نے بچوں کو حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس بھیجا اور عرض کرنے کا کہا۔ لیکن ملاقات نہ ہو سکی۔ مجھے یاد آیا کہ حضرت صاحب مدظلہ نے ڈینگی بخار کیلئے فرمایا ہے کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ المؤمنون کی آخری چار آیات پڑھ کے مریض کے دائیں اور پھر بائیں کان میں پھونک ماریں اور وقفے وقفے سے یہ عمل مسلسل کرتے رہیں۔ میرے ایک بچے نے یہ عمل کر کے مجھے دم کیا اور مجھے افاقہ ہو گیا۔ الحمدللہ آج میں بالکل ٹھیک ہوں۔ (میاں طارق صاحب)

## حضرت عمرؓ کا نام لکھنے سے بچے نے ضد چھوڑ دی

میرا 10,20 سال کا چھوٹا بچہ بہت تنگ کر رہا تھا میں نے اس کے سینے پر حضرت عمرؓ کا نام انگلی سے اس طرح لکھا ع م ر اور وہ ٹھیک ہو گیا اس کے بعد اس نے مجھے پوچھا ابو جان آپ نے کیا لکھا ہے میں نے کہا کہ آپ کو بعد میں بتاؤں گا ابھی دو تین مرتبہ تجربہ کر لوں پھر میں نے یہی عمل کیا اور اسے ابھی تک نہیں بتایا۔ کیا میں اسے بتا دوں؟ کہ کیا لکھا تھا اس کے علاوہ میں اذان بھی اس کے کانوں میں دیتا ہوں اب وہ الحمدللہ بہتر ہے۔

میں نے ان سے کہا کہ بچے کو بتا دینا چاہیے۔ کیونکہ اس سے حضرت عمرؓ کی عظمت بچے کے دل میں اور بڑھے گی۔ اذان بھی اس کے کانوں میں دیتے رہنا چاہیے۔

## بالکل صحت مند

میں گزشتہ جمعرات درس میں حاضر نہیں ہو سکا کیونکہ میں بیمار ہو گیا تھا اور میرا پیٹ بہت خراب تھا ڈاکٹر کی دوائیوں سے مجھے کوئی افاقہ نہ ہوا پھر میں حضرت مدظلہ کے بتائے ہوئے نسخے دو انمول خزانے کو مسلسل پڑھتا رہا سورۃ کوثر 129 دفعہ اول آخر درود شریف 11 مرتبہ بھی پڑھتا رہا اور 7 مرتبہ

اذان بھی پڑھ کے دم کرتا رہا ہوں اور اس کی بدولت میں گزشتہ تین دنوں سے بالکل صحت مند ہوں اور میں انتہائی مشکور ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم پر جو انعام اور فضل کیا ہے اس سے عوام الناس بہت فائدے حاصل کر رہی ہے ہمیں چاہیے کہ ہم ان اعمال پر عمل کرتے رہیں اور یقین سے چلتے رہیں۔

## دل کے دورے سے شفا کا دم

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ حکیم صاحب دامت برکاتہم سے "افحسبتم اور اذان والا عمل" سنا۔ ہمارے دفتر میں ایک ساتھی ملازم ہیں پرسوں ان کے والد صاحب بیمار تھے اور لاہور میو ہسپتال میں داخل تھے ان کی ہارٹ بیٹ کا مسئلہ تھا اور وہ ICU میں چلے گئے۔ وہ بہت پریشان تھا میں نے اسے "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کے مریض کے پہلے دائیں کان میں پھونکیں پھر بائیں کان میں پھونک ماریں۔ انہوں نے یہ عمل کیا اس کی برکت سے اس کے والد صاحب صحت یاب ہو کر گھر آ گئے اور اب الحمدللہ ٹھیک ہیں۔

## دو انمول خزانے سے اجڑا گھر آباد ہو گیا

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ میرا ایک دوست جس کی شادی کو تین سال ہو گئے ہیں ان دونوں میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہو گیا اور نوبت یہاں تک آ گئی کہ دونوں میاں بیوی طلاق پر رضامند ہو گئے مجھے تقریباً چھ روز پہلے اس نے بتایا کہ گھر میں یہ مسئلہ ہو گیا ہے میں نے اسے کہا کہ نماز پڑھیں اور انمول خزانہ نمبر ا ہر نماز کے بعد پڑھیں اس نے کہا کہ اگر ہر نماز کے بعد نہ پڑھ سکوں تو؟ میں نے اسے کہا کہ روزانہ 21 مرتبہ پڑھ لیا کرو ابھی اس نے یہ عمل تین دن کیا تھا تو اس نے کہا کہ آپ میرے سسرال جائیں اور صلح کی بات کریں میں نے کہا کہ اتنے بندے چلے گئے ہیں وہ نہیں مانے میرے جانے سے کیا ہو گا۔ اس نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آپ جائینگے تو آپ کی بات مان لیں گے۔

میں گھر سے انمول خزانہ نمبر ا پڑھ کے چلا اور راستہ میں انمول خزانہ نمبر ۲ پڑھتا گیا اور جا کر پہلے ان کی تمام باتیں سنیں اور اسی دوران سات مرتبہ اذان پڑھی میں جب گھر واپس آ گیا تب فون آیا کہ ہم صلح کیلئے راضی ہیں اور طلاق نہیں لینا چاہتے یہ ساری برکت سات مرتبہ اذان اور دو انمول خزانے پڑھنے کی وجہ سے ہوئی ہے۔

## بون میرو کینسر سے شفایابی

ایک صاحب نے بتایا کہ میری اہلیہ کو ٹائیفائیڈ بخار ہوا پھر یرقان ہو گیا پھر ہسپتال میں داخل ہو گئی اور ٹیسٹ پر ٹیسٹ شروع ہو گئے بعد میں پتہ چلا کہ اس کا خون نہیں بن رہا اور ریڈ بلڈ سیلز کم ہیں کیونکہ جگر نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے بعد میں ٹیسٹ کرایا تو پتہ چلا کہ اس کو بون میرو کینسر کا سلسلہ شروع ہو

گیا ہے اس دوران میں جمعرات کے درس میں آتا رہا اور یہاں سے مجھے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کا پتہ چلا جو بھی ہسپتال میں عیادت کیلئے آتا والدہ یا بہنیں وغیرہ تو میں انہیں کہتا کہ سات مرتبہ اذان اور سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر اس کو دم کرو میں خود دم نہیں کرتا تھا بلکہ انہیں کہتا تھا اور جو کوئی بھی آتا میں اس کے سامنے قرآن رکھ کر کہتا کہ پڑھو اور پہلے دائیں کان میں پھونک مارو پھر بائیں کان میں پھونک مار دو اور اس کے ساتھ دوا کے طور پر ستر شفائیں استعمال کروائی اور ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ اور تیز کر دیا اور خود ہی بلڈ بننا شروع ہو گیا اور 3.4 خون ہو گیا جبکہ ڈاکٹروں نے مجھے عمران خان ہسپتال بھیج دیا تھا اب خون .19 اوپر ہو چکا ہے جو کہ 6 پر آیا ہوا تھا اور نارمل 12 ہوتا ہے اور اب .19 پر پہنچا ہوا ہے یہ اس عمل کی برکت ہے اور اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔

## حفاظتی اعمال کی برکت سے جان لیوا حادثات سے حفاظت

یہ 23 رمضان کی بات ہے کہ میں اپنے بچوں کو ان کی نانی کے گھر صبح کے وقت چھوڑنے گیا۔ جب میں واپسی پر ان کے گھر سے نکلا تو گھر سے نکلنے کی دعا۔

بسم اللہ توکلت علی اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ (11 مرتبہ) یا حفیظ اور (ایک مرتبہ) اذان اور آخری 6 سورتیں پڑھ کر واپس دکان پر آرہا تھا کہ اچانک ایک حادثہ ہونے لگا اس دن بارش ہوئی تھی جس کی وجہ سے سڑک کی ایک جانب کیچڑ تھا۔ میں تقریباً ساٹھ کی سپیڈ پر تھا اور جب اوور ٹیک کرنے لگا تو آگے ایک ریڑھی تھی اور ایک طرف سے موٹر سائیکل آرہی تھی اور بالکل بھی جگہ نہیں تھی میرا دل ڈر گیا کہ ایکسیڈنٹ ہو جائے گا لیکن پتہ نہیں کیا ہوا کہ میں سائیڈ سے نکل گیا اور سامنے سے آنیوالی موٹر سائیکل بھی بچ گئی اور مجھے بالکل بھی سمجھ نہیں آئی پھر میں نے یہ سوچا کہ الحمدللہ جو دعائیں پڑھی تھیں اللہ نے ان کی برکت سے بچا لیا ہے۔ (محمد آصف صاحب)

## بات بات پر ضد کرنا۔۔۔!

میری بھتیجی سعدیہ جو کہ چار سال کی ہونے والی ہے لیکن پڑھنے کی طرف نہیں آرہی بہت زیادہ روتی رہتی ہے بات بات پر ضد کرتی ہے کہنا نہیں مانتی بہت کم کھاتی ہے اس کی ٹانگوں کو جھٹکے لگتے ہیں رات کو سوتے میں ٹانگیں اٹھا اٹھا کر مارتی ہے الٹی بھی سو جاتی ہے گھر والے سمجھ رہے تھے کہ اس کے پیٹ میں کیڑے ہیں لیکن ایک رات میں نے تجربہ کیا وہ میرے پاس سو رہی تھی اور ٹانگیں اٹھا اٹھا کے مار رہی تھی میں نے اس کی ٹانگوں پر ہاتھ رکھ کے پوری توجہ سے اذان والا وظیفہ پڑھا۔ جس کے پڑھنے سے اس کی ٹانگیں ہلنا بند ہو گئیں اور وہ سکون سے سوئی رہی۔

## ذلت ختم

میری امی جان نے جاب کے سلسلے گائوں میں بہت دھکے کھائے ہیں۔ اب کی بار پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ ان کے محکمے والوں نے بغیر کسی رشوت اور سفارش کے امی کی ڈیوٹی پر اِدھر ہی شہر میں ہی لگا دی ہے ورنہ تو بہت ہی ذلیل ہونا پڑتا تھا یہ سب ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کی برکت ہے۔

## روحانی وجسمانی سکون

آپ نے جو "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے کی اجازت دی۔ اس کے پڑھنے سے مجھے روحانی اور جسمانی طور پر بہت ہی فائدہ ہوا ہے اور ایسا سکون ملا ہے ایسا سکون ملا ہے کہ کبھی زندگی میں ایسا سکون نصیب نہیں ہوا۔

## چہرے پر چھاپے۔۔۔؟

پچھلے سال میری باجی کے چہرے پر چھاپے بن گئے تھے جن میں تکلیف ناقابل برداشت تھی اسپیشلسٹ ڈاکٹرز تو وہ کہنے لگے آپ کو تو انتہائی خطرناک بیماری ہائیپر ہے جو کہ بہت تکلیف دہ ہے اور ہمیں اس کا اندازہ بھی تھا کیونکہ کچھ ماہ پہلے ہمارے ایک عزیز کو یہ تکلیف ہوئی تھی ہم سب انتہائی کرب میں مبتلا ہوگئے لیکن پھر آپ کے بتلائے ہوئے مسنون اعمال نہ ہمارا حوصلہ بلند کیا ان میں سے میں نے وضو والا عمل اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" ہر نماز کے لئے پہلے دائیں کان میں پھر بائیں کان میں پڑھ کر پھونک ماری تو یقین جانیے آٹھ دن کے اندر بیماری ایسے ختم ہوگئی کہ ڈاکٹر بھی حیران رہ گئے اور کہنے لگے کہ اتنی جلدی تو یہ بیماری نہیں جاتی کیسے گئی۔ (جہاں آراء اور ثناء فاطمہ)

## "مور" شدید بیمار ہوگیا

ابھی پچھلے ہفتے ہی ہمارا ایک عزیز ترین "مور" شدید بیمار ہوگیا ہم نے اپنے طوارس کا علاج بھی کیا مگر مرض پڑھتا گیا جوں جوں علاج کیا ایک دن میں اسے دیکھنے گئی تو مجھے اس کے چہرے کی اداسی نے میرے پاؤں تلے کی زمین سکا دی مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ اندازہ ہوا کہ واقعی زندگی کی روشنی آنکھوں میں ہوتی ہے جو کہ وہاں ناپید تھی میں نے اس کا چہرہ اپنے ہاتھ پر رکھا اور بے اختیار رونے لگی اور اللہ سے اپنی بے بسی کی فریاد کرنے لگی پھر میں نے وضو کیا اور چاروں گھونٹ پانی ایک برتن میں جمع کیا اور اس پانی کو اسے پلایا۔ پھر میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر پہلے دائیں کان میں پھونک ماری پھر اس طرح پڑھ کر پھر بائیں کان میں پھونک ماری اور ایک بات اور جب میں نے ذرا بلند آواز سے اذان دی تو میرے باقی مور خوشی سے بے قابو ہوگئے اور بڑی تیزی سے میری جانب لپکے اور خاموشی سے کھڑے ہو کر اذان سنتے رہے میرا دل کر رہا تھا میں اسی طرح تکبیر کہتی رہوں اور اللہ کی خوبصورت مخلوق اسی طرح سرشار ہوتی جب میں نے پڑھ کر اپنے مور کو دم کر دیا تو مجھے اندازہ ہوا کہ اسے کچھ افاقہ ہوگیا ہے شام تک وہ کافی بہتر ہوگیا اور الحمدللہ اب وہ اپنی پوری فارم میں بنے تمام تر اپنی شرارتوں کے ساتھ۔ (جہاں آراء اور ثناء فاطمہ)

## اولاد میں بہت تبدیلی آگئی۔۔۔!

حضرت والا آپ نے سب سے پہلا جو خط پچھلے سال رمضان سے پہلے لکھا جس کا جواب رمضان میں آیا تھا آپ نے مجھے دو انمول خزانے اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا کہا وہ میں نے شروع کیا۔ میری اولاد میں بہت تبدیلی آتی ہے میرا بیٹا محمد عثمان جو کہ نماز قرآن بالکل میں پڑھتا تھا اب قاری

صاحب سے روزانہ قرآن بھی پڑھتا ہے نماز پانچ وقت کی تو نہیں پڑھتا لیکن شکر ہے تین چار وقت کی پڑھ لیتا ہے اور بیٹی نماز تو پابندی سے پڑھتی ہے لیکن عشاء کی لیٹ پڑھتی ہے قرآن پڑھتی ہے لیکن جتنا پڑھنا چاہیے اتنا نہیں پڑھتی میرے دونوں بچے حافظ ہیں۔

ہاں یہ بہت بڑا چیلنج ہے میرا بیٹا اسکول کے امتحان کے لئے پڑھ رہا ہے ٹیوشن بھی ریگولر جاتا ہے قرآن بھی روزانہ پڑھتا ہے مزاج بھی رویہ بھی اچھا ہو گیا ہے گھر کے کام کاج میں بھی ہاتھ بٹاتا ہے یہ سب کچھ دو انمول خزانے، اذان اور سورۃ مومنین اور ان سب سے بڑھ کر جو مجھے لگتا ہے آپ کی دعائیں جو ہم فقیر کے کام بناتی ہے پلیز ہمیں اپنی دعائوں میں یاد رکھیں۔(کہکشاں افضل)

## میں تمہیں معاف کر دوں گا

جنی میرے جسم میں داخل ہوئی ہے یہ رات کے 1:30 بجے کا وقت ہے اس کا دورانیہ کافی لمبا ہے جب وہ میرے جسم میں داخل ہوتی ہے تو میں اسے کہتا ہوں کہ مجھے پتہ ہے کہ اب تم اکیلی رہ گئی ہو اب بھی باز آ جائو میں تمہیں معاف کر دوں گا لیکن وہ زور سے جسم میں داخل ہوتی ہے اور میں زور زور سے اذان دینا شروع کر دیتا ہوں اور بہت دفعہ اذان دیتا ہوں پھر وہ آہستہ آہستہ میرے جسم سے چلی جاتی ہے اور میں اٹھ جاتا ہوں۔

حکیم صاحب آپ نے جو اذان کا وظیفہ دیا ہے وہ میں نے اللہ کے حکم اور آپ کی نظر اور درس کی برکت سے چار لاکھ ساٹھ ہزار دفعہ مکمل کر لیا ہے میں تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ میں اتنی دفعہ اذان دے پائوں گا۔(عارف شہزاد۔لاہور)

## کان درد اور بخار سے حفاظت

میری بیٹی دس سال کی حفظ کرتی ہے اور آئے دن کان درد اور بخار سے گر پڑتی ہے دوبارہ مدرسہ جانے کی طاقت نہیں رہتی اس کو ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کرنے سے چاق وچوبند ہو جاتی ہے۔(نجمہ عامر)

## بلیوں کا رونا

گلی میں بہت زیادہ بلیوں کے زور زور سے رونے کی آواز آ رہی تھی میں نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھا تو آوازیں آنا فوراً ختم ہو گئیں میں نے اٹھ کر وضو کیا اور لکھنے بیٹھ گئی تاکہ لفظ بالفظ اسی طرح خواب بیان کروں۔

کبھی کبھار ایک دم یوں محسوس ہوتا ہے جسم میں جان نہیں ہے اگر سوئی ہوں تو آنکھ ایک دم کھل جاتی ہے۔ لگتا ہے مجھے کچھ ہونے والا ہے۔ باتھ روم کی حاجت محسوس ہوتی ہے۔ ساتھ ہی سانس دب جاتی ہے گویا آکسیجن نہیں مل رہی کہتی ہوں سب کھڑکیاں کھول دوں اور بیڈ پر لیٹ جاتی ہوں دل زور زور دھڑکتا ہے۔ سارا جسم بے جان اور پھر سوئیاں چبھتی محسوس ہوتی ہیں خوف اس قدر چھا جاتا ہے کہ خاوند کو زور سے پکڑ لیتی ہوں کپکپی چھڑ جاتی ہے دانت زور زور سے بجتے ہیں جمائیاں اور انگڑائیاں آتی ہیں آنکھوں سے پانی آتا ہے۔ لگتا ہے میرے ارد گرد کوئی جن ہے یا موت کا فرشتہ آ گیا ہے میں

مر جائوں گی خاوند ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ کرتے ہیں ستر شفائیں کھلاتے ہیں۔ آہستہ آہستہ ساری کیفیت ختم ہو جاتی ہے مگر تھکن اور اکیلے رہنے کا خوف چھایا رہتا ہے۔(نجمہ عامر)

## روتے ہوئے بچوں کا علاج

اذان کے بارے میں گزارش ہے کہ میرا ایک چھوٹا سا نواسہ ہے جب وہ پیدا ہوا تو ہم درس میں آنا شروع ہوئے تھے تو جب کبھی وہ روتا تھا یا اسے کوئی تکلیف ہوتی تھی تو میں اس کے کان میں اذان پڑھتا تھا۔ وہ کچھ عرصہ بعد دبئی چلا گیا ابھی آیا تقریباً سال کا ہو گیا ہے۔ اذان میں ایسی برکت ہے کہ جب بھی وہ روتا ہے میں اسے اٹھا کر اس کے کان میں اذان پڑھتا ہوں وہ میرے منہ کے ساتھ کان لگا لیتا ہے۔ جب ایک اذان ختم ہوتی ہے تو دوسرا کان میرے منہ کے ساتھ لگا لیتا ہے حالانکہ نہ وہ بول سکتا ہے نہ ہی اسے کوئی سمجھ بوجھ ہے اور قرآن پاک میں جہاں اسماء حسنیٰ لکھے ہوئے ہیں وہ وہاں اللہ کے نام پر ہاتھ لگاتا ہے۔ دوسرا یہ کہ میں پہلے کبھی کبھار مسجد کی بجائے گھر میں نماز پڑھ لیتا تھا لیکن جب سے درس میں حاضر ہونا شروع ہوا ہوں اللہ کے فضل سے تمام نمازیں باجماعت ادا ہوتی ہیں اور اس کے ساتھ میری تہجد، اشراق، چاشت اور تمام نفلی نمازیں بھی اللہ کے فضل سے ریگولر ہو گئی ہیں۔(حماد صاحب)

## اپنڈکس کا علاج

میرا تقریباً چار سال کا بیٹا ہے عبدالمعز، تین دن پہلے اس کو پیٹ میں شدید درد ہوا۔ میں اسے لے کر پرائیویٹ ہسپتال میں گیا اور جب ڈاکٹر کو دکھایا تو وہ کہنے لگے کہ اسے اپنڈکس کا درد ہے اور فوری طور پر اس کی سرجری کرنی پڑے آپ سولہ سترہ ہزار کا انتظام کریں میں فون کر کے سرجن کو بلا لیتا ہوں میں بہت پریشان ہوا۔ پیسوں کا انتظام بھی نہیں تھا۔ ایک دم میرا دھیان تسبیح خانے کی طرف گیا اور مجھے اذان اور سورۃ مومنون کا عمل یاد آیا۔

میں نے ’’افحسبتم اور اذان والا عمل‘‘ پڑھ کے بچے کے کانوں میں پھونک ماری کچھ دیر بعد بچے کا درد ختم ہو گیا اور ہم گھر آ گئے اگلے دن جب شام کے وقت دوبارہ ڈاکٹر کے پاس سرجری کروانے گئے تو وہ کہتا ہے کہ اسے درد تو ہے نہیں آپ سرجری کیوں کروانا چاہتے ہیں۔ حالانکہ ایک دن پہلے اس نے خود مجھے پرچی پر لکھ کر دیا تھا کہ سرجری ہو گی اور اللہ کا شکر ہے کہ ہم اس عمل کی برکت سے آپریشن سے بچ گئے۔

## برکت کے دروازے کھل گئے

پچھلے چھ ماہ سے میرے اوپر جادو کے اثرات تھے میرے دوستوں نے مجھے روحانی کلاس کا درس دیا اور کہا کہ یہ سنیں اس میں سے جو چیزیں ملیں گی ان سے آپ کو کافی فائدہ ہو گا۔ وہ تقریباً چھ گھنٹے کا درس تھا میں نے سارا سنا اور فوری طور پر یہ تجویز کیا کہ اذان والا عمل شروع کر دوں۔ میں نے اپنے بچوں

کو بھی کہا اور خود بھی ہر وقت اذان پڑھنا شروع کر دی اور ساتھ ہی صبح کو 200 مرتبہ سورۃ فلق اور شام کو دو سو مرتبہ سورۃ ناس والا عمل بھی کیا۔ اس کے بعد یہ ہوا کہ جہاں بیٹھ کر میں پڑھتا تھا وہاں خون گرنا شروع ہو گیا تقریباً چھ سات انچ مربع کے حساب سے خون تھا۔ تو بچوں کو بھی اس سے کافی خوف آیا میں نے بھی دیکھا تو جیسے میں نے سنا تھا کہ اب لڑائی شروع ہو گئی ہے اس لیے میں نے اور زیادہ طاقت سے عمل شروع کر دیا اس کے بعد اثرات ختم ہونا شروع ہو گئے۔ آٹھ دس مرتبہ خون گرا تھا پھر اس کے بعد رک گیا۔ اب الحمدللہ مجھ پر سے ساری بندشیں ختم ہو گئی ہیں۔ اور اب میرے گھر میں اور کاروبار میں برکت ہی برکت ہے۔ (محمد بشارت)

## بیمار بیٹی کی صحت یابی

میں چکوال سے آیا ہوں یہ منگل والے دن کا واقعہ ہے کہ میرے ایک دوست بہت پریشان تھے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ حاجی صاحب آپ اتنے پریشان کیوں ہیں؟ پہلے تو وہ ہچکچاتے میں نے جب زیادہ اصرار کیا تو کہنے لگے کہ میری بیٹی جو اسلام آباد یونیورسٹی میں پڑھتی ہے وہ اچانک بہت زیادہ بیمار ہو گئی ہے اس وجہ سے ہم سب گھر والے بہت پریشان ہیں میں نے انہیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا اور کہا کہ سب گھر والے ہر آدھے گھنٹے بعد اس پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کرم کرے گا۔ کل جب میں نے فون کیا تو وہ کہنے لگے کہ الحمدللہ اب بچی بالکل ٹھیک ہے اور ہم اسے گھر لے آئے ہیں اب وہ صحت یاب ہو چکی ہے۔

## جسم کانپ رہا تھا

اپریل کے مہینے میں ایک شام میری طبیعت بہت خراب ہو گئی بے تحاشہ پیاس ان آگ لگی ہوں اور نیم بے ہوشی دورے کی شکل میں سارا جسم کانپ رہا تھا بات کرنے کی طاقت نہیں رہتی میرا بیٹا گھر آیا اس نے میری حالت دیکھی اور فوراً "افحسبتم اور اذان والا عمل" کیا دو دفعہ کیا اور میں دس منٹ کے بعد ٹھیک ہو گئی اور اٹھ کر بیٹھ گئی اور باتیں بھی بالکل ٹھیک طرح سے کرنے لگی سب نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ (نائلہ جاوید' لاہور)

## بلڈ پریشر کنٹرولر

پچھلے دو ہفتے سے مجھ نہ جانے کیا ہو رہا تھا B.P بھی لو کبھی بہت زیادہ ہائی ڈاکٹر نے چیک کیا وائی تبدیل کی اور حیران بھی ہوا کہ دوائی لینے کے باوجود B.P کنٹرول نہیں ہو رہا۔ بہت زیادہ طبیعت خراب ہو رہی تھی میرے ذہن میں اچانک خیال آیا کیونکہ اذان والا عمل کیا جائے میں نے روزانہ اذان والا عمل کرنا شروع کر دیا جسے اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنا کرم کیا میں اب ٹھیک ہوں۔ اللہ کا شکر ہے۔ (نائلہ جاوید' لاہور)

## پانی پر دم کر کے پلانا

محترم حکیم صاحب! جیسا کہ آپ کو تحریری احوال ارسال کیے تھے۔ ان کی روشنی میں آپ نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے کا فرمایا تھا۔

یں الحمدللہ روزانہ صبح اف "افحسبتم اور اذان والا عمل" 41 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے سب کو پلاتی ہوں۔ مجھے اس کا بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ (مسز طاہرہ کمال۔ راولپنڈی)

## دو عجیب و غریب معجزے

حضرت جی "افحسبتم اور اذان والا عمل" کے دو ایسے معجزے ہوئے ہیں کہ ہم خود حیران ہیں یہ دو ایک میری دادی اور ایک نانی پر کیا۔

(1) حضرت جی میری دادی جو کہ اچانک بیمار ہوئی اور انہیں بڑے بڑے ڈاکٹر سے علاج کروایا وہ لاہور کے شیخ زید ہسپتال میں داخل رہی ان کے پورے منہ پر اور جسم پر سوجن چڑھ گئی آنکھیں باہر آ گئیں اور ڈاکٹر نے جواب دے دیا شیخ زید ہسپتال کے بڑے ڈاکٹر جو کہ دماغ کے بڑے ڈاکٹر تھے انہوں نے بتایا کہ ان کی دماغ کی رگیں فیل ہو گئی ہیں اور کچھ پھٹ گئی ہیں آپ انہیں گھر لے جائیں اور ایک دو دن کی مہمان ہیں سب رونے لگ گئے ایمبولینس کے ذریعے گھر لے آئے سب رو رہے تھے میری امی جو کہ نماز روزے کی بچپن سے ہی پابند ہیں اور دیگر اذکار بھی کرتی رہتی ہیں امی نے دادی کے کان میں

" افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر پھونک ماری اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد یہ عمل کرتی رہیں ساتھ ہی پانی پر بھی یہی آیتیں اور اذان پڑھ کر پھونکتی رہی اور چمچ کے ذریعے دادی کو پانی بھی پلاتی رہیں کان میں پھونک مارتے وقت بہت گندی بدبو کانوں سے نکلتی ہے امی نے بتایا جیسے جیسے دم کرتے گئے دادی کی طبیعت بہتر اور بہتر اور بہتر ہوتی گئی یہاں تک کہ بالکل ٹھیک ہو گئی یہ واقعہ چھ ماہ پہلے کا ہے اب ایک نارمل انسان کی طرح زندگی گزار رہی ہیں کوئی بھی اور کسی بھی قسم کی تکلیف نہیں ہے سب حیران ہیں۔

(2) دوسرا واقعہ میری نانی مرحومہ کے ساتھ وا یہ بھی تقریباً چھ سات ماہ پہلے ہوا جو کہ اب میری نانی وفات پا گئی ہیں میری نانی چھ سات ماہ پہلے اتنی شدید بیمار ہو گئی کہ ڈاکٹر نے جواب دے دیا اور سب رشتے داروں کو فون کر دیا کہ جس نے ملنا ہے مل لیں یہ رات بھی مشکل سے نکالیں گے سب مزید ملنے آ گئے امی بھی ملنے گئی اور سب رو رہے تھے میری نانی نے دو ماہ قبل کھانا پینا بالکل چھوڑ دیا ڈرپ لگا کر ان کی خوراک پہنچ رہی تھی جسم کے نیچے حصہ سے جان نکل گئی تھی اور بستر پر لیٹے لیٹے کمر کے نیچے گوشت بھی گل گیا تھا کیونکہ حرکت بھی نہیں کر سکتی تھیں زبان بند ہو گئی تھی ہاتھ بھی ہلا نہیں سکتی تھیں صرف دل چل رہا تھا اور سانس لے رہی تھیں آنکھیں ایک جگہ ٹھہری ہوئی تھیں کانوں میں آوازیں دیتے تو کسی کی بات نہیں سنتی تھیں ایک جگہ دیکھے جا رہی تھیں گھر میں ماموں نے اور باقی لوگوں نے مرنے کے لئے ساری تیاریاں کر لی تھیں اور ممانی نے گھر بھی صاف کر لیا کہ اب جنازہ رکھیں گے لوگ آئیں گے میری امی اور خالائیں بہت غمگین تھیں سب بے بس تھے امی نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" نانی کے کان میں پڑھ کر پھونکنی اور دم والا پانی پلاتی رہی جو منہ میں نہیں جاتا تھا پر امی وہ پانی سے منہ دھلا دیتی تھیں ایسا کرنے سے نانی کی آنکھیں جو ایک جگہ ٹھہری ہوئی تھیں سب کو دیکھنے لگ گئیں اور دم مسلسل ہوتا رہا امی نے خالاؤں کو بھی کہا کہ وہ بھی بار بار پڑھ کر دم کریں سب دم کرتی رہیں آہستہ آہستہ میری نانی نے سب کی باتیں

سنیں اور یہاں تک کہ خود بولنے اور کھانا بھی کھانے لگ گئی چہرہ بالکل ٹھیک ہوگیا اور نانی آہستہ آہستہ ٹھیک ہوگئی جو لوگ ملنے آئے تھے وہ سب یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ یہ کیسے ہوگیا ڈاکٹر کی سمجھ میں بھی نہ آیا اور وہ بھی حیران کہ کیسے ہوسکتا ہے۔

حضرت جی یہ آیتیں تو موت سے بھی بچالیتی ہیں اور اگر اللہ کی طرف سے موت لکھی ہے تو اسے پڑھنے سے جان بہت آسانی سے نکل جاتی ہے اور زندگی ہوتی ہے تو بہت جلد ٹھیک ہوجاتا ہے حضرت جی دعاؤں کی درخواست ہے۔(صابر فیع، ملتان کینٹ)

## پورے عالم کا نفع

حضرت جی آپ کا ایک ادنیٰ سا مرید ہوں۔ حضرت جی آپ نے مجھے "افحسبتم اور اذان والا عمل" دیا تھا جو کہ میں خود بھی کررہا ہوں اور اس کو آگے بھی لوگوں کو تقسیم کیا ہے۔ حضرت جی کچھ لوگوں نے ان اعمال سے فائدہ حاصل کیا اور مجھے اپنے تجربات کا پھر بتایا بھی ہے۔(طارق محمود۔ رحیم یار خان)

## تین دن بعد وہ عورت ٹھیک ہوگئی

ایک ہمارے جاننے والی عورت کراچی گئی اس کو الرجی تھی کراچی میں اس کو سانس کی تکلیف شروع ہوگئی تو ڈاکٹر نے اس عورت کو انجکشن لگایا جو کہ اس کو ری ایکشن کر گیا جس کی وجہ سے اس عورت کو خون آنا شروع ہوگیا جو کہ بہت زیادہ مقدار میں آتا تھا

لٹرا ساؤنڈ کرایا تو ڈاکٹر نے کہا کہ آپ کے اندر ٹیوب پھٹ گئی ہے اور آپ کا آپریشن ہوگا آپ رقم کا بندوبست کریں۔

اس عورت کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" کروایا وہ خود تو نہ کرسکی لیکن اس کے گھر والوں نے اس عمل کو کرنا شروع کردیا تین دن بعد وہ عورت ٹھیک ہوگئی اور نہا کر پاک ہوکر نماز پڑھنے لگی یہ واقعہ رحیم یار خان کا ہے۔(طارق محمود۔ رحیم یار خان)

## جوان لڑکا گھر سے لاپتہ۔۔۔!

ایک عورت کا جوان لڑکا گھر سے لاپتہ ہوگیا قرض کا مسئلہ تھا لڑکے کا معلوم نہ ہوتا تھا کہ جہاں ہے اس عورت نے پڑھنا شروع کردیا چند دن کے اندر وہ لڑکا واپس آگیا یہ واقع رہی شہر سندھ ضلع گھوٹکی کا ہے۔(طارق محمود۔ رحیم یار خان)

## گھر بس گیا۔۔۔!

ایک لڑکی کی شادی وٹہ سٹہ میں گھر والوں نے کر دی۔ اس کا بھائی اور بھابی تو ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہے تھے لیکن اس لڑکی کا خاوند اس سے اچھا سلوک نہ کرتا تھا اور اس کو ماں باپ کے گھر چھوڑ گیا تھا اور لے کر نہ جاتا تھا۔ اس لڑکی اور اس کے گھر والوں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" کیا تو چند دن کے اندر لڑکی خاوند گھر آکر اسی کو لے کر چلا گیا۔ (طارق محمود۔ رحیم یار خان)

## اللہ نے بہت کرم کیا ہے۔

حضرت جی جو وظائف آپ نے بتائے ہیں الحمدللہ ان سے بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں کچھ پیش خدمت ہیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" حضرت جی میری بیوی کی کمر میں اکثر درد ہوتا تھا تقریباً ڈیڑھ سال سے دو بچوں کی پیدائش کے بعد اس کا لیٹ کے اٹھنا یا بیٹھ کے اٹھنا بہت مشکل ہو گیا تھا اکثر دوائیاں کھاتے لیکن کوئی فرق نہ ہوتا ہفتے پندرہ دن میں ڈاکٹر کے پاس ضرور جانا پڑتا تھا اس عمل کی برکت سے بالکل ٹھیک ہے اس عمل سے اللہ نے بہت کرم کیا ہے۔ (عابد عباسی۔ مانسہرہ)

## بچی کے کان میں درد انتہا کا

آپ نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا تھا وہ میں نے ایک بچی کی ماں کو دیا۔ اس بچی کے کان میں درد انتہا کا اور دوائی سے کوئی افاقہ نہیں اور درد ایسا کہ نہ سکول اور ٹیوشن بس رونا اصل میں اس کے کان میں میل کا ایک ڈیلا بن گیا تھا جو پگھل نہیں رہا تھا۔ پھر میں نے اذان کا عمل بتایا اس کی نانی نے فوراً عمل کیا۔ بس پھر کیا تھا دوائی کے ساتھ ساتھ جب اللہ کا کلام شامل حال ہو گیا تو کشتی تو پار لگنی تھی۔ اس کی نانی نے اذان کا عمل کیا اور جتنا بھی میل کان کے اندر تھا پگھل گیا اور رِس گیا اب وہ بچی بالکل ٹھیک ہے۔ (صنوبر اقبال)

## کبھی بخار 102 ہو جاتا اور کبھی 104

حضرت میرے بیٹے کو 104 بخار ہو گیا۔ ڈاکٹر کے پاس لے گئے اس نے اینٹی بائیوٹک دیدی دوا دیتے رہے کبھی بخار 102 ہو جاتا اور پھر کبھی 104 مستقل چار دن ڈاکٹر کے ہاں جاتے رہے لیکن ایک دفعہ بھی اس کا بخار نہ اترا پھر چوتھے دن میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ سب چھوڑو اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرتے ہیں ہم نے رات دس بجے سے ہر گھنٹے بعد "افحسبتم اور اذان والا عمل" کیا اور دو بجے بچے کا بخار بالکل اتر گیا یہ سب اعمال کی برکت سے ہوا اللہ رب العزت ہم سب کو اعمال سے پلنے، بننے اور بچنے کا یقین عطا فرمائے۔ آمین۔ (محمد دانش رضا خان، کراچی)

## خواب میں اذان کی تلقین

میں نے خواب میں دیکھا میں کسی اجنبی گھر میں ہوں اور وہاں سو رہی ہوں میری امی آواز لگاتی ہیں ارم کمرے میں سے باہر آئو حکیم صاحب آ گئے ہیں ' ارم جلدی آئو حکیم صاحب آ گئے ہیں رات کا وقت ہوتا ہے میں اٹھنے کی کوشش کرتی ہوں امی کی آواز سن کر مگر اٹھ نہیں پاتی کسی چیز نے زور سے میرا بازو پکڑا ہے مجھے وہ چیز نظر نہیں آتی میں اس چیز کو کہتی ہوں مجھے چھوڑ دو وہ اور زور سے میرا بازو پکڑتی ہے میں فوراً اذان بولنا شروع کر دیتی ہوں وہ غائبانہ چیز مجھے فوراً چھوڑ دیتی ہے میں جلدی سے کمرے میں سے باہر آ کر امی سے کہتی ہوں امی حکیم صاحب کہاں ہیں؟ امی کہتی ہیں نیچے مسجد میں میں آپ کے پاس آئی ہوں اور سارا مسئلہ بیان کرتی ہوں آپ مجھے کچھ وظیفے دیتے ہیں (جو کہ میں بھول گئی ہوں) اور پھر آپ میری ٹانگ پر انگلی پھیرتے ہیں میں کہتی ہوں یہ کیا آپ کر رہے ہیں آپ کہتے ہیں میں نے تمہارے جسم سے زہر نکالا ہے۔( ارم)

## سسٹم کا لنک ڈائون اور اذان کا ورد

محترم حکیم صاحب اب تو میں نے اپنا کمپیوٹر سسٹم ٹھیک کرنے کیلئے بھی اذان پڑھنے کو معمول بنالیا ہے جب مجھے پتہ چلا کہ سسٹم کا لنک ڈائون ہو رہا ہے تو میرے منہ سے خود بخود اذان نکلنے لگتی ہے اور ساتھ ہی یاحفیظ پڑھ لیتی ہوں۔ کمال کے اعمال ہیں۔ اعمال بھی کمال بتانے والے بھی کمال اور سب سے بڑھ کر اس طرح کے اعمال کو زمین پر اتارنے والے بھی صاحب کمال ہیں۔ واقعی تسبیح خانہ اعمال سے بننے، اعمال سے پلنے اور اعمال سے بچنے کا ذریعہ ہے۔(فرحت، لاہور)

## نافرمان اولاد کی فرمانبرداریاں۔۔۔!

گھر فیکٹری پر شروع کیا تیرہ سال کا بیٹا نام عدنان ہے میرے پاس آیا اور بولنے لگا مجھے معاف کر دیں اور پیروں میں گر گیا یہ میرا بیٹا بولتا تھا میں اپنے پاپا سے بات نہیں کرتا ہوں یہ بات میرے بھائی یعقوب نے بتائی اللہ کا شکر ہے آپ کی دعا سے ایک لڑکا بات کرنے لگا ہے۔(عبدالقیوم قریشی۔ کنڈیارو، سندھ)

## جو میرا ہے وہ تیرا ہے

آپ اکثر فرماتے ہیں جو میرا ہے وہ تیرا ہے اور جو تیرا ہے وہ سارے عالم کا ہے۔ اس پر عمل پیرا ہوتے ہوئے میں اپنے استاد پڑھائی کے محلے دار جو پی ٹی سی ایل میں G/17 میں ہیں انہیں کنونیس کیا ان کی بیٹی بیمار تھی اسے ٹائیفائیڈ تھا ہسپتال سی ایم ایچ میں علاج ہوا لیکن فرق نہیں پڑا میں نے انہیں بار بار کہا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" لیکن وہ نہیں مانے لیکن میں بھی اصرار کرتا رہا جب افاقہ نہ ہوا تو ایک دن میں نے کہا میرے کہنے پر یہ عمل کرے یہ سمجھ لے کہ میں نہیں کہہ رہا قرآن کی وجہ سے کرے انہوں نے کہا پھر میرے پوچھنے پر کہا کہ عمل کرنے کی وجہ سے بخار میں کافی فرق ہے انہوں نے کہا کہ مجھے بھی لے کر چلو درس پر میں نے انہیں درس کیلئے پکا کر لیا۔

## پہلے سے زیادہ توانا ہو گئی

محترم حکیم صاحب! میرے بھائی کے سر میں اکثر بہت درد ہوتا ہے تو ہم اسے "افحسبتم اور اذان والا عمل" بار دونوں کانوں میں پڑھ کر دم کر دیتے ہیں تو درد ٹھیک ہو جاتا ہے یہ عمل ہماری کزنز نے بتایا تھا۔

حکیم صاحب ہم دونوں بہنیں بہت شدید بیمار تھیں ڈاکٹر کی بہت عرصہ دوائیاں کھائیں اور پھر ہم آپ کے درس میں شریک ہوئیں اور گڑگڑا کر دعا کی ہم سے اٹھا بیٹھا نہ جاتا تھا اس قدر کمزور ہو گئیں تھیں کہ کیا بتائیں ہماری کزن بھی ہمیں دیکھ کر پریشان ہو گئیں کہ تم لوگوں کو کیا ہو گا بس پھر درس کی برکت سے اور بعد میں دونوں بہنیں "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرتے رہے تو اللہ پاک کے فضل و کرم سے جلد ہی صحت یاب ہو گئیں اور اب پہلے سے زیادہ توانا ہو گئی ہیں۔

(نادیہ اشرف کی بہن)

## سکول وین والا

میری بیٹی کا سکول وین والا کچھ دنوں سے بیمار تھا وہ اس کو لینے کے لیے نہیں آ رہا تھا میں نے اس کو فون کر کے خیریت دریافت کی اس کی بیوی نے فون اٹھا کر کہا وہ کسی سے بات نہیں کر سکتے کیونکہ ان کو بہت تیز بخار ہے گھٹنے پر دانہ تھا اس کی وجہ سے طبیعت بہت خراب ہے میں نے ان کو کہا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر دائیں اور بائیں کان میں ہر گھنٹے بعد یا ہر نماز کے بعد دم کریں وہ اگلے بالکل ٹھیک ہو گئے ان کا فون آیا کہ میں بچی کو سکول لے جانے کے لیے آ رہا ہوں۔(محمد شعیب، اقبال ٹاؤن لاہور)

## مجھے بہت زیادہ خوف آیا تو۔۔۔!

رات کو میں سونے کے لیے لیٹی تو مجھے بہت زیادہ خوف آیا اتنا خوف کہ حد سے باہر میں نے اذان اور سورۃ مومنون کی آیات پڑھنا شروع کر دیں تصور میں کیا دیکھا کہ کچھ چیزیں مجھ پر حملہ کرنے کی غرض سے تیزی سے آ رہی تھیں تین چار پانچ تھیں اب یاد نہیں لیکن میری طرف سے ایک ہی چیز اٹھتی ہے اور وہ سب بھاگ جاتے ہیں.

(نگہت شفیق، روم، اٹلی)

## فالج زدگی کا علاج

محترم حکیم صاحب! جیسا کہ سابقہ خط میں آپ سے عبد الرحمٰن کا تذکرہ کیا تھا جس کے کسی عزیز کو فالج کا اٹیک ہوا تھا۔ اس کے لئے آپ نے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ تجویز کیا تھا۔ وہ میں نے اس کو اسی وقت بتادی تھیں۔ ماشاء اللہ سے اس نے عمل کو پڑھا ہے۔ اب وہ بہت بہتر ہیُ۔ اب چلنے لگا ہے بقول عبد الرحمن کے۔

(مسز طاہرہ کمال، راولپنڈی)

## مجھے دورے نہ پڑیں

عرض یہ ہے کہ میں نے آپ کو تین مہینے پہلے اپنی بیماری کے بارے میں خط لکھا تھا کہ میری عمر چوبیس سال ہے اور دورے پڑتے ہیں کوئی علاج بتائیں کہ مجھے دورے نہ پڑیں اور اینٹی بائیوٹک گولیوں سے جان چھوٹے آپ نے مجھے (اکسیر البدن) اور (ستر شفائیں) استعمال کرنے کو کہا(دن میں چار بار) اور ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ (دن میں تین بار) پڑھ کر دائیں بائیں کندھوں پر پھونکنے کیلئے کہا۔

میں آپ کے بتائے ہوئے طریقے پر پورا عمل کر رہی ہوں تین مہینے کے بعد دوبارہ خط لکھ رہی ہوں اب میری پوزیشن ایسی

ہے کہ مجھے ہفتے میں یا دن میں بھی کبھی ایک مرتبہ کبھی دو مرتبہ تو کبھی تین مرتبہ بھی دورے پڑتے ہیں ایک رات کو تین مرتبہ دورہ پڑا ہے دن کے وقت جتنے دورے پڑتے ہیں ایک رات کو تین مرتبہ دورہ پڑا ہے دن کے وقت جتنے دورے پڑتے ہیں اتنا ہوتا ہے کہ میں خود کو پہلے کی بہ نسبت خود کو سنبھال لیتی ہوں۔ اکسیر البدن کی چار ڈبیاں کھا چکی ہوں اور ستر شفائیں کی تین ڈبیاں کھا چکی ہوں۔ پہلے سے بہتر محسوس کر رہی ہوں۔ (دختر اقبال، اٹک)

## مخبوط الحواس کے حواس بحال

حضرت جی چند ماہ قبل ایک خاتون جس کا نام کشور تھا اور آج سے قبل تقریباً 20/22 سال قبل وہ ہمارے پرانے گھر کے ہمسائے تھے اس کا شوہر جس کا نام عالم ہے وہ جنات کی وجہ سے پاگل ہو گیا اور اتنا شدید مخبوط الحواس ہو گیا کہ اپنی بیوی بچوں اور ماں بہن بھائیوں کو ہی پہچاننے سے قاصر ہو گیا جہاں پر پڑا ہوتا وہاں پر ہی غلاظت کر دیتا وہ عورت میری والدہ کو ملی اور تمام احوال بتایا میری والدہ نے حضرت جی کا بتایا تو وہ عورت مجھے ملنے آ گئی کہ مجھے وقت لے دیں تاکہ ملاقات کر سکوں وقت اور ملاقات میں دشواری کے پیش نظر میں نے اسے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ پڑھنے اور اول آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض کے کان میں چونکنے کا عمل دیا اور دن میں 5 مرتبہ عمل کرنے کو کہا۔ ایک ہفتے بعد وہ عورت دوبارہ میرے گھر آئی اور کہا کہ سورۃ المومنون نہیں پڑھ سکے لیکن اذان دن میں پانچ مرتبہ پڑھتے رہے ہیں اور اب مریض پہلے سے بہت بہتر ہے اور اپنے عزیز و اقارب کو پہچانتا ہے

میں نے عمل جاری رکھنے کا کہا وہ چلی گئی اور چند ہفتوں بعد دوبارہ ملی اور بتایا کہ اسی عمل کی وجہ سے برسوں سے بیمار اور لاغر شوہر تندرست ہوگیا ہے اور خود چل پھر سکتا ہے اور کام پر جاتا اور اب دورے اور بیماری سے محفوظ ہے میں نے حفاظت کیلئے عمل جاری رکھنے کا مشورہ دیا الحمدللہ اذان کے عمل سے برسوں سے بستر مرگ پر لاش کی مانند شخص اللہ کے نام کی برکت سے دوبارہ تندرست ہوگیا۔(توقیر حیدر کشکولی)

## ایک لاکھ کی بھینس ایک عمل سے ٹھیک

میرا ایک رشتہ دار کہہ رہا تھا کہ ہماری ایک بھینس رات کو بیمار ہوگئی لاکھ روپے سے اوپر کی وہ بھینس تھی رات کا وقت تھا کوئی ڈاکٹر بھی دستیاب نہیں تھا میں اور میری والدہ ہم بھینسوں کے باڑے میں گئے ہمیں اسے محسوس ہو رہا تھا کہ یہ چند لمحوں میں گرنے والی ہے اور میں نے اور میری امی نے جاکر ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ سات دفعہ پڑھیں میں نے اذان اس کے کان میں پھونکی اور میری امی نے سورۃ مومنون کی آیات پڑھ کر پھونکیں اس سے جو اللہ تعالیٰ کی عجیب وغریب مدد ملی وہ یہ کہ ابھی ہم نے پھونکیں اور ہماری بھینس بالکل الحمدللہ ٹھیک ہوگئی جیسے اس کو کچھ ہوا بھی نہیں تھا۔

(محمد اکمل فاروق ریحان کشکولی، سرگودھا)

## رزلٹ آیا تو تیسری پوزیشن تھی

میں ایک بچی کو قرآن پاک پڑھاتی ہوں اس کے 6th کلاس کے فائنل امتحان ہو رہے تھے بچی کی والدہ مجھ سے کہنے لگیں کہ یاد سب کچھ کرتی ہے لیکن سارا سبق بھول جاتا ہے کہنے لگیں جتنے دن تک اس کے پیپرز ہو رہے ہیں تم اسے ”افحسبتم اور اذان والا عمل“ کا دم کر دیا کرو میں روزانہ بچی کو دم کرتی رہی میں نے اس کو امتحانات کے بعد پوچھا کہ کیسے پیپرز ہوئے کہنے لگی اچھے ہوئے ہیں جب اس کا رزلٹ آیا تو تیسری پوزیشن تھی حالانکہ اس سے پہلے وہ دو یا تین پیپروں میں فیل ہوگئی تھی۔(بنت اشرف، لاہور)

## اذان کا حصار اور تعلیمی کیریئر

اگر سبق یاد کرتے ہوئے اذان کا حصار بنالیں تو سبق بہت جلدی اور اچھا یاد ہو جاتا ہے۔(بنت اشرف، لاہور)

## دعا بھی، دوا بھی

جب میں بیمار ہوتی ہوں اذان اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات والا عمل کرتی ہوں ٹھیک ہو جاتی ہوں جیسا کہ آج کل جوڑوں میں درد ہوتا ہے اذان والا عمل کرتی ہوں تو درد ختم ہو جاتا ہے۔ میری امی کو بھی جوڑوں کے درد کا مسئلہ ہے میں ان کو اذان والا عمل بتاتی ہوں اس عمل کی برکت سے انہیں کافی فرق پڑا ہے۔(مسز فاروق عباسی، لاہور)

## میرے سب کام ہو جاتے ہیں

میں جب بھی کسی نام کے بارے میں اس عمل کو پڑھتا ہوں تو وہ کام الحمدللہ ہو جاتا ہے پانچ رشتے ایسے تھے جو نہیں ہو رہے تھے وہ اللہ کے فضل سے ہو گئے۔ ایک دن رات کو پڑھتے ہوئے میں سو گیا تو میں سورۃ نباء کی تفسیر بیان کر رہا تھا تو کسی نے کہا کہ آپ سے دین کا کام لیا جائے گا پھر ایک دن خواب میں دیکھا تھا کہ صحابہ کرام اور حضور ﷺ بھی تشریف فرما ہیں فرمایا اس عمل کو جاری رکھوں پوری دنیا میں دین کی خدمت کا کام لیا جائے گا۔ اکثر خواب میں بزرگوں کی زیارت ہوتی رہتی ہے جس میں آپ کی بھی کئی مرتبہ خواب میں زیارت ہوئی ہے۔ ایک دوست تھا جس کا انگلینڈ جانے کا ارادہ تھا بہت سی رکاوٹیں تھیں وہ دور ہو گئی ہیں وہ باہر چلا گیا ہے۔ مولانا حسن صاحب نے فرمایا کہ حکیم صاحب سے ہی رابطہ جاری رکھیں۔ جب سے یہ عمل شروع کیا ہے نماز میں دل لگتا ہے اور بہت کم مرتبہ تکبیر اولیٰ اور نماز رہ گئی ہو۔ جب سے یہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' شروع کیا ہے کسی دوسری طرف میلان ہی ختم ہو گیا صرف آپ کا چہرہ اکثر سامنے رہتا ہے۔ اکثر دل میں اطمینان ہوتا ہے اور جو بات زبان سے نکلتی ہے وہ پوری ہو جاتی ہے۔ (عبداللہ)

## والدہ کا بخار بالکل ختم

درس پر آپ نے کہا ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کا لکھیں تو اس عمل سے دو فائدے لکھ رہا ہوں ایک خود کا تجربہ میری والدہ کو بخار تھا دو ڈاکٹر تبدیل کیا فرق نہ پڑا دوائی کھا کے امی تھک گئی تھیں میرے ذہن میں ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' پڑھ کے پہلے پھونک ماری پھر اذان سات دفعہ پڑھنی دوسری پھونک ماری کچھ ہی گھنٹوں بعد والدہ کا بخار بالکل ختم ہو گیا اب یہ عمل اثرات جو جادو وغیرہ کے لیے کوشش کرتا دن میں ایک دو دفعہ پڑھا کرو۔

## گردے، پھیپھڑے سب ختم ہو گئے

دوسرا فائدہ اس سے بہت زیادہ ہے میری بڑی بہن کے سسر بہت بیمار تھے وہ ساری زندگی تیزاب کا کام کر رہی ہیں زکام ریشہ بہت رہتا رہا عمر زیادہ ہوئی تو تیزاب نے اپنا کام کیا ان کے گردے، پھیپھڑے سب ختم ہو گئے۔ ڈاکٹرز نے کہا خراب ہو گئے شیخ زید ہسپتال والوں نے جواب دے دیا میں درس میں اس دن یہ عمل سن کے گیا میں نے اپنی بہن کو بتایا اور بہنوئی کو انہوں نے کہا بہنوئی نے ایسی نیت سے کہا کہ وہ ہی ڈاکٹرز جو جواب دے گئے جو کہتے تھے یہ بندہ آکسیجن سلنڈر کے بغیر سانس نہیں لے سکتا ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' سے یوں ہوا کہ ایک جگہ اور چیک اپ جب کروائیں مریض کو ڈاکٹر نے کہا کہ

پھیپھڑوں میں اب کچھ نقص ہیں اس کا تو علاج ہو سکتا ہے اب وہ مریض اللہ کے فضل سے بالکل ٹھیک تو نہ پر ہوا یوں کہ جو پہلے لاعلاج ہو گئے تھے اذان کے عمل سے ڈاکٹر کی دوائی بھی اثر کر رہی تھی اب ڈاکٹرز نے کہا کہ ایک ماہ تک یہ فلانی وا اور ڈرپس کچھ لکھ کے دی وہ گھر میں سنبھال کریں موت کا نظام

تو اللہ پاک کے ہاتھ میں بیشک اذان کے عمل سے جو وہ مریض کچھ کھانہ سکتا تھا اب کھالیتا بہنوئی میرے یہ عمل ہر گھنٹہ بعد کر رہے ہیں۔(جبران رحمان، لاہور)

## ٹیکسی کو آگ لگ گئی۔۔۔!

اذان کا فائدہ میں اور میرا بیٹا بہن کے گھر گئے ہوئے تھے واپس آتے ہوئے جب ہم اسلام آباد ہائی وے سے ہم آ رہے تھے ہم دونوں بائیک پر تھے ٹریفک تیزی سے چل رہی تھی آگے ٹیوٹا پیچھے ٹیکسی تھی ٹیوٹا جب رکا ٹیکسی جا کر اس کے ساتھ ٹکرائی ٹیکسی میں آگ لگ گئی ٹیکسی ڈرائیور ٹیکسی کے اندر تھا' دروازے بند تھے دھماکے کی آواز آئی ٹیکسی کو آگ لگ گئی' ہم وہیں رک گئے میں نے بیٹے کو بولا جاؤ جا کر ٹیکسی والے کو باہر نکالو وہ بے چارہ جل جائے گا۔ ٹیکسی والا بے چارا ہاتھ پاؤں مار رہا تھا' دروازہ کھولنے کیلئے بیٹے نے کہا کہ آپ اذان پڑھیں میں بھی اذان پڑھ رہا ہوں وہ خود نکلے اس کو کچھ بھی نہیں ہو گا ہم نے دونوں نے اذان پڑھنی شروع کی آپ سوچ نہیں سکتے کہ پندرہ سے بیس منٹ میں اتنا بڑا شعلہ آگ کا ختم ہو چکا تھا ٹیکسی والا بھی آرام سے باہر نکل آیا اور آگ بھی ختم ہو گئی پھر بیٹا کہنے لگا اب خوش ہیں اب گھر چلیں۔ میں نے کہا ٹھیک پھر کہنے لگا دیکھا اذان کا کمال اللہ نے اپنے نام میں کتنی برکت رکھی ہے اور گھر تک میرے آنسو بند نہیں ہو رہے تھے۔(اُمّ حافظ انیس احمد، راولپنڈی)

## عبقری میں پڑھا تھا کہ۔۔۔!

عبقری رسالے میں اذان کا عمل تھا کہ بخار ہو جانے پر اذان اور اقامت ملا کر مریض کو دم کریں۔ میری امی کو رات دس بجے 104 بخار ہو گیا۔ مسئلہ یہ تھا میری امی ہومیوپیتھک دوائی کھاتی ہیں اس وقت کئی سے دوائی ملنی ممکن نہیں تھی میری امی نے کہا کہ میں نے رسالے میں پڑھا تھا اذان اور اقامت سے بخار اتر جاتا ہے آپ وہ عمل کرو میں نے پندرہ منٹ کے وقفے سے اذان اور اقامت کا دم کیلئے 45 منٹ بعد بخار بالکل ٹھیک ہو گیا یہ تجربہ میں نے بہت مرتبہ کیا ہے اللہ کا شکر ہے فائدہ ہوا۔

(محمد محسن، سیالکوٹ)

## بچی کا چڑچڑا پن ختم

" افحسبتم اور اذان والا عمل" عظیم عمل ہے اس سے میری بیٹی کا چڑچڑا پن ختم ہو جاتا ہے رات کو سوتی نہیں تھی یہ عمل کیا تو روزانہ آرام سے سونے لگی جب نہیں پڑھتا تو بیٹی خود کہتی ہے کہ پڑھیں۔(عثمان۔لاہور)

## رپورٹس میں اپنڈکس نکلا۔۔۔!

یہ تقریباً دو ماہ پہلے کی بات ہے میری چھوٹی بیٹی کی طبیعت دن بدن خراب ہوتی جارہی تھی بہت سے ڈاکٹروں کے پاس گئے لیکن کسی سے تشخیص صحیح نہ ہو سکی ہم بہت پریشان تھے آخر ایک ڈاکٹر نے کہا یہ اپنڈکس کا مسئلہ لگتا ہے اس کیلئے اس نے ٹیسٹ کرائے جو لاہور کی اچھی ترین لیبارٹری سے کرایا گیا تاکہ صحیح تشخیص ہو سکے اس کی تمام رپورٹس میں اپنڈکس نکلا ہمیں تسلی نہ ہوئی اس کو کنفرم کرنے کیلئے دوبارہ ایک ٹیسٹ کرایا وہ بھی سب سے اچھی ترین لیبارٹری سے کرایا گیا جس کا نام النور ہے جو شادمان میں ہے۔

جس ڈاکٹر سے ہم نے کنسلٹ کیا سب نے کہا کہ آپریشن ہوگا ایک ڈاکٹر نے کہا کہ یہ معاملہ Serious ہے آپ فور

آپریشن کرائیں یہ خطرہ میں ہے اس ڈاکٹر نے یہاں تک کہہ دیا کہ آج رات بارہ بجے تک لازمی کہیں سے آپریٹ کرالیں چنانچہ ہم فوراً پریشانی کی حالت میں فاطمہ میموریل گئے انہوں نے کہا کہ آج نہیں ہو سکتا کل کریں گے ہم ایک دوسرے ہسپتال گئے انہوں نے ساری سچوایشن کے مطابق کہا کہ آپ آج کی رات گزارلیں ہم کل چار بجے اس کا آپریشن کردیں گے چنانچہ سارے پیسے وغیرہ ان سے فائنل کرکے آپریشن کی تیاری کی گئی فوراً ہم سب بہت پریشان تھے۔

اچانک میری بھابھی نے کہا کہ تم نے حکیم صاحب سے مشورہ کیا اور ان کو کیا بتایا ہے میں نے کہا نہیں انہوں نے کہا فوراً حکیم صاحب کے پاس جاؤ اور ان کو ساری بات بتاؤ تو ہم سب گھر والے بہت پریشان تھے پانچ سال کی بچی اور اس کی طبیعت اس طرح خراب ہے ہم حکیم صاحب کے پاس آئے۔

حکیم صاحب نے بڑے پیار سے ہمیں اپنے کلینک کے کمرے میں لے گئے اور کہا کوئی آپریشن نہیں کرانا آپ ہر آدھے گھنٹے بعد اس کے کان میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر پھونک ماریں۔

## مرشد کو کیسے ٹال سکتے ہیں۔۔۔؟

آپ یقین کریں (تقریباً سات ڈاکٹر تھے) جن سب کی رائے ایک تھی کہ آپریشن کرائیں ان ڈاکٹروں میں دو ہمارے فیملی ڈاکٹر بھی تھے اور ایک طرف (حکیم صاحب) مرشد کی بات کو ہم کیسے ٹال سکتے تھے ہم سب نے فوراً کہا کہ آپریشن نہیں کرانا چاہے ڈاکٹر جو مرضی کہیں۔

چنانچہ ہم نے اپنے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا اور پڑھنا شروع کردیا آج دو ماہ ہوگئے نہ تو کوئی درد ہے نہ کوئی طبیعت خراب نہ کوئی اور مسئلہ ہے۔ یہ سب اعمال کی برکت ہے۔ اس میں ایک بات بتاتا چلوں ڈاکٹر نے یہ کہہ دیا تھا کہ فوراً آپریشن نا کرایا گیا تو آپ اپنی بچی کو خود ذمہ دار ہوں گے۔

ابھی تقریباً پندرہ دن پہلے ایک ڈاکٹر کا فون آیا کہ ہمیں بتائیں حمیرہ کیسی ہے اس کا آپریشن کرالیا میں نے کہا جی نہیں کرایا وہ حیران رہ گئے اور وہ کہنے لگے کہ یہ معجزہ ہے میں نے کہا کہ یہ اعمال کی برکت ہے اللہ نے کرم کردیا۔

وہ ڈاکٹر پتہ نہیں کیا کچھ کہتا رہا کہ آپ ایسے آپ ویسے میں نے کہا کہ جناب یہ پڑھنے کی صرف برکت ہے اللہ کے کلام نے اس کو بچایا میں اس قابل نہیں ہوں یہ صرف میرے مرشد کی دعائوں کی برکت ہے۔(زوہیب، لاہور)

## جناتی فوج کی بد نظری کا شکار گھرانہ

محترم حکیم صاحب! السلام علیکم۔

اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہم پر سلامت رکھے، اور آپ کو لمبی عمر عطا فرمائیں۔ آمین

آج تک آپ کی بدولت ہمیں بہت سی مشکلات سے نجات ملی، آپ کے بتائے ہوئے وظائف نے ہمیشہ کمال دکھایا ہے۔ اور ہمیں پریشانیوں سے نکالا ہے۔

میری بیٹی سحر جس کا نام آپ کے مشورے سے بدل کر آمنہ کاشف رکھ دیا گیا ہے۔ اس پر جنات کا اثر بچپن سے تھا۔ پہلے آپ نے یامیت کا وظیفہ دیا تھا۔ وہ ہم نے خوب پڑھا اور فائدہ بھی ہوا۔ اب آپ نے وظیفہ بدل کر "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنے کو دیا ہے۔ جس سے ہم کو حیرت انگیز اور ناقابل یقین فائدہ ہوا۔

مثلاً سب سے بڑی پریشانی آمنہ کی ہمارے سامنے تھی۔ جو آپ کے مطابق جنات کی فوج کی بد نظر میں تھی۔

گھر میں خطرات اور عجیب و غریب حشرات الارض کا سامنا تھا، جن کی تعداد محلے کے تمام گھروں کو چھوڑ کر ہمارے گھر میں سب سے زیادہ تھی۔ بہت سی دوائیاں استعمال کرنے کے باوجود ان کی تعداد اور پیدائش میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ ایک شہد کی مکھی دن میں کئی بار گھر کے اندر آتی اور تمام گھر والوں کو چھوڑ کر صرف آمنہ کو کاٹ جاتی خواہ وہ نماز میں ہو یا سو رہی ہو یا کلاس روم میں ہو۔ کئی سالوں سے گھر میں ایک جمبو سائز مکھی گھر میں آتی۔ اور پورے گھر کا چکر لگا کر چلی جاتی۔ چوہے پیچھا نہیں چھوڑتے، کاکروچ گھٹتے نہیں۔ اور سب سے عجیب بات یہ ہوتی کہ واٹر ڈسپینسر (واٹر کولر) سے دن رات باقاعدہ پانی نکالنے کی آواز آتی کہ جیسے کوئی پانی پی رہا ہو، مگر وہاں کوئی نہ ہوتا۔ یہ سب حیرت انگیز پریشانیاں ہم کہ پیش آتی رہتی۔

اس کے بعد اب نقشہ یوں بدلا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" سے یہ سب پریشانیاں اب دن بہ دن دور ہوتی جا رہی ہے۔ کیڑے مکوڑوں کی تعداد کم ہو گئی ہے۔ چوہے بھاگ گئے ہیں۔ جمبو سائز مکھیوں کا آنا بند ہو گیا ہے۔ اب پانی نکالنے کی آوازیں بھی نہیں آتی۔ اور میرے شوہر جو کافی گرم مزاج کے حامل ہیں، ان کے مزاج میں بھی حیرت انگیز طور پر تبدیلی آئی ہے۔ اور اب وہ بلاوجہ کسی پر غصہ بھی نہیں ہوتے۔ اور ہر پریشانی کو سمجھنے کی کوشش

بھی کرتے ہیں، اور الحمد للہ ان کا دین کی طرف رجحان بھی بڑھ رہا ہے اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا سب سے بڑا فائدہ ہمیں یہ ہوا ہے کہ آمنہ کی طبیعت میں کرشماتی طور پر بہت بہتری آگئی ہے۔ اور وہ جنات کی اندھیر نگریوں سے باہر آگئی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اللہ اس عمل کی برکت سے ہماری ساری پریشانیاں ختم کر دیگا۔

حکیم صاحب اس عمل کا کوئی جوڑ، کوئی بدل نہیں ہے۔ بیشک اللہ کے کلام میں بہت طاقت ہے۔ اور اس کلام نے ہمیں مصیبتوں کے پہاڑ سے جنات دی۔ ہم آپ کے از حد مشکور ہیں، کہ آپ کی بدولت ہمیں نجات کا راستہ ملا۔ اور آپ کے بتائے ہوئے وظیفہ کی بدولت ہم نے امنی پریشانیوں سے چھٹکارا پالیا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اس عمل کے جاری رکھنے سے ہم اپنی زندگیوں کے دیگر پیچیدہ مسائل سے فرار حاصل کر سکیں گے۔ ان شاء اللہ۔۔۔! (منزہ کاشف)

## گھٹنوں کے درد میں مفید

میری امی کے گھٹنوں میں کافی عرصے سے بہت سوجن اور تکلیف تھی۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" اس بیماری کی نیت سے پڑھ کر ان کے کانوں میں دم کیا۔ اب اللہ کے فضل سے وہ بہت بہتر ہے۔ (محمد نثار حسین)

## میرے بہت کام آتا ہے۔۔۔!

محترم حکیم صاحب سب سے پہلے آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہونگی کہ آپ اتنا اچھا رسالہ چھاپ رہے ہیں کہ کسی اور طرف دیکھنا نہیں پڑتا، اور آپ کا درس سن کے بہت سکون ملتا ہے، تمام مسائل کا حل آپ کے درس میں مل جاتا ہے۔

ایک دو دفعہ ایسا ہوا میرے میاں جی کو نیند نہیں آرہی تھی۔ انہیں عجیب سی بے چینی ہو رہی تھی۔ میں بھی پریشان ہو گئی۔ ڈرتے ڈرتے کہہ دیا کہ اذان پڑھ لیں۔ انہوں نے ایک دو دفعہ اذان پڑھی۔ اور پھر سو گئے۔ بہت اچھا اور طاقتور عمل ہے۔ میرے بہت کام آتا ہے۔ (تابندہ امین، اسلام آباد)

## یہ میرے بھائی کی بائیک ہے۔۔۔!

میں ہر عشاء کی نماز کے بعد دو انمول خزانے اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" کچھ دنوں سے ہمارے محلے میں جو موٹر سائیکل بغیر لاک کے کھڑی ہوتی ہے اسے پولیس والے اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ پچھلے دنوں میرے بھائی نے بائیک باہر ہی کھڑی کی اور مجھے آواز دیکر چلا گیا کہ اسے اندر کر لینا۔ اس وقت عشاء کی جماعت کا وقت ہونے والا تھا میں نے سوچا کہ آکر اندر کر لوں گا۔ مسجد میں جا کر میں نے نماز کے بعد معمول کے مطابق اپنے اذکار کیے اور جب واپس گھر آیا تو میری ہمشیرہ کہنے لگی کہ کچھ پولیس والے آکر ہماری بائیک لے جانے لگے تھے کہ کہیں سے ایک آدمی نے آکر انہیں کہ یہ میرے

بھائی کی بائیک ہے اسے چھوڑ دیں' لہٰذا وہ پولیس والے آگے بڑھ گئے۔ میرے دل میں خیال آیا کہ اللہ پاک نے انمول خزانے اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی برکت والے عمل کی دولت غیب سے ہماری مدد فرمائی ہے۔

(شہباز صاحب)

## "پانچ سالہ بچے کی خون کی فریاد"

پچھلے سال میں نے پنجاب یونیورسٹی نیو کیمپس میں جمعہ پڑھا اور جب باہر نکلا تو جگہ جگہ پوسٹر لگے ہوئے تھے جن پر لکھا تھا "پانچ سالہ بچے کی اپنے بھائیوں سے خون کی فریاد" اس کے نیچے ان کے فون نمبرز لکھے ہوئے تھے میں نے فوراً انہیں فون کیا۔ وہ پوچھنے لگے کہ کیا آپ خون دینا چاہتے ہیں میں نے کہا کہ خون کا انتظام تو مجھ سے نہیں ہو سکتا البتہ ایک عمل ہے اگر آپ وہ کر لیں تو انشاء اللہ آپ کا بچہ صحت مند ہو جائے گا۔

وہ کہنے لگے کہ ہم نے کئی عمل آزما لیے ہیں میں نے کہا کہ آخری بار یہ عمل بھی کر لیں کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں پھونک ماردیں پھر یہی پڑھ کے بائیں کان میں پھونک ماریں۔ خیر انہوں نے اس عمل کو بھی معمولی سمجھا اور نہ کیا۔

لیکن دو تین دن بعد خود ہی فون کر کے پوچھا کہ آپ وہ عمل ہمیں دوبارہ سمجھا دیں اب ہم یہ عمل کرنا چاہتے ہیں میں نے دوبارہ اچھی طرح انہیں سمجھا دیا۔ پھر چند دن بعد فون آیا کہ اللہ کا شکر ہے کہ پہلے بچے کو جہاں روزانہ 10/8 خون کی بوتلیں لگتی تھیں اب صرف 5/6 لگتی ہیں۔ میں نے کہا کہ عمل کو جاری رکھیں۔ پھر کچھ دنوں بعد انہوں نے کہا کہ بچہ آئی سی یو میں ہے ڈاکٹر اندر نہیں جانے دیتے۔ میں نے کہا کہ آپ باہر بیٹھے بیٹھے تصور میں ہی بچے پر دم کرتے جائیں یا پھر باہر بیٹھ کر پڑھ کر اندر جا کے صرف پھونک مارنے کی اجازت لے لیں۔

ایک ماہ کے بعد اس بچے کے والد صاحب کا فون آیا وہ بہت خوش تھے اور دعائیں رہے تھے۔ کہنے لگے کہ پہلے ہمارا بچہ بیڈ سے اٹھتا تھا نہ ہی کچھ کھا پی سکتا تھا۔ اسے باتھ روم وغیرہ بھی اٹھا کے ہی لے جانا پڑتا تھا۔ اب وہ کھا پی بھی رہا ہے اور خود چلنا پھرنا بھی شروع ہو گیا ہے۔ ڈاکٹرز کہتے ہیں کہ 2/3 دن میں آپ بچے کو گھر لے جا سکتے ہیں۔ اس کے بعد ان سے میرا کوئی رابطہ نہیں ہوا۔

ابھی کچھ دن پہلے تقریباً سال بعد بچے کی پھوپھی کا فون آیا کہنے لگے کہ پچھلے سال آپ نے جو عمل بتایا تھا ہمارا بچہ اس کی برکت سے بالکل ٹھیک ہو کے چند ہی دن میں گھر آگیا تھا۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ میرا اپنا بیٹا آنکھوں کا مریض ہے۔ پیدائشی طور

پر ہی اس کے ساتھ بینائی کا مسئلہ تھا۔ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ اس کی آنکھوں کا پیچھے والا پردہ کھسکا ہوا ہے۔ یہ کبھی ٹھیک نہیں ہو سکے گا۔ اس کیلئے کوئی عمل بتا دیں تاکہ میرا بیٹا بھی میرے بھتیجے کی طرح نارمل زندگی گزار سکے۔ میں نے کہا کہ آپ بھی وہی عمل کریں جو انہوں نے کیا تھا اس کے بعد ابھی تک میرا ان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا لیکن مجھے یقین ہے کہ اگر وہ بھی یہ عمل کر لیں تو ان کا بیٹا بینائی کی پریشانی سے نجات پا سکتا ہے۔ انشاء اللہ۔

## اور ڈینگی سے شفاء ہوگئی

گزشتہ اتوار کو جب حضرت جی دامت برکاتہم سفر پر تھے۔ میرے بیٹے کو ڈینگی بخار ہو گیا۔ میں نے حضرت دامت برکاتہم سے رابطہ کیا تو فرمایا کہ ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' ہر دس منٹ بعد کرتے رہیں۔ بچے کو جب ہسپتال سے گھر لے آئے تو میں نے وہ عمل شروع کر دیا۔ رات ساڑھے بارہ بجے تک مسلسل وہ عمل کرنے سے بچے کو کافی افاقہ ہوا اور بخار اترنے لگ گیا۔ آج پانچ دن ہو گئے ہیں الحمدللہ بچہ کافی بہتر ہو رہا ہے۔ پلیٹ لیٹس بھی بڑھ رہے ہیں اور بخار بھی ختم ہو گیا ہے۔ اللہ نے اپنے فضل و کرم سے اور اس عمل کی برکت سے اسے شفاء دے دی ہے۔ (غلام عباس)

## عمل کا کرشمہ، آنکھوں سے دیکھا

یہ آج سے نو ماہ پہلے کی بات ہے کہ میری دکان پر ایک خاتون آ کر کہنے لگی کہ میرے شوہر سید قمر عباس شاہ صاحب گرے تھے تو ان کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ کافی عرصہ علاج ہوتا رہا لیکن کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ پھر انہیں سی ایم ایچ کھاریاں لے گئے وہاں کے ڈاکٹروں نے ان کی ہڈی کاٹ کے بکرے کی ہڈی ڈال دی لیکن اب وہ بھی ایڈجسٹ نہیں ہو رہی۔ اب کوئی عمل بتائیں کہ ان کی ہڈی جڑ جائے۔ میں نے انہیں ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' بتا دیا اور کہا کہ یہ عمل ان کے شوہر بھی پڑھتے رہیں۔ تقریباً تین ماہ پہلے ان کے شوہر مجھے ملے اور کہنے لگے کہ اب کافی افاقہ ہو گیا ہے۔ اس کے بعد اس ماہ کا رسالہ عبقری جب ان کے گھر دینے گیا تو وہ کہنے لگے کہ اب میں بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں۔ حالانکہ ڈاکٹروں نے تو کہہ دیا تھا کہ آپ کی یہ ٹانگ ضائع ہو جائے گی اور آپ باقی عمر معذوری میں ہی کاٹیں گے لیکن اس عمل کا کرشمہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔ (آصف اقبال' منڈی بہاؤالدین)

## سمندر کی لہریں پچیس تیس فٹ پیچھے

کچھ اعمال حضرت جی دامت برکاتہم سے سن کر اپنائے ہوئے ہیں اور ان سے جو جو مشاہدات حاصل ہوئے ان میں سے چند ایک عرض کرنے لگا ہوں۔ سب سے پہلے تو ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' کے کمالات میں نے سنے۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ گاڑی میں جب بیٹھیں تو سات بار اذان پڑھ لینی چاہیے اس کے اور بھی کئی فوائد بیان فرمائے۔ ہم تین دوست کراچی گئے ہوئے تھے وہاں سمندر کنارے کھڑے تھے۔ غالباً چاند کی تیرہویں رات تھی اس لیے مدوجزر کی وجہ سے پانی کی لہروں میں بہت شور تھا اور جب ہوا تیز چلتی تو لہریں آ کے ہمارے سینے پر لگتیں۔ بچپن میں یہ بات سنی ہوئی تھی کہ جب بارشیں بہت زیادہ ہوتی تھیں اور رکتی نہیں تھیں تو علماء کرام لوگوں کو کہتے کہ گھروں کی چھتوں پر چڑھ کر بلند آواز میں اذانیں دیں۔ میرے دل میں بھی اللہ نے یہ بات ڈالی اور میں نے اپنے ساتھیوں سے اذان دینے کا کہا۔ ہم نے بلند آواز سے اذانیں دیں کہ یااللہ یہ بھی تو بارش کے پانی کی طرح ہی پانی ہے اسے بھی تھما دے۔ اللہ کا کرم ایسا ہوا کہ وہ لہریں جو سینوں پر

آ کے لگ رہی تھیں صرف پندرہ بیس منٹ میں ہی وہ کم سے کم پچیس تیس فٹ پیچھے ہو گئیں۔ (شیخ شفیق' لاہور)

دشت تو دشت ہیں، دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے

بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے

## زور زور سے اذان پڑھنا شروع کردی

☆ میں ایک رات ملتان سے آرہا تھا۔ عموماً مردہ جانور سڑکوں پر پڑے ہوتے ہیں لہٰذا میں احتیاط سے گاڑی چلارہا تھا۔ ایک دم مجھے ایسے لگا کہ میری گاڑی کے نیچے کوئی گدھا نما بڑا جانور آگیا ہے۔ اس وقت گاڑی کی سپیڈ 140 پر تھی۔ گاڑی اس چیز کے ساتھ ٹکرائی۔ ٹائر میں سے چیخیں نکلیں۔ میں بہت پریشان ہوگیا۔ میرے سامنے موم نما کسی چیز کی بنی ہوئی شکل بار بار سامنے آرہی تھی۔ یہاں درس میں حضرت دامت برکاتہم نے کوہاٹ کے کسی شخص کا ایک خط پڑھا تھا۔ میرے ذہن میں وہ واقعہ آیا اور میں نے زور زور سے اذان پڑھنا شروع کردی۔ تقریباً 2 کلومیٹر میں اندھا دھند گاڑی دوڑا تا رہا اور اذان پڑھتا رہا۔ وہ شکل میں مسلسل میرے سامنے آتی رہی۔ بہرحال میں اذان پڑھتے پڑھتے خیریت سے وہاں آگے نکل گیا۔ (شیخ شفیق' لاہور)

## اذان سے جنات بھاگ گئے

قابل محترم حضرت صاحب السلام علیکم! خداوند کریم سے دلی دعا ہے کہ وہ آپ کو ہمیشہ اپنی خاص رحمتوں میں رکھے۔ وہ آپ کو' آپ کی فیملی' سٹاف' مریدین' متعلقہ پر شخص کو دینی، دنیاوی ہر طرح سے نوازتا رہے' اپنی عافیت میں رکھے۔ آمین!

آپ کی دعاؤں سے اللہ کا بہت شکر ہے کہ گھر مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ میں آپ کی بہت ممنون ہوں کہ آپ نے میرے مسئلے پر بہت روحانی توجہ و دعا کی مجھے اس بات کا پکا یقین ہے کہ جب تک میں آپ کی دعاؤں کے حصار میں رہونگی' مجھے کچھ نہیں ہوسکتا۔ انشاء اللہ۔

آپ نے ارشاد فرمایا کہ صبح وشام اذان کی تسبیح پڑھا کرو۔ وہ میں نے اسی دن سے شروع کردی ہوئی ہے۔ میں نے جیسے ہی یہ تسبیح پڑھنا شروع کی تو اوپر تلے دودن جو مجھے نظر آیا وہ میں آپ کی خدمت میں تحریر کررہی ہوں۔

صبح فجر کے بعد میں نے اس کو پڑھا تو دیکھتی ہوں کہ کوئی دائرے دو قسم کے ایک بڑا اور ایک درمیانے سائز کا ان کے حرکت کرتے ہوئے سائے ہیں اور وہ کسی چیز پر یوں جیسے جاندار چیزوں کی طرح کسی پر بیٹھے ہوئے ہیں شاید تخت ہے یا سٹول ہے۔ سمجھ نہیں آیا۔ پھر اس جگہ پر سانپ کی طرح کا پتلا سا چلتا ہوا رینگتا ہوا، ایک سانپ اس تخت سے نیچے اترتا ہوا نظر آتا ہے۔ وہ سائے حرکت کرنے لگتے ہیں دائروں کے پھر ایک دوسرا پتلا سا سانپ کی طرح کی چیز وہ بھی حرکت کرتے ہوئے ہیں۔ میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ ایک دم بوکھلاہٹ سی ہوجاتی ہے اور سوچتی ہوں کہ مجھے کیا پڑھنا چاہیے۔ کیا ورد کرنا چاہیے ذہن میں فوراً سورہ فلق والناس کا خیال آتا ہے۔ وہ شروع کردیتی ہوں' کبھی پہلے تو وہ چیزیں نظر آنا بند نہیں ہوتیں لیکن مسلسل پڑھنے

سے غائب ہو جاتی ہیں۔ میری آنکھ ایک دم کھل جاتی ہے تو سوچتی ہوں کہ مجھے یہ کیوں نظر آتی ہیں۔ کیوں ایک دم چھڑ گئی ہیں یہ اشیاء تو ذہن میں آتا ہے کہ اذان پڑھنا شروع کی ہوئی ہے جس کی وجہ سے یہ چیزیں سامنے آئی ہیں شاید کہ میں پڑھنا چھوڑ دوں ڈر کے لیکن میں اس کو پڑھنا مسلسل جاری کیے ہوئے ہوں۔

دوسرے تیسرے روز دیکھتی ہوں کہ کوئی گھر ہے احساس ہے کہ اپنا ہی ہے یا پھر میرے امی لوگوں کا ہے۔ وہاں پر میں ہوں میری امی جان ہیں اور دوسرے اہل خانہ ہیں۔ فرش پر نیچے دھونے کیلئے پانی گرایا ہوا ہے میں کمرے میں ہوں تو ایک دم اٹھ کر گھر کے صحن کی طرف دیکھتی ہوں کہ کپڑوں والی باسکٹ اڑتی ہوئی صحن سے بالکل سیدھی کمرے کی طرف آندھی وطوفان کی طرح تیزی سے زوں... کی آواز میں آرہی ہے۔ سب بوکھلا جاتے ہیں میری امی جان اور میں بلکہ سب ہی یوں محسوس کرتے ہیں جیسے گھر ہل رہا ہے یا پھر نشے کی حالت میں جیسے انسان کا سر ہلتا ہے اور جسم ہلتا ہے۔ امی کہتی ہیں کہ پتہ نہیں کیا ہو رہا ہے۔ مجھے محسوس ہوتا ہے کہ یہ ہوائی اثرات لگ رہے ہیں۔ بس اونچی سی آواز میں بولتی ہوں کہ اذان جس جس کو آتی ہے وہ زور زور سے پڑھیں یا پھر سورۂ فلق ووالناس پڑھیں۔ اتنی دیر میں وہ باسکٹ سیدھی کمرے میں داخل ہو کر پنکھے کے ساتھ چلتے ہوئے ٹکرا کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی ہے ہم لوگ ورد کر رہے ہوتے ہیں۔ میری آنکھ کھل جاتی ہے۔

پھر ایک روز میں صبح کے وقت چھت پر تازہ ہوا میں اپنے معمول کے مطابق پڑھ چکی ہوں تو سیکنڈ فلور پر آکر میں سو جاتی ہوں۔ ایک دم سے یوں لگتا ہے جیسے میرے دل کی دھڑکن بہت تیز ہو جاتی ہے۔ میری کنپٹیوں میں دباؤ بڑھ جاتا ہے اور لگتا ہے جیسے یہاں سے کوئی چیز دباتی ہے دونوں طرف اور نیند کی کیفیت کو ختم کر رہی ہے۔ ایک دم نظروں کے سامنے دائیں بائیں دو پھول آمنے سامنے پڑے نظر آتے ہیں۔

پھولوں کے اوپر پتہ نہیں اور بھی کوئی چیزیں ہیں جو کہ اسی طرح دائیں بائیں پڑی ہوئی ہیں۔ میں غور سے دیکھنے لگتی ہوں تو لگتا ہے ذرا سی دیر میں منظر بدل گیا ہے۔ پھر وہ ہی جانور نظر آنے لگتے ہیں پہلے ایک آتا ہے آکر میری نظروں کے بالکل پاس آ کے غائب ہو جاتا ہے۔ پھر دوسرا آتا ہے پھر تیسرا پتہ نہیں کتنے آتے ہیں، مجھے نہیں معلوم...! یوں لگتا ہے جیسے ان کی سب کی آمد کوئی خاص وجہ سے ہے۔ یوں جیسے کوئی حاضری ہو رہی ہو۔ میری سمجھ میں نہیں آتا میں فوراً سورۂ فلق والناس پڑھنے لگ پڑتی ہوں تو یہ ایک دم سے غائب ہو جاتے ہیں۔

محترم حکیم صاحب میں نے اذان شروع کی تو صبح 9-7 کے درمیان سوئی ہوئی حالت میں اچانک دل کی دھڑکن تیز ہو جاتا۔ کنپٹیوں میں دباؤ کا بڑھ جانا۔ کسی چیز کا دبانا یہ سب کیا ہے؟ جب یہ کیفیت ہونے لگتی ہے تو فوراً مجھے احساس ہونے لگتا ہے کہ اب کوئی آمد یا کوئی خاص چیز یا کوئی واقعہ ہونے والا ہے میرے ساتھ... سخت گھبراہٹ ہونے لگتی ہے۔

## انہیں تو کوئی تکلیف ہی نہیں

میرا دوست جو درس میں بھی آتا ہے۔ اس کی امی کے پتے کا آپریشن ہوا۔ کچھ عرصے بعد پھر تکلیف ہوئی۔ چیک اپ کرایا تو معلوم ہوا کہ زخم میں ریشہ پڑ گیا تھا۔ ڈاکٹرز نے کہا کہ دوبارہ آپریشن ہوگا۔ میرے دوست کی والدہ پھر سے ہاسپٹل میں ایڈمٹ ہوئیں۔ میرا دوست کہتا ہے کہ ہم نے مستقل "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرتے رہے۔ آپریشن سے پہلے الٹرا ساؤنڈ ہوا، تا کہ زخم کی جگہ معلوم ہو سکے۔ الٹرا ساؤنڈ دیکھ کر ڈاکٹر کہنے لگا کہ آپریشن کی تو ضرورت ہی نہیں ہے، کیونکہ انہیں تو کوئی تکلیف ہی نہیں ہے۔ میرا دوست کہتا ہے کہ یہ سب "افحسبتم اور اذان والا عمل" کا کرشمہ ہے۔

(عمر، اچھرہ، لاہور)

## عبقری سے تعارف کیسے۔۔۔؟

کراچی کے درس کے بعد ایک صاحب سے ملاقات ہوئی، جنھوں نے اپنا نام محمد یوسف خان بتایا۔ ان سے پوچھا کہ حکیم

صاحب اور عبقری سے تعارف کیسے ہوا؟

پوچھنے پر بتایا کہ: آج سے دو مہینے پہلے میں ذہنی مریض تھا۔ ٹینشن، ڈپریشن، سٹریس، انیگزائٹی نے مجھے گھیرا ہوا تھا۔ میں گلیوں میں پھرتا رہتا۔ سکون آور گولیاں کھاتا۔ گھر والے مجھے گھر میں بند کر کے رکھتے۔ مجھے باہر جانے نہیں دیا جاتا۔ میرا من، مایوسی اور ناامیدی کی گھٹاٹوپ اندھیروں میں ڈوب سا گیا تھا کہ اچانک مجھے عبقری نظر آیا۔ میں نے عبقری لیا۔ پڑھا۔۔۔! پورا رسالہ پڑھ کر ختم کر دیا۔ مجھے اور کچھ چاہیئے تھا۔ مزید کی تلاش میں، میں نے عبقری کی ویب سائیٹ کو وزٹ کیا۔ ویب سائیٹ سے درس سنا۔ ویب سائیٹ سے اعمال شفاء ملے۔ بہت سے اعمال تھے۔ میں نے اپنی طبیعت کے مطابق جو دوا (دعا) تجویز کی وہ یہ تھی۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" اور روحانی غسل۔

محمد یوسف صاحب کہتے ہیں کہ: میں نے روحانی غسل شروع کر دیا۔ ساتھ ہی ساتھ میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" بھی کیا۔ یہ دو عمل، مکمل یقین کے ساتھ، اور پورے اعتماد کے ساتھ، دل کے جذبے کے ساتھ کیے۔ آج دو ماہ بعد میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بالکل ٹھیک ہوں۔ (سمیع اللہ، کراچی)

## اچانک اور غیر متوقع شفاء

ہمارے محلے کی ایک خاتون بیمار تھی۔ ان کا جسم کا سارا خون مقعد کے ذریعے ضائع ہو رہا تھا۔ ڈاکٹروں نے بہت سے میڈیکل ٹیسٹ کروائے تھے۔ جن میں منفی (NEGITIVE) کچھ بھی نہ تھا۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔ ڈاکٹر نے کہا تھا کہ یہ آخری ٹیسٹ ہو گا۔ اس کے بعد کوئی ٹیسٹ نہیں ہو گا، بلکہ آپریشن ہو گا، تا کہ اصل بیماری کا پتہ چلے۔ ان کے گھر والوں نے عمل شروع کر دیا۔ اللہ نے اپنا فضل فرمایا۔ وہ آخری ٹیسٹ بھی کلیئر آیا۔ اور خون نکلنا بھی رک گیا۔ ڈاکٹر اس اچانک اور غیر متوقع شفاء پر کافی حیران تھے۔ (ابن ام حارث، لاہور)

میرے والد انڈونیشیا گئے ہوئے تھے۔ وہاں ایک نومولود بچہ سارے دن روتا ہی رہا۔ اس کے گھر والے کافی پریشان تھے۔ ان کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتایا۔ اس بچے کے لئے اس کے گھر والوں نے اس عمل کو پڑھا۔ اور کچھ ہی دیر میں پھر وہ بچہ ٹھیک ہو گیا۔ (ابن ام حارث، لاہور)

## کان میں ایک بڑا پھوڑا

میرے بیٹے کے کان میں کسی چیز نے کاٹا تھا، جس کی وجہ سے کان میں بہت زیادہ سوزش ہو گئی تھی۔ ہم نے ڈاکٹرز سے بہت سی دوائیاں لیں۔ لیکن کچھ فرق نہیں پڑا۔ پھر اس کے بعد کان میں ایک بڑا پھوڑا بن گیا۔ اس کے بعد ڈاکٹرز نے کہا کہ جتنا جلدی ہو سکے، اس کا آپریشن کرانا ہو گا۔

ہم سب کو چھوڑ چھاڑ کر حضرت حکیم صاحب کے پاس گئے۔ انہوں نے فرمایا: " آپریشن کرانے کی کوئی ضرورت نہیں، آپ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کریں۔"

ہم سب نے مل کر اس عمل کو پڑھا۔ پھر اللہ نے ایسا کرم کیا اس عمل کی طاقت سے میرا بیٹا بالکل ٹھیک ہو گیا۔ (جنید معیز، لاہور)

## یہ رسولی ہے۔۔۔!

حضرت جی کا درس بذریعہ انٹرنیٹ سنتے ہیں۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" کے بارے میں بھی بہت سنا تھا، اور اس کے

کافی مشاہدات بھی سننے کو ملے تھے۔ میرے بیٹے کی گردن پر ایک پھوڑا نکلا۔ ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ یہ رسولی ہے، جتنا جلدی ہو سکے، اس کا آپریشن کرانا ہو گا۔ 20,25 ہزار کا خرچہ بھی ہوتا۔ میں نے یہ عمل خود بھی کیا اور میرے گھر والوں نے بھی کیا۔ دم کر کے پانی بھی پلایا۔ اور جہاں بھی ہوتا وہاں سے بیٹے کا تصور کر کے دم کرتا۔ وہ قابل آپریشن پھوڑا ایک معمولی سی پھنسی بن کر ختم ہو گیا۔ الحمدللہ۔۔۔! اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔ (عبید اللہ انور۔ فیصل آباد)

## اذان کا حصار اور تعلیمی کامیابیاں

یونیورسٹی میں سمسٹر کے آخر میں Lab viva تھا۔ تیاری بالکل بھی نہیں تھی۔ لکھا ہوا تو کچھ بھی نہیں تھا۔ بس میں بیٹھے اپنے ایک ساتھی سے رجسٹر لیا۔ اذان والا عمل کر کے اس کا حصار کیا۔ پھر دوران سفر ہی تھوڑی بہت تیاری کی۔ چیدہ چیدہ باتیں سمجھ لیں۔

استاد صاحب (Lab Supervisor) نے Viva شروع کر دیا۔ اذان کی برکت سے لیب سپروائزر نے صرف وہی سوال پوچھے، جو کہ صبح بس میں بالکل صحیح یاد کیے تھے۔ (عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## لیکن۔۔۔! بات یقین سے بنے گی۔

اسی عمل کی برکت سے کوئی بھی گمشدہ چیز آسانی سے مل جاتی ہے۔ لیکن۔۔۔! بات یقین سے بنے گی۔ اپنے چھ اطراف ( اوپر، نیچے، دائیں، بائیں، آگے، پیچھے) کی نیت کرکے پھونک مارنا، اور ساتویں مرتبہ اپنے جسم کی نیت کرکے پھونک ماریں۔ ایسا ممکن ہی نہیں کہ گمشدہ چیز نہ مل جائے۔ (اگر قسمت میں ہو تو) ان شاء اللہ۔ (عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد)

## آنکھ شفاء پاگئی۔۔۔!

میرے کولیگ کی آنکھ پر دانہ بن گیا تھا۔ جو کہ 5,6 دنوں سے سخت تکلیف دے رہا ہے۔ اس کی آنکھ پر "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر پھونکا۔ اللہ نے کرم کیا کہ اگلے دن سے دانہ کی سوجن کم ہونا شروع ہو گیا۔ پہلے کافی سوجن تھی۔ 3 دن میں ہی آرام آگیا۔ ( اعجاز افضل، سعدی پارک لاہور)

## کوئی معجزہ ہی ہوا ہے

چھوٹے بھائی کو بازو میں گولی لگی۔ مجھے پتہ چلا تو میں نے فوراً "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھنا شروع کردیا۔ اگلے دن آپریشن کے بعد ڈاکٹر نے بتایا کہ کیس کافی سیریس اور بہت رسکی تھا۔ گولی جس انداز سے گھسی تھی، اور جس انداز سے اندر رہی۔ اس سے کافی نقصان اٹھانا پڑتا۔ مگر کوئی معجزہ ہی ہوا ہے کہ آپ کے بھائی کو کچھ نہیں ہوا۔ (منصور احمد، لاہور)

## کوئی مانے یا نہ مانے۔۔۔۔!

چھوٹے بھائی کو بازو میں گولی لگی تھی۔ جس کی وجہ سے اس کی ہاتھ کی ہڈی کا مسئلہ تھا۔ دو طرح کے آپریشن ہوتے ہیں ہمارے ہاں۔ دونوں ہی انتہائی تکلیف دہ، بہت مہنگے، اور رسک اور چانسز پر ہوتے ہیں۔ ہم سب گھر والوں نے لگ کے "افحسبتم اور اذان والا عمل" اور دو انمول خزانہ کی خاص ترکیب پڑھے۔ اور خوب پڑھے۔ کوئی مانے یا نہ مانے۔۔۔۔! دو سے ڈھائی ماہ میں ہی میرے بھائی کی کہنی کی ہڈی خود بخود جڑ گئی۔ (منصور احمد، لاہور)

## کچھ حیرت زدگیاں۔۔۔!

☆ جب بھی کوئی متاثرہ جگہ پر ہاتھ رکھ کر انمول خزانہ پڑھتا۔ تو اسے بہت واضح طور پر ہڈی کے جڑنے کی آواز آتی تھی۔

☆ کہنی کی ہڈی ایک جگہ پر رہنے کی وجہ سے جام ہوگئی تھی۔ وہ بھی اعمال کی وجہ سے ٹھیک ہوگئی ہے۔

☆ عام طور پر لوگ آپریشن کرا کر بھی دو، دو اور ڈھائی، ڈھائی سال تک ہسپتالوں کے چکر لگاتے رہتے ہیں۔ پھر بھی ان کا کام نہیں بن پاتا۔ مگر اللہ نے اعمال کی برکت سے ہم سب کو اپنی عافیت اور امان میں رکھا۔ اور در در کی ٹھوکروں سے بچایا۔ (منصور احمد، لاہور)

## جادو جناتی مسائل

ایک صاحب بتانے لگے کہ ہمیں جادو جناتی مسائل تھے حضرت جی نے "اذان والا عمل" بتایا صبح وشام میری بیگم نے عمل کرنا شروع کیا تو 3/4 روز بعد محسوس ہوا جیسے اس کے پیٹ کے اندر کچھ ہے۔ پانچویں دن اور زیادہ ہو گیا چھٹے روز وہ کھل کر سامنے آ گیا' ہم سب نے اذان دینا شروع کر دی تب پھر اس نے آپ کو برا بھلا کہنا شروع کر دیا ہم نے وہ عمل جاری رکھا پھر اس نے حضرت صاحب کو چھوڑ کر مجھ سے نفرت کرنا شروع کر دی' ہم نے وہ عمل باقاعدگی سے چاروں کونوں میں اذان دینے کا جاری رکھا اب وہ جناتی چیزیں سسکیوں پر آ گئیں ہیں۔ محسوس ایسا ہوتا ہے کہ جیسے اب اختتام ہے لیکن ہم نے صبح وشام وہ عمل جاری رکھا ہوا ہے۔ یہ سب اذان کی برکت ہے۔

## 17 سالہ نفسیاتی مریضہ

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ 1994 کو میری آنٹی کو ذہنی تکلیف ہوئی تھی انہوں نے کافی جگہ ملتان اور دوسرے شہروں میں بھی علاج کروایا آج کل لاہور میں مینٹل ہسپتال میں زیر علاج ہیں ایک دفعہ انہوں نے پہلے بھی گولیاں دی تھیں وہ ری ایکشن کر گئیں 3 ہفتے قبل بھی انہوں نے وہی گولیاں دے دیں انہوں نے گھر جا کر چیک کیں تو دیکھا اور کہا کہ یہ وہی (Tablet) ہیں میں نے یہ نہیں کھانی ری ایکشن کر جاتی ہیں میں نے انہیں عمل بتایا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر کان میں دم کریں اور دائیں پھر بائیں کان میں یہ عمل روزانہ کرنا ہے۔ انہوں نے پہلے دو ہفتے ہر نماز کے بعد 5 مرتبہ یہ عمل کیا ہے ان کا سر کپکپاتا تھا اور جسم ان کے قابو میں نہیں رہتا تھا اور اگر وہ کام کرنے لگتی تھیں تو کام ہی کرتے جاتی تھیں اور اگر ہنسنا شروع کر دیتی تھیں تو ہنستی ہی جاتیں تھیں 15 دن مسلسل 5 وقت عمل کرنے سے اب وہ بالکل نارمل ہیں ٹھیک ہیں اور صحت مند ہیں اب میرے چاچو صبح وشام وہ عمل کر رہے ہیں اور اس عمل کی برکت سے ان کی 17 سال کی تکلیف ختم ہو گئی اور شفاء ملی۔

## آوازیں آنا بند

حضرت نے اذان کا عمل فرمایا تھا ہمارے گھر میں اکثر آوازیں آتی رہتی تھیں بچے ڈر جاتے تھے۔ حضرت نے فرمایا کہ آپ 7 دفعہ رات کو اذان دیں تین چار دفعہ جب اذان دی تو الحمدللہ اس کے بعد سے آج تک وہاں سے کوئی آواز نہیں آئی۔ کوئی بچہ نہیں ڈرا کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔

(نصرت شاہ، ملتان)

## والدہ صحت یاب

محمد عرفان علی بھائی کیلیفورنیا میں ہوتے ہیں عبقری کے بڑے مخلص ساتھیوں میں سے ہیں۔ اس کی خدمت کے لیے ہر وقت فکر مند رہتے ہیں وہ کہنے لگے کہ میرے سینے میں چار ماہ سے درد تھا وضو کے بعد تین گھونٹ پانی میں نے اس نیت سے پینا شروع کر دیئے۔ اللہ پاک کے فضل سے وہ درد ختم ہو گیا اسی طرح میری والدہ بہت بیمار تھیں ان کو "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرایا اب ماشاء اللہ بہت زیادہ بہتر ہیں۔

## ٹینشن چڑچڑاپن ختم

چھت پر جا کے چاروں کونوں میں اذان دیتا ہوں رات کے وقت 7,7 مرتبہ ہر کونے میں 3 دفعہ درود پاک کے بعد) جس سے گھر میں ٹینشن اور چڑ چڑے پن میں بہت کمی ہوگئی ہے۔(الحمدللہ) ایک دن ایسے ہی دل میں خیال آیا کہ وضو کے بعد ایک کلی اپنے باتھ روم میں کروں کہ بہت بدبو آتی ہے۔ ابھی ویسے تو کچھ ہی دن ہوئے ہیں لیکن وضو کے بعد ایک بار منہ بھر کے کلی واش روم میں پھینکنے سے ابھی تک مزید بدبو پیدا نہیں ہوئی۔ یہ تو میرے آج تک کے مشاہدات تھے جو آپ سے عرض کرنا ضروری تھے امید ہے اس Feed back سے آپ مطمئن ہوں گے اور ہمارے حق میں دعا فرمائیے گا۔

(شیخ عبدل ذیشان ساہی، لاہور)

## کان کی گلٹی ختم

میرے کان کے پیچھے گلٹی بن گئی تھی۔ نہ ہی ختم ہو رہی تھی اور نہ ہی پھٹ رہی تھی پھر میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر پھونک ماری" اس کے بعد ٹھیک ہوگئی (بنت طارق سعید، لاہور)

## میرے اللہ کا کرم ہی کرم ہوا

ہمارے ایک پڑوسی کا گردوں کا آپریشن تھا۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر دم کیا، ان کا آپریشن ملتوی ہوگیا۔ ہمارے علاقے کی ایک خاتون ہیں وہ ایک سال سے چارپائی پر ہیں۔ ان کو بھی یہی دم کرتی ہوں وہ کہتی ہیں کہ جب آپ پڑھتی ہو تو میرا دل چاہتا ہے کہ اٹھ کے بیٹھوں لیکن ہمت نہیں پڑتی۔

☆ میری خالہ کی بیٹی کو سخت بخار تھا۔ اس نے وضو کے بعد تین گھونٹ اور اذان والا عمل کیا۔ ماشاء اللہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔

☆ روحانی غسل کرنے کے بعد سکون ملتا ہے۔ جسم اور ذہن ہلکا ہو جاتا ہے۔

☆ میری خالہ کو دانے نکل آئے۔ لوگوں نے کہا کہ یہ شوگر کی وجہ سے نکل رہے ہیں اپنا شوگر ٹیسٹ کروائو۔ ٹیسٹ کروائے لیکن رپورٹ بالکل ٹھیک آئی۔ پھر میری خالہ نے وضو کے بعد تین گھونٹ بچا ہوا پانی پیا۔ پہلے گھونٹ پہ اللہ شافی دوسرے پر اللہ کافی اور تیسرے پر اللہ معافی پڑھا۔ ابھی تین وقت ہی ایسا کیا تھا کہ دانے ٹھیک ہوگئے۔(اہلیہ محمد نور احمد صاحب، لاہور)

## میری پریشانی کیسے ٹلی؟

میرا بیٹا چار پانچ ماہ سے جم کلب جا رہا تھا۔ منع کرنے کے باوجود چھوڑ نہیں رہا تھا۔ میں نے اذان کا عمل شروع کیا۔ اس نے جم کلب جانا چھوڑ دیا۔

(اہلیہ منصور صاحب، لاہور)

## سر درد ٹھیک ہو گیا

میری باجی کے سر میں درد تھا شدید اتنا تھا کہ حالت غیر ہو گئی میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کر کان میں پھونکا تو ان کو فوری آرام آگیا۔ (اہلیہ راجہ نثار صاحب)

## ٹانگوں کی شدید درد میں افاقہ

میری ٹانگوں میں شدید درد تھی۔ میں نے دو انمول خزانے پڑھے اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" بھی کیا۔ بہت فرق پڑا ہے۔ (مسز شبیر، لاہور)

## اللہ آپ کو خوش رکھے!

حکیم صاحب جب سے آپ نے اذان کا بتایا ہے تب سے اس پر عمل کر رہی ہوں مجھے کوئی بھی تکلیف ہو تو خود کو اذان پڑھ کر دم کر دیتی ہوں۔ میرے پیٹ میں درد ہو رہا تھا میں نے فوراً اذان دونوں کانوں میں 7-7 بار پڑھ کر دم کر دی تو تھوڑی دیر بعد وہ درد ٹھیک ہو گیا۔

اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے اور سلامت رکھے تاکہ آپ یونہی امت کی اصلاح کا ذریعے بنے رہیں۔

## نہایت ہی کمال کا عمل ہے

محترم حضرت حکیم صاحب نے درس میں کیا لاجواب عمل بتایا ہے کہ مجھے جب بھی کبھی کوئی بھی مسئلہ ہوتا ہے تو میں اذان سے مدد لیتی ہوں۔ مطلب یہ ہے کہ جب بھی میرے سر میں درد ہوتا ہے یا کبھی بخار محسوس ہوتا ہے تو میں خود یا پھر میری چھوٹی بہن میرے کانوں میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" آپ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق دم کر لیتی ہیں اور پھر مجھے اللہ کے فضل و کرم سے شفا مل جاتی ہے۔ نہایت ہی کمال کا عمل بتایا ہے اللہ تعالیٰ انہیں ہمیشہ خوش رکھے وہ بے لوث پوری دنیا کی خدمت کرنے میں مصروف ہیں۔

## دو تین منٹ میں سر درد ختم

حضرت حکیم صاحب میری امی کے سر میں دو دن سے درد تھا۔ ڈسپرین سے بھی نہیں اتر رہا تھا۔ میں نے درس میں اذان کے بارے میں سنا تو میں نے امی کے کانوں میں سات سات بار اذان دی اور سر درد 2 سے 3 منٹ بعد ایسی بھاگا جیسے کبھی تھا ہی نہیں۔

## کھانسی کا دورہ ختم

حضرت حکیم صاحب میری بہن کو اکثر کھانسی کا صبح کے وقت دورہ پڑھ جاتا ہے اور اسکے ساتھ بلغم شروع ہو جاتی ہے اور تقریباً دو سے اڑھائی گھنٹے وہ اسی طرح کرتی رہتی ہے۔ میں نے فوراً صبح کی نماز کے بعد جب اسے دیکھا تو اذان والا عمل شروع کر دیا اور اس کے دونوں کانوں میں دم کیا اور وہ کھانسی کوئی 10 منٹ کے بعد ختم ہو گئی۔ حکیم صاحب آپ نے بہت با کمال عمل بتایا ہے۔

## فوراً نتائج سامنے

حضرت صاحب میری کمر میں رات سے درد تھا۔ اگلے دن میں نے ظہر کی نماز کے بعد بہن کو کہا کہ اذان پڑھ کر میری کمر پر دم کر دو۔ اس نے سات دفعہ پڑھ کر کمر پر دم کر دیا اور ٹھیک ہو گئی۔ حضرت صاحب اس عمل سے تو فوراً نتائج سامنے آتے ہیں۔ (فرحت، لاہور)

## شدید کھانسی اور بلغم شروع

میرا مشاہدہ اذان کے بارے میں ہے۔ میں صبح نماز کے وقت اٹھی تو مجھے شدید کھانسی اور بلغم شروع ہو گئی اور سانس لینا محال ہو رہا تھا۔ پھر میری چھوٹی بہن نے آپ کے بتائے ہوئے طریقے سے ہر طرف سات سات بار اذان پڑھ کر میرے کان میں پھونک ماردی اور اس کے ساتھ ساتھ میں بھی خود کو اذان پڑھ کر دم کر رہی تھی۔ پھر چند لمحوں میں میں بالکل ٹھیک ہو گئی۔ جیسے کچھ تھا ہی نہیں۔ یہ سب اللہ کے کلام کی برکت سے ہوا اور اللہ تعالیٰ آپ کو بھی جزائے خیر دے۔ آپ لوگوں کی بھلائی کے لیے بہت خلوص کے ساتھ وظائف و اعمال بتاتے ہیں۔ (فرحت، لاہور)

## اللہ میری سنتا ہے

السلام علیکم محترم حضرت حکیم صاحب!

اللہ آپ کو جزائے خیر دے اور اپنی رحمت کی چھاؤں آپ پر اور آپ کی نسلوں پر ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین! اللہ ہر جگہ آپ کا مان رکھے آپ کو دنیا اور آخرت میں اعلیٰ درجات سے نوازے۔ آپ کی عمر میں عمل میں، طاقت میں، صحت میں اور ہمت میں برکت عطا فرمائے۔ (آمین) آپ کے تسبیح خانے کو اللہ غیب کے خزانوں سے وسعت عطا فرمائے۔ آپ کو سدا بہار رکھے آمین۔ آپ کو اللہ تعالیٰ استقامت عطا فرمائے۔ آپ اور آپ کی نسلوں کے قدموں تلے دنیا جہان کی خوشیاں رکھ دے اور آپ پر کبھی دکھوں کی دھوپ نہ آئے۔ اللہ آپ کے رزق میں برکت ڈالے۔ آپ کو آپ کی اولاد کی تمام خوشیاں دیکھنا نصیب فرمائے۔ (آمین ثم آمین)۔

میں نے درس میں اذان والا عمل سنا تھا اور اس کے کمالات آنکھوں سے دیکھے۔ حکیم صاحب میری ایک دوست جس کی طبیعت بہت خراب ہو گئی۔ اس کے ناک سے خون بہنا شروع ہو گیا اور اس کے گھر والے اس وقت سو رہے تھے۔ تقریباً رات 12 بجے کی بات ہے۔ اس نے مجھے ایس ایم ایس کے

ذریعے اپنی طبیعت کا بتایا کہ: بہت برا حال ہو رہا ہے۔ کپڑے خون سے بھر گئے ہیں۔ میں نے پریشانی کے عالم میں ایک دم یاحفیظ کا عمل یاد آیا۔ میں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ پھر اس کا رابطہ مجھ سے منقطع ہو گیا۔ البتہ میں اسے غائبانہ دم کرتی رہی اور اسے بھی کہا کہ پڑھو لیکن اس نے نہ پڑھا اور ڈیڑھ گھنٹہ اس کے ناک سے خون بہتا رہا۔ صبح میں پریشانی کے عالم میں اس سے ملنے چلی گئی۔

حکیم صاحب جب میں نے اسے دیکھا تو اس کی حالت بالکل ٹھیک تھی ایسا لگ ہی نہیں رہا تھا کہ اس کی حالت رات اتنی خراب تھی۔ میں یہ سوچ کر گئی تھی کہ اسے اذان کا دم کروں گی۔ وہ تورات کو کہہ رہی تھی کہ میں مرنے والی ہو گئی ہوں اور صبح وہ بالکل ٹھیک تھی۔ پھر میں کچھ دیر اس کے پاس بیٹھی پھر اچانک اس کے دل میں شدید درد اٹھا اور اس نے بتایا کہ ایسا لگ رہا ہے کہ کوئی میرا گلا دبا رہا ہو میں نے اسے تڑپتا ہوا دیکھا اور نہایت پریشان ہوئی اور فوراً اذان پڑھنا شروع کر دی۔ ابھی 14 بار ہی پڑھی تھی کہ وہ بالکل ٹھیک ہو گئی۔

ورنہ ایسا لگ رہا تھا کہ مر جائے گی مگر اللہ کا شکر ہے کہ وہ اذان کی برکت سے ٹھیک ہو گئی۔ پھر مجھے کہنے لگی کہ میرا ایسا حال کافی دیر دیر تک رہتا ہے اور اسی طرح تکلیف ہوتی ہے' سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔ آج میں کیسے جلدی ٹھیک ہو گئی۔ پھر خوشی سے کہنے لگی کہ تم گریٹ ہو۔ میں نے کہا: میں نہیں حضرت حکیم صاحب گریٹ ہیں جنہوں نے یہ عمل بتایا کہنے لگی: اب میں بھی پڑھا کروں گی۔ پھر میں گھر واپس آ گئی۔

رات کو پھر اس نے مجھے میسج کر کے کہا کہ دوبارہ ناک سے خون بہہ رہا ہے۔ میں نے کہا اذان پڑھو میں بھی پڑھتی ہوں۔ کل اس کا خون ڈیڑھ گھنٹے تک بہتا رہا۔ مگر جب اذان کا عمل دونوں نے کیا تو خون فوراً رک گیا۔ پھر اس کے دل میں درد شروع ہو گیا میں نے کہا کہ لفظ محمدؐ اپنے دل پر لکھو حیران ہوئی اور کہتی اچھا لکھتی ہوں اور کہنے لگی میرا درد ٹھیک ہو گیا۔

میں نے اذان کی برکت سے اسے موت کے منہ سے نکلتے دیکھا اور میں اور وہ خود حیران ہو گئی کہ یہ کیا؟ کیسے ہوا؟ (نائلہ جاوید، لاہور)

## شرارتوں سے باز

میرا چھوٹا بھائی بہت شرارتی ہے اور اس کے سر میں درد شروع ہو گیا اور نڈھال بیٹھا ہوا تھا۔ کچھ اچھا نہیں لگ رہا تھا اسے میں نے کہا آئو دم کر دوں۔ میں نے 7 بار اذان پڑھ کے اسے دم کیا اور آدھے گھنٹے بعد وہ بالکل ٹھیک ہو گیا اور میرا سر کھا گیا۔ اتنا تنگ کیا مجھے میں نے کہا کہ دم نہ ہی کرتی کم از کم تم سکون سے تو بیٹھے ہوئے تھے۔ (نائلہ جاوید، لاہور)

## تیرہ سالہ بیمار بیوی

السلام علیکم! عبقری ایک انمول جریدہ ہے یہ ایک صدقہ جاریہ ہے اس سے تمام مخلوق فیض حاصل کر رہی چاہے وہ انٹرنیٹ کے ذریعے ہو یا میری طرح کتابیں پڑھنے کا شوقین میں نے جو سیکھا جو پایا وہ آپ کے درس روحانی محفل اور کتابوں سے پایا۔

میں ریلوے میں Gazzetted officer ہوں۔ حال ہی میں میری کسی دوسری برانچ میں ٹرانسفر ہوئی تو وہاں دیکھا کہ ایک کلرک روزانہ میرے پاس اجازت لینے آتا تھا کہ کام ہے چھٹی دے دیں شروع میں تو توجہ نہ دی میں نے بعد میں محسوس کیا کہ کچھ گڑبڑ ہے۔ میں نے اسے بلایا کہنے لگا بیوی بہت بیمار ہے ہر وقت سوئی رہتی ہے یا چلاتی رہتی ہے میں نے پوچھا کہ پوری بات بتاؤ۔

کہنے لگا (آدمی کا نام عرفان اور بیوی کا طیبہ ہے) کہ 13 سال پہلے بیٹی پیدا ہوئی بس پھر کیا تھا بیوی بیمار ہوتی چلی گئی میں علاج کراتا چلا گیا بہت علاج کرایا ہے اب میں تھک گیا ہوں بیوی بہت موٹی ہو گئی آنکھوں پر سوجن آگئی ہے آنکھیں بمشکل منہ اوپر کر کے کھولتی ہے ڈاکٹر کہتے ہیں قوت مدافعت کم ہو گئی ہے۔ کبھی گردوں میں مسئلہ ہو جاتا ہے، کبھی کندھوں میں مسئلہ ہو جاتا ہے، بس بیان سے باہر وہ آدمی رو پڑا میری سروس کو 24 سال ہو گئے ہیں 24 کے 24 ریلوے ہیڈ کوارٹر میں ہی گزرے ہیں۔ سب کو معلوم تھا کہ یہ ایک اچھی خاتون ہیں لیکن جب سے حضرت صاحب اللہ پاک نے آپ کو میری ہدایت کا ذریعہ بنایا ہے آپ سے فیض ہوا لوگوں کو آپ کی کہی ہوئی باتیں بتانا شروع کر دیں علاج بتانے شروع کر دیئے اب لوگ میڈم کی بجائے اللہ والی۔ یا پیرنی صاحب کے خطاب دے کر بلاتے ہیں آپ کی وجہ سے بہت عزت بڑھ گئی ہے خیر عرفان کو مجھ پر اعتماد تھا وہ جانتا تھا کہ میں آپ کی مرید ہوں۔

میں نے اسے روحانی غسل بتایا اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" بتائیں ایک ہفتے بعد اس نے مجھے فون کیا کہ میں آج دفتر نہیں آسکتا کیونکہ آج ہمارے گھر کھانا پک رہا ہے جو میری بیگم پکا رہی ہیں اور 13 سال سے جو بیٹی ماں کی شفقت سے محروم تھی اسے بھی ماں پیار کر رہی ہے میں اور میری بیٹی اُسے چلتا پھرتا دیکھ رہے ہیں۔ اور آپ کو اور آپ کے مرشد حضرت طارق صاحب کو جھولیاں بھر کر دعائیں دے رہے ہیں۔ (رشیدہ خانم)

## ہمارا شدید جادو ٹوٹ گیا

اللہ آپ کو زندگی صحت دیں اور آپ کے علم میں اور اضافہ کریں۔ (آمین)

ستمبر 2009ء میں ہم آپ کے پاس آئے تھے اس وقت ہم سب یعنی میری بیٹی داماد اور سب بچوں پر شدید جادو تھا۔

جب بیٹی ہمارے پاس تھی تو حضرت نے بیٹی سے کہا کہ تم 14 جمعرات درس کے پورے کرو اللہ مدد کرے گا۔ تسبیح کے ساتھ ہم لوگ باقاعدگی سے درس پر آتے رہے' ۱۵ جمعرات درس سے بیٹی گھر واپس آئی تو اس کا خاوند رات دس بجے اسے لینے آگیا۔ ان تسبیحات کے علاوہ حضرت آپ نے جو درس میں چھوٹے چھوٹے عمل بتائے وہ بھی ہم سب گھر والے کرتے ہیں۔ مثلاً روحانی غسل' اذان کا عمل' باتھ روم کی دعا ان عملیات سے ہمیں یوں لگتا ہے جیسے ہمارے گھر سے شیطانی چیزیں بھاگ رہی ہیں۔

ان عملیات کو کرنے سے مجھے ہمیشہ دورہ پڑا مگر میں نے عمل نہیں چھوڑا آخر کار اب ان شیطانی چیزوں نے سسکیاں لینی شروع کر دی ہیں۔

ان دو سالوں میں ہم نے حضرت کے بتائے ہوئے جو عمل کئے ہمیں فائدہ ہی فائدہ ہوا ہے۔ ہماری بیٹی حاملہ ہے۔ چھٹے مہینے میں اسے بلیڈنگ شروع ہو گئی۔ (بیٹی آج کل لندن اپنے خاوند کے ساتھ رہ رہی ہے) وہ فوراً ہسپتال گئی مگر ان کے ڈاکٹرز نے کہا کہ ہم اسے نہیں روک سکتے۔ اب یہ بچہ ختم ہو رہا ہے تو ہم اسے نہیں بچا سکتے پھر اسے درد بھی شروع ہو گیا۔ لندن کے ڈاکٹر نے اپنا آپریشن تھیٹر بھی تیار کر لیا۔ یہ سارا واقعہ پانچ گھنٹے رہا' بیٹی اس دوران مطمئن سورۃ فیل پڑھتی رہی۔ پانچ گھنٹے بعد سب کچھ نارمل ہو گیا بلیڈنگ بند درد ختم بیٹی خیریت سے رات کو گھر واپس آ گئی۔ لندن کے ڈاکٹر حیران منہ دیکھتے رہ گئے۔

ایسی اور کئی کرامات ہیں جو ہمارے ساتھ ہوئیں حضرت کے پاس آنے کے بعد ہمیں فیض ہی فیض ملا ہے۔ اور اللہ پاک کا تعلق اور دھیان ملا ہے۔

ہمارے گھر کے ایک حصہ سے بہت بو جیسے گندے کچے سڑے ہوئے گوشت کی بو ہو میرے میاں نے حضرت کے درس والے پانی کا روزانہ چھڑکاؤ کیا تو چند روز میں بو ختم ہو گئی۔

میرے خاوند کو اگر آفس میں کوئی بھی مسئلہ ہو وہ یہی وظیفہ پڑھ کر افسران بالا کے پاس جاتے ہیں افسر آرام سے ان کی بات سنتا ہے الحمد للہ اس پاک ذات کا بہت کرم ہے۔ میں اور میرے سب گھر والے حضرت کی بتائی ہوئی سورۂ فیل کی تسبیح کے علاوہ ان کے بتائے ہوئے حفاظتی عمل مثلاً روحانی غسل' باتھ روم کی دعا' گھر میں داخل ہوتے ہی گھر کو سلام کرنا' درود شریف اور قل شریف پڑھنا صبح شام اذان دینا سب کرتے ہیں اللہ تعالیٰ حضرت جی کو زندگی صحت دے ان کے علم میں اور اضافہ کریں۔ حضرت جی کے تسبیح خانے کو اللہ آباد رکھے۔ (آمین)۔ دعاؤں کی طالبہ (ریحانہ اعجاز)

## میں نے درس سے مراد پالی

میں ہاسٹل میں رہتی ہوں۔ رات کو ایک لڑکی الیکٹرک کیٹل مانگ کر لے گئی۔ جب صبح میں واپس لے کر آئی تو اُس کا فلٹر غائب تھا۔ مجھے بہت افسوس ہوا میں نے اُس لڑکی سے کہا کہ اپنے روم میں چیک کرے شاید ادھر گر گیا ہو۔ پھر ملازم سے بھی کہا کہ اُس لڑکی کے روم کی کھڑکی کے نیچے چیک کر لے شاید پانی گراتے ہوئے باہر گر گیا ہو۔ ملازم نے چیک کیا باہر بھی نہیں تھا۔ میں درس سن رہی تھی جس میں آپ نے بتایا کہ چیزیں غائب ہو جائیں اُن کے لئے 119 دفعہ یاحفیظ اور اذان کا بتا رہے تھے۔ میں نے جلدی سے 119 دفعہ یاحفیظ اس نیت سے پڑھا کہ فلٹر مل جائے۔ اذان میں ایک آدھ لائن ٹھیک طرح یاد نہیں تھی اس لیے نہیں پڑھی۔ آدھے گھنٹے بعد اُس لڑکی کا SMS آ گیا کہ فلٹر مل گیا ہے۔

## اذان کی برکت سے پریشان بچہ سکون پا گیا

میں بس میں سفر کر رہی تھی میرے ساتھ والی سیٹ پر ایک خاتون آ کر بیٹھی اس کی گود میں ایک بچہ بھی تھا جو چیخیں مار مار کر رو رہا تھا۔ چپ ہی نہیں کر رہا تھا۔ پوری بس بچے کے رونے کی وجہ سے پریشان تھی' ماں الگ پریشان میں نے سوچا کہ اذان والا عمل کرتی ہوں شاید بچہ چپ کر جائے۔ میں نے

اذان پڑھنا شروع کر دی۔ 7 دفعہ پڑھ کر دائیں کان میں پھونک ماری تصور میں اور پھر 7 دفعہ پڑھ کر بائیں کان میں بچہ تھوڑا پر سکون تو ہوا لیکن مکمل نہیں میں نے ایک دفعہ پھر یہی عمل دہرایا تو کچھ دیر بعد بچہ پر سکون ہو گیا۔ پورا سفر دوبارہ نہیں رویا۔ یہ سب اذان کی برکت سے ہوا۔

## سخت ترین طوفان سے نجات

ایک صاحب کھڑے ہو کر بتانے لگے کہ آج سے ڈیڑھ دو سال قبل ہم ساری فیملی پہاڑوں کی سیر کیلئے گئے، ہم ناران کے ایک ہوٹل میں رکے تو رات کو ایسا طوفان آیا کہ دریا کا رخ بدل گیا اور رات کو جن ہوٹلوں سے ہم نے کھانا کھایا تھا وہ سارے سیلابی ریلے میں بہہ گئے، بہت تیز آندھی، طوفان اور بارش تھی۔ دریا کے پانی کی خوفناک آوازیں، ہمارے ہوٹل کے قریب سے آرہی تھیں' چونکہ ہمارا ہوٹل اونچا تھا اس لیے محفوظ رہے، ہم ساری رات پریشان رہے، پھر ہم سب نے فیصلہ کیا کہ ہوٹل کی چھت پر جا کر اذانیں دیتے تھے۔ اذانیں دینے سے بارش بند ہو گئی، طوفان تھم گیا اور کچھ دیر بعد سورج نکل آیا، اللہ نے یہ موقع دیا تھا لہٰذا ہم سب آسانی سے وہاں سے نکل گئے دوبارہ پھر پتہ چلا کہ وہاں پھر بارش ہوئی ہے۔

## اذان کی برکت سے شفایابی

ایک 15 /14 سال کے بچے نے واقعہ سنایا کہ پچھلے درس میں بیمار ہونے کی وجہ سے نہیں آسکا لیکن انٹرنیٹ پر درس سنا تھا

،میں نے اذان پڑھ کر 7 مرتبہ اپنے دائیں کان اور 7 مرتبہ اپنے بائیں کان کا تصور کر کے دائیں اور بائیں کاندھے پر پھونک ماری مجھے بخار سے شفایابی ہو گئی۔

## جنات اور سایہ کی شکایت دور

ایک بزرگ فرمانے لگے کہ میری بہو کو جنات اور سایہ کی شکایت تھی، جس کی وجہ سے وہ خود بھی بہت زیادہ پریشان رہتی تھی اور گھر والوں کو بھی بہت پریشان کرتی تھی۔ میں نے اذان والا عمل بتایا، مسلسل اذان دینے سے اب اس کی حالت بہتر ہے اور وہ ٹھیک ہو گئی ہے۔

## گاڑی کو حادثہ نہیں ہوا

حضرت جی نے مجھے اذان والا عمل بتایا تھا۔ کہ گاڑی چلاتے وقت سات دفعہ اذان پڑھو۔ جب سے کرتا ہوں میری گاڑی کو حادثہ نہیں ہوا دو سال ہو گئے ہیں، عمل یہ ہے کہ میں اسٹارٹ کرنے سے پہلے سات مرتبہ اذان پڑھ لیتا ہوں۔ (حکیم عمر صاحب)

## میں نے جنات کی شکلیں دیکھیں

میں انٹرنیٹ پر آپ کا درس سنتا تھا، دل میں بڑی خواہش تھی کہ میں تسبیح خانہ آکر براہ راست آپکا درس سنوں اور جو اعمال آپ بتاتے تھے ان پر عمل کرتا تھا، خصوصاً سورۃ الکوثر والا عمل اور اذان والا عمل کرنے سے بہت فائدہ ہوا، گھر میں جادو وغیرہ کے اثرات تھے جن سے کافی حد تک نجات مل چکی ہے' آپ نے درس میں اجازت عام دی تھی کہ کسی اور کو بھی بتاسکتے ہیں۔ میں نے کلاس میں بھی یہی بتایا ہے اور بچے سورۂ کوثر پڑھتے ہیں۔ حفاظت کے لیے گیارہ مرتبہ "یاحفیظ" کا عمل بتایا۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کا عمل کیا انہیں فائدہ ہوا۔ بچوں کے گھروں میں جادو جنات تھے انہوں نے دوانمول خزانے کا عمل کیا، تو وہ سارے جنات میرے گھر آگئے، میں نے ان کی شکلیں بھی دیکھیں۔ میں نے عمل جاری رکھا پھر وہ چلے گئے یہ سب عمل کی برکت ہے۔ (عمران صاحب)

15/20 دن پہلے اللہ پاک نے مجھے بیٹا عطا فرمایا لیکن اس کی پیدائش کے تھوڑی ہی دیر کے بعد اس کی سانس کا مسئلہ بن گیا ہمیں بہت پریشانی ہوئی فوری طور پر اسے فاطمہ میموریل ہسپتال لے گئے وہاں داخل کر لیا گیا اس کے ایکسرے وغیرہ کیے گئے لیکن رپورٹیں مثبت نہیں آرہی تھیں میں نے "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کے تصور ہی تصور میں باہر کھڑے ہو کر ہی بچے کے کانوں میں پھونکیں مارنا شروع کر دیں اور یہ عمل مسلسل کرتا رہا جو صبح والے ڈاکٹرز تھے وہ کچھ اور بتاتے اور جن کی نائٹ ڈیوٹی ہوتی وہ کچھ اور کہتے دو دن مسلسل ہم وہاں رہے آخر تیسرے دن ڈاکٹرز آپس کافی دیر بحث کے بعد مجھ سے کہنے لگے کہ اگر ہم رپورٹیں دیکھیں تو خطرہ محسوس ہوتا ہے جبکہ آپ کے بچے کی حالت رپورٹوں کے بالکل برعکس ہے اور وہ صحت یاب ہو چکا ہے آپ اسے گھر لے جاسکتے ہیں تو اللہ پاک نے مجھے اپنے کلام کی برکت سے سرخرو فرمایا کہ رپورٹیں چاہے منفی آرہی تھیں لیکن بچے کی حالت بالکل ٹھیک تھی اور یوں ہم اسے گھر لے آئے۔ (سلیمان صاحب)

## ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دیدیا مگر...

میرے کزن کی عمر تیس سال ہے وہ آئی ٹی کا ماہر ہے لیکن ایک سال سے وہ کینسر کا مریض ہے تقریباً 13/12 لاکھ روپے اس پر لگ چکے ہیں شوکت خانم ہسپتال میں اس کا علاج ہو رہا ہے سات مرتبہ اس کی کیموگرافی ہو چکی ہے دو ماہ پہلے ڈاکٹروں نے اسے

جواب دیدیا تھا اور کہا کہ اب یہ صرف دو تین دن کا مہمان ہے اس کے گھر والوں نے سب رشتے داروں کو فون کرنا شروع کر دیا کہ آکر اسے مل لیں مجھے بھی انہوں نے فون کیا میں نے جا کر اس کے کانوں میں "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کے دم کیا اس کا جسم بالکل سرد ہوا پڑا تھا میں نے حضرت جی دامت برکاتہم کو بھی ایس ایم ایس کیا کہ اس کیلئے دعا فرمائیں۔ اگلے دن جا کے پھر اسے دم کیا تو اس کے بدن میں کچھ گرمائش محسوس ہونا شروع ہو گئی تیسرے دن بھی دم کیا اور اس کے جسم کی ٹھنڈک میں مزید کمی ہو گئی چوتھے دن ڈاکٹروں نے کہا کہ اس کی حالت بہتر ہوتی جا رہی ہے آپ اسے گھر

لے کر جاسکتے ہیں ہم اسے گھر لے آئے اور اللہ کا فضل ہے کہ جسے ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا تھا آج دو ماہ گزر گئے ہیں کہ اس کی طبیعت دن بدن بہتر ہوتی جا رہی ہے۔(نام نہ پتہ)

## شیطان کے شر سے بچ گیا

حضرت! میں ٹوبہ ٹیک سنگھ سے آیا ہوں یہاں آنے سے پہلے میں بہت ساری پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا میں شیخ صاحب کا مرید تھا پھر مجھے کہیں سے عبقری رسالہ ملا اس میں سے مجھے بہت کچھ حاصل ہوا اور سب سے بڑھ کے مجھے آپ دامت برکاتہم مل گئے ہیں ہر وقت دن ہو یا رات مجھے دامت برکاتہم ہی کا خیال رہتا ہے میں ہر وقت "افحسبتم اور اذان والا عمل" بھی پڑھتا ہوں اور تہجد کے نوافل میں آخری چھ سورتیں بھی پڑھتا ہوں میری والدہ 93ء میں فوت ہو گئیں تھیں آقا نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ اور آپ دامت برکاتہم کی مہربانی سے پچھلی رات میری ان سے ملاقات ہوئی ہے ایک اور خواب میں میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا سانپ میرے پیچھے لگا ہوا ہے لیکن "افحسبتم اور اذان والا عمل" کی بدولت میں اس کے شر سے بچ گیا اس کے علاوہ بھی میرے پاس کئی مشاہدات ہیں جو کہ بیان نہیں کر سکتا۔

## پھوپھی بولنا شروع ہو گئیں

تقریباً دو ہفتے پہلے کا واقعہ ہے کہ مجھے رات کے وقت چچا کا فون آیا کہ تمہاری پھوپھی کو کسی نے کوئی دوائی دی تھی اس نے وہ دو پڑیاں کھائی تھیں اور اس وقت سے وہ بے ہوش پڑی ہے تم جلدی سے آجاؤ میں چھوٹا موٹا حکمت کا کام کرتا ہوں میں منڈی بہاؤالدین سے قریبی گاؤں میں رات دس بجے پہنچا اور جا کے دیکھا کہ گھر میں پھوپھی بے ہوش پڑی ہے اور ارد گرد کافی عورتیں پریشان بیٹھی ہیں ہم ایسی بے ہوشی کی حالت سے بندے کو ہوش میں لانے کیلئے ایک نسخہ مرتب کرتے ہیں وہ بھی آپ سب کو فائدہ دے گا عام کیلئے بتا دیتا ہوں کہ بجھا ہوا چونا اور نوشادر پھٹکڑی لے کر دونوں کو شیشے کی بوتل میں ملا کے رکھ دیا جائے اور بعد میں ڈھکن کو کھول کر اس میں سے جو گیس نکلے وہ بے ہوش بندے کی ناک کے ساتھ لگائیں تو فوراً ہوش آجائے گی لہٰذا میں نے اپنی پھوپھی کے ساتھ بھی یہی عمل کیا اور فوراً پھوپھی کو ہوش آگیا پھوپھی ہوش میں تو آگئی تھی لیکن وہ کسی سے باتیں نہیں کر رہی تھی جو کوئی بھی اسے بلا رہا تھا وہ بس اس کے چہرے کی طرف دیکھتی رہتی کوئی جواب نہ دیتی۔ ایسے میرے دل میں اللہ کی طرف سے خیال آیا اور میں نے پھوپھی کے بیٹے اور بیٹی کو بھی اور تمام عورتوں کو بھی کہا کہ سب مل کر دل ہی دل میں پھوپھی کو دم کرنے کی نیت سے اذان پڑھنا شروع کر دیں میرا ایک بھانجا حافظ قرآن ہے میں نے اسے کہا کہ آپ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ پڑھ کے دم کرنا شروع کر دو اور دو میں نے سورۃ فاتحہ پڑھنا شروع کر دی الحمدللہ بس پچیس منٹ بعد پھوپھی نے باتوں کا جواب دینا شروع کر دیا اور بولنا شروع ہو گئی اور اللہ کا فضل ہے اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔(محمد آصف اقبال صاحب)

## میں مایوس ہوچکا تھا

میں کاروبار کے سلسلے میں اکثر ملتان جاتا رہتا ہوں دو اڑھائی ماہ پہلے جب میں جا رہا تھا تو لاری اڈے سے گھنٹہ گھر لوکل وین میں سواری کے دوران میں نے اپنی ساتھ والی سیٹ پر بیٹھے بندے کو دیکھا جس کا چہرہ بالکل زرد ہوا پڑا تھا اس کے بال بھی پیلے اور ہاتھ پاؤں بھی بالکل پیلے تھے میں یہ دیکھ کر بہت حیران ہوا اور مجھے اس سے کراہت بھی محسوس ہوئی میرا دل چاہا کہ میں اٹھ کر کسی دوسری سیٹ پر بیٹھ جاؤں۔ آخر میں نے ہمت کر کے اسے سلام کیا اور پوچھا بھائی کیا نام ہے آپ کا؟

اس کے ساتھ ہی اس کی بیوی بیٹھی ہوئی تھی وہ کہنے لگی کہ آپ نے ان کا نام پوچھ کر کیا کرنا ہے؟ میں نے کہا کہ بی بی! مجھے لگتا ہے کہ آپ کا خاوند بیمار ہے میرے پاس ایک روحانی ٹوٹکہ ہے میں آپ کو وہ بتانا چاہتا ہوں تو وہ صاحب بتانے لگے کہ مجھے ہیپاٹائٹس سی ہے اور یہ بالکل لاسٹ سٹیج پر ہے بہت علاج کروایا لیکن اب بالکل مایوس ہوچکا ہوں۔ میں نے انہیں کہا کہ "افحسبتم اور اذان والا عمل" پڑھ کے بائیں کان میں پھونکیں اور اس کی بیوی سے میں نے کہا کہ آپ یہ عمل زیادہ سے زیادہ مرتبہ کریں وہ کہنے لگی کہ پہلے بھی کئی مولوی ملے انہوں نے دم وغیرہ بتائے لیکن کسی سے بھی کچھ ہوتا تو نہیں ہے میں نے کہا آپ یقین سے یہ عمل کرو انشاء اللہ پاک انہیں ٹھیک کر دے گا۔

## گھریلو الجھنیں پریشانیاں ختم

میں بہت گناہگار انسان ہوں پچھلے تین سال سے میں نے جمعے کی نماز کے علاوہ کوئی نماز نہیں پڑھی تھی پھر یہاں درس میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی تو میں نے سات مرتبہ اذان اور سورۃ مومنون کی آخری چار آیات سات بار پڑھ کے دائیں بائیں کان میں پھونک مارنے کا عمل کیا اگلے دن سے ہی میری نماز کی پابندی ہوگئی گھر میں جادوٹونے کی بندش تھی وہ بھی کافی حد تک ختم ہوچکی ہے گھر میں کافی برکت بھی ہوچکی ہے پہلے میرے گھر والے مجھے درس میں نہیں آنے دیتے تھے اب الحمدللہ وہ خود بھی آنا شروع ہوگئے ہیں میری والدہ کو پچھلے پچیس سال سے ڈپریشن کا مسئلہ تھا اور وہ اکثر بیمار بھی رہتی تھیں۔ "افحسبتم اور اذان والا عمل" سے ان کا پچیس سالہ ڈپریشن ختم ہوگیا ہے اس کے علاوہ وہ دینداری کی طرف آنا چاہتی تھیں لیکن ان سے نماز نہیں پڑھی جاتی تھی۔ اب الحمدللہ اسی عمل کی برکت سے وہ فجر کے وقت سب سے پہلے اٹھتی ہیں۔ (عمیر خٹک صاحب)

## میں بالکل ٹھیک ہوں

پچھلے ہفتے والد صاحب کو گردوں میں بہت زور کا درد ہوا میں انہیں ہسپتال لے کر گیا وہاں انہیں انجکشن لگائے گئے اور ہم واپس آگئے گھر آکر میں نے انمول خزانے پڑھنا شروع کردیئے اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرکے ان پر دم کیا آدھی رات کو انہیں پھر بہت شدت سے تکلیف ہوئی پھر ہسپتال لے کر گئے وہاں سے انجکشن لگوایا اور واپس آگئے گھر میں آکر میں نے صبح فجر کے وقت سورۂ یٰسین، سورۂ رحمٰن پڑھی اور "افحسبتم اور اذان والا عمل" کرکے پھر ان پر دم کردیا اور دعا کی کہ یا اللہ تو سچا، تیرا حبیب ﷺ سچا، تیرا کلام سچا، میرے پڑھنے میں ضرور کوئی کمی کوتاہی ہے۔ اس کمی

کو دور فرما اور میرے والد صاحب کو صحت و تندرستی عطا فرما۔ جب والد صاحب اٹھے تو کہنے لگے کہ اب کوئی درد نہیں ہے بالکل ٹھیک ہوں کیا ڈاکٹروں نے دوائی تبدیل کر دی ہے؟ میں نے کہا نہیں دوائی تو وہی ہے میں نے اپنے حضرت دامت برکاتہم کا عطا فرمایا ہوا عمل کیا ہے جس کی برکت سے اللہ پاک نے آپ کو شفاء عطا فرمائی ہے۔

## اللہ نے خواب میں تسبیح خانہ دکھایا

میں انجینئر ہوں میں جہاں سروس کرتا تھا وہاں سے نو جنوری کو مجھے کہا گیا کہ آپ کو پرسوں گیارہ جنوری کو فارغ کر دیا جائے گا اسی رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میں تسبیح خانے کی اس بلڈنگ میں اپنی اہلیہ کے ساتھ کھڑا ہوں حالانکہ نہ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو جانتا تھا نہ ہی تسبیح خانے کا مجھے علم تھا۔ بہر حال خواب میں مجھے یہ جگہ دکھائی گئی یہاں اسی طرح کھڑکیوں اور سیڑھیوں کا منظر مجھے اچھی طرح یاد ہے بہت زیادہ نورانیت تھی اگلے دن میں کوئی دوائی لینے عبقری دفتر میں آیا ظہر کا وقت تھا میں نے پوچھا یہاں کوئی مسجد ہے نماز کیلئے تو انہوں نے بتایا یہاں آگے ایک تسبیح خانہ ہے وہاں باجماعت نماز ہوگی جونہی میں یہاں آیا تو فوراً رات والا سارا منظر میری آنکھوں کے سامنے گھوم گیا یہ وہی جگہ تھی پھر میں نے رسالہ لیا اس میں درس کا تذکرہ تھا میں نے درس پر آنا شروع کر دیا انمول خزانہ بھی ڈیڑھ دو سال سے پڑھ رہا ہوں میرے بیٹے نے بیوی کو طلاق دینے کیلئے اس کے گھر بھیج دیا۔ انمول خزانے کی برکت سے وہ واپس آگئی ہے اور اب وہ خوش ہیں میری بے روزگاری کا خاتمہ اس طرح ہوا کہ اسی مہینے میں مجھے تیس ہزار کی سروس مل گئی ہے اور کمپنی کی طرف سے گاڑی بھی ملی ہوئی ہے۔

پچھلے سال میرے گھر کا ایل ڈی اے میں کیس چل رہا تھا وہ مجھ سے چار لاکھ کھا چکے تھے لیکن این او سی نہیں دے رہے تھے یہاں آنے کی برکت سے انہوں نے بغیر کسی پیسے سے مجھے این او سی دے دیا ہے میری بیوی پر جادو، جنات وغیرہ کا مسئلہ تھا وہ بھی کافی بہتر ہوگئی ہے مجھے تہجد مل گئی ہے اب بھی ہر عمل جو درس میں بیان کیا جاتا ہے اسے اپنانے کی کوشش کرتا ہوں "افحسبتم اور اذان والا عمل" صرف دو تین بار کرنے سے پرانا بخار ختم ہو جاتا ہے۔ اب میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے بیعت بھی کرلی ہے۔ اسی طرح میرے بہت سے مشاہدات ہیں۔ بس اللہ تعالیٰ حضرت جی دامت برکاتہم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (آمین) (خالد محمود صاحب)

☆☆☆☆☆

## ''افحسبتم اور اذان والا عمل کا مکمل طریقہ''

طریقہ عمل: مکمل اذان اور سورۂ مومنون کی آخری چار آیات، دونوں عمل مریض کے دونوں کانوں میں اول و آخر تین، تین دفعہ درود شریف کے ساتھ صبح و شام سات، سات بار پڑھ کر دم کریں اور اگر مریض خود کرے تو وہ پہلے اپنے دائیں کان کا تصور کر کے دائیں کندھے پر دم کر لے اور پھر بائیں کان کا تصور کر کے بائیں کندھے پر دم کر لیں۔

انتہائی سخت پریشانی اور مجبوری کی صورت میں یہی عمل ہر گھنٹہ بعد کریں۔

### سورۃ المومنون

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ o فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ o وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ o وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ {سورۃ المومنون 115 تا 118}

### اذان

اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ. اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ. اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ. اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ. حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ. حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ. حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ. حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ. لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (سات مرتبہ)

☆☆☆☆☆☆

## مجھے ضرور پڑھیں!...

☆" افحسبتم اور اذان والا عمل" کی عام اجازت ہے۔ آپ اس عمل کو آگے بھی بتا سکتے ہیں۔ مگر خدارا! اسے اپنا ذریعہ معاش نہ بنائیں۔ مقصد صرف خلقِ خدا کی خدمت ہو۔

☆سورۂ مؤمنون (پ 18) کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ اول و آخر تین، تین دفعہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پہلے دائیں اور پھر بائیں کان کا تصور کر کے دائیں اور بائیں کندھے پر دم کریں۔ اگر مریض کے ساتھ اور دیگر احباب بھی دم کرنا چاہیں تو وہ بھی کریں بلکہ ضرور کریں۔

☆سخت مجبوری کی صورت میں اگر بیمار خود نہ پڑھ سکے تو پھر اگر مریض موجود ہے تو یہ عمل پڑھ کر اس کے کانوں میں پھونک ماریں، اگر مریض موجود نہیں تو اس کا تصور کر کے دوسرے احباب بھی پڑھ کر دم کر سکتے ہیں۔

☆یہ عمل ہر گھنٹے کے بعد کریں' ہر نماز کے بعد بھی کر سکتے ہیں اور روزانہ صبح و شام بھی کر سکتے ہیں۔ وضو بے وضو کر سکتے ہیں' سارے گھر کے افراد مل کر روزانہ کریں تو فائدہ زیادہ ہوگا۔

☆خواتین ایام کی صورت میں " افحسبتم "کا عمل نہ کریں "اذان" کا عمل کر سکتی ہیں۔

{نوٹ}

ایک ہوتا ہے اذان کا کہنا بوقت فرض نماز۔ جسے باقاعدہ قبلہ رخ ہو کر، کانوں میں انگلیاں ڈال کر اور بآواز بلند پڑھنا پڑھتا ہے۔ اور اس کتابچہ میں بیان کیے گئے اذان کو بطور وظیفہ پڑھنا ہے۔ جس کے لیے قبلہ رخ ہو کر، کانوں میں انگلیاں ڈال کر اور بآواز بلند پڑھنا ضروری نہیں۔ اسی طرح بطور وظیفہ اذان کو مرد، عورت، بوڑھا، بچہ ہر کوئی پڑھ سکتا ہے، عمر اور جنس کی کوئی قید نہیں۔

# دو سیکنڈ کے عمل سے کروڑوں نیکیاں

اگر آپ روزانہ صرف ایک مرتبہ یہ چار کلمات

اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ

کہہ دیں تو آپ کے نامہ اعمال میں مومن مرد اور مومن عورتوں کے مطابق نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور کیا آپ کو معلوم ہے مؤمنین کی تعداد کروڑوں سے تجاوز کر گئی ہے اگر اس عمل کو کرنے پر آپ کے نامہ اعمال میں اگر بالفرض کروڑوں نہ سہی صرف ایک کروڑ ہی نیکی لکھی جائے تو:

ایک ہفتہ میں سات کروڑ نیکیاں

ایک مہینہ میں 30 کروڑ نیکیاں

ایک سال میں 365 کروڑ نیکیاں لکھی جائیں گی

اگر آپ کی عمر بیس سال باقی ہے تو حساب لگانا کتنا مشکل ہو جائے گا۔ دلیل: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو میں نے فرماتے ہوئے سنا "جو شخص مؤمن مرد اور مؤمن عورتوں کے لیے بخشش کی دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے مؤمن مرد مؤمنہ عورتوں کی تعداد کے مطابق نیکیاں لکھے گا" (صحیح الجامع رقم الحدیث 6026)

## مانگیے، پھر مانگیے اور خوب مانگیے ...!

محترم قارئین! ہم عاجز اور بے بس ہیں نہ ہی ہم ایک چاول و گیہوں دانہ پیدا کر سکتے ہیں اور نہ اپنے لیے پانی کا کوئی قطرہ وجود میں لا سکتے ہیں، نہ وہ آکسیجن کو پیدا کر سکتے ہیں اور نہ اس کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں! اور ہمارا پیدا کرنے والا کتنا عظیم ہے جس نے اتنی بڑی کائنات کو ہمارے ہی لیے پیدا کیا ہے۔ بس صرف اس عظیم رب کو ساتھ لینے کی ضرورت ہے۔ جتنی بھی قرآنی آیات اور وظیفے ہیں وہ دراصل اس رب کو منانے اور راضی کرنے ہی کہ مختلف انداز ہیں، وہ ہمارا رب نہایت کریم، مہربان اور شفیق ہے اپنے بندوں کی محنت اور کوشش کو ضائع نہیں کرتا بلکہ وہ تو اپنے سے نہ مانگنے والوں سے ناراض ہو جاتا ہے اس لیے اس کریم سے مانگتے رہیے اور مانگیے اور پھر مانگیے وہ انشاء اللہ آپ کو خالی ہاتھ نہیں لوٹائے گا۔

بس ایک رات میں سجدے میں گر کے رویا تھا

اب آسماں کو بھی زمیں پر جھکا سکتا ہوں

## اللہ پاک سے دوستی کا نہایت آسان عمل

حضرت قطب الاقطاب مرشدی خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ ایک عمل ہے تو نہایت ہی آسان لیکن اس میں تاثیر یہ ہے کہ یہ عمل انسان کو بستر پر بیٹھے بیٹھے ولی بنا دیتا ہے۔ پھر عمل کی وضاحت فرمائی کہ: دعا کرتے وقت چشم تصور میں دل کو اپنے اٹھے ہوئے ہاتھوں میں رکھیں اور سوچیں کہ میرا سیاہ دل میرے ہاتھوں میں ہے اور اپنے رب سے یہ دعا کریں کہ" یاالٰہی... !یہ میرا سیاہ دل ہے...! تو اسے سفید اور شفاف بنا دے...! ایسا بنا دے کہ جو تیرے قابل ہو جائے...!" روتے روتے یہ دعا کرتے رہیں اور اگر رونا نہ آئے تو رونے کی شکل ہی بنا لیں۔ اور پھر تصور ہی میں یہ سمجھیں کہ میرا دل دھل گیا اور پھر اس پاکیزہ دل کو چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے واپس اپنی جگہ لگا لو۔

اگر اس کو اپنی زندگی کا معمول بنا لو، چند دن کی کوشش سے آپ کو دوائے دل اور صفائے دل کی نعمت اپنی آنکھوں سے نظر آنا شروع ہو جائے گی۔ بس....! شرط یہ ہے کہ طالب کی ندامت سچی ہو۔

☆☆☆☆☆

## ہمارا عزم.......دکھی انسانیت کی خدمت

چراغ سے چراغ جلتا ہے اور دل سے نکلی بات دکھوں کو جلا کر راکھ میں ملا کر راحت وروشنی کا ذریعہ بنتی ہے۔ جو میرے پاس ہے وہ آپ کا ہے اور جو آپ کو ملا، وہ عالم بھر کی تمام انسانیت کیلئے ہے۔ بخل شکنی ہی فقیری کا حصہ ہے۔ فقیر اور مجذوب کی دنیا

بھی عجیب ہوتی ہے، جو منہ سے نکلا نفع ہی نفع اور فائدہ ہی فائدہ۔

زیر نظر کتابچہ صرف معلوماتی تحریر نہیں، بلکہ بیتے عمل کی سچی کہانیاں ہیں، جو وحی سے مزین عمل کی برکت کا نتیجہ ہیں۔ جنہیں فقیر، اعلیٰ عہدیدار، پریشان حال اور ہر طرف سے مایوس لوگوں نے زندگی کا معمول بنایا... تو چونک اٹھے...! کہ اب تک ہم کہاں بھولے بھٹکے رہے۔ آپ بھی اٹھیں اور ابھی اپنائیں... !اور شفایابی کے شفاف نور سے لبریز سمندر سے اپنے سارے روگ دھو ڈالیں، آفتوں کو ٹلوا کر سکون وعافیت کے سانچے میں ڈھال کر نئی صبح اور نئی شام کی امنگ پیدا کریں۔ جو آزمائیں...! ہمیں لکھنا نہ بھولیں...! بلکہ ضرور لکھیں تاکہ صدقہ جاریہ رہے، منتظر رہیں گے۔

# جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)

عبقری کا مقبول عام سلسلہ "جنات کا پیدائشی دوست" ایک حیرت انگیز، سچی اور منفرد آپ بیتی لیکن آسان جناتی ولاہوتی وظائف کی وجہ سے قارئین کے ہاں سب سے زیادہ پسندیدہ ترین سلسلے کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ قارئین کے بے پناہ اور مسلسل اصرار پر اب کتابی شکل میں اس کی پہلی جلد شائع کی گئی ہے۔ خاص بات یہ کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں' اولیاء اللہ' سلف صالحین اور بزرگان دین کا جناتی اور لاہوتی دنیا سے تعلق اور حقیقت ثابت کی گئی ہے۔ حضرت خضر علیہ السلام کی کئی اکابرین امت سے ملاقات کے احوال بھی لکھے گئے ہیں۔ سائنس اور سائیکالوجی جناتی دنیا کے بارے میں کیا حقائق بیان کرتی ہے اس کتاب میں پڑھنے کو ملیں گے۔ غرض یہ کتاب صرف ایک کہانی نہیں بلکہ زندگی کی پر اسرار حقیقتوں میں سے ایک حقیقت کا اظہار ہے اس کا ثبوت وہ ہزاروں خطوط ہیں جنہوں نے اس سلسلے میں دیئے گئے لاہوتی وظائف سے فیض پایا اور گھریلو مشکلات' گھریلو الجھنوں' جادو جنات' شادیوں میں رکاوٹ اور پرسکون زندگی پائی۔ قارئین! یہ دلچسپ حیرت انگیز' وظائف اور عملیات سے بھرپور سلسلہ جاری ہے۔ علماء محدثین' اولیاء اور صالحین کی جنات کے ساتھ بیتی انوکھی زندگیاں' مشرق ومغرب کے زندہ لوگوں کی جنات اور روحوں کے ساتھ بیتے ایسے واقعات...! جو ناقابل یقین ہیں!...

## جنات کا پیدائشی دوست کتاب میں کیا ہے؟

☆جنات قرآن وحدیث' شریعت وتہذیب کی نظر میں...! ☆جنات کے نام پیغمبر اسلام ﷺ کا خط مبارک...! ☆جنات کی صحابہ' تابعین' علماء اولیاء صوفیاء اور مشاہیر اسلام سے اجتماعی وانفرادی ملاقاتیں...!☆جنات...! ☆جنات کیسے ہوتے ہیں...؟☆جنات کی صورتیں☆جنات کی بدلتی شکلیں☆پستہ قد جنات ☆جنات کی غذا☆جنات کے کپڑے

☆شریر جنات ☆تہجد گزار جنات ☆وعظ ونصیحت سننے اور علم دین حاصل کرنے والے جنات ☆جنات کا انسانوں سے نکاح کی سچی حکایات ☆جنات کا انسانوں کی امداد کرنے کی حقیقی روایات ☆جنات کی عمریں ☆جنات کی موت ☆جنات کی تدفین ☆جنات کی چوری کرنا☆جنات کا قتل کرنا☆ جنات کا قتل ہونا☆جنات کا نوجوان لڑکیوں کو اغوا کرنا☆جنات سے ذاتی ملاقاتیں کرنے والوں... جنات کی تکالیف سہنے والوں... جنات کی عنایتیں پانے والوں... اور جنات کو معمول کرنے والوں کی ذاتی آپ بیتیاں!...

علامہ لاہوتی پُراسراری کی سنسنی خیز' جناتی اور معلوماتی داستان کا پہلا حصہ جس میں وہ آپ سے جنات کا تذکرہ کرتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ اعمال و وظائف کے زود اثر اور گراں قدر تحائف دے رہے ہیں!...

صفحات 500 (خوبصورت مجلد)

قیمت: 300 روپے( علاوہ ڈاک خرچ)

☆☆☆☆☆

## کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء

## اور سائنسی تحقیقات

جادو حسد سے پیدا ہوتا ہے حسد کی تعریف مفہوم اور وضاحت ☆ ایک بڑے جن کا تفصیلی مکالمہ اور گفتگو جو دلچسپ بھی اور معلوماتی بھی ☆ ایک اور جن کی گفتگو' جب شیخ نے دم کیا تو وہ سامنے آ گیا۔ بہت ہی حیرت انگیز ہے۔ ☆ اور اس گفتگو میں بتایا گیا ہے کہ جنات کیوں چمٹ جاتے ہیں اسے ہم جن کی کہانی خود اس کی زبانی کہیں گے۔ ☆ ایک جن نے کہا کہ مجھے اس کی گرل فرینڈ نے جادو کے زور پر اس کی طرف بھیجا ہے۔ یہ انوکھا واقعہ ہے نظر بد کے سچے بیٹے واقعات کہ مرغیاں مر گئیں اور گائے پتھرا گئی' کاروبار تباہ' بیٹے کا ایکسیڈنٹ اور خود ڈاکٹروں کا محتاج ہو گیا۔ ☆ شعبدہ باز جادو گروں کے راز فاش ہوتے ہیں۔ یہ واقعات اس لیے پڑھنا ضروری ہیں کہ کہیں ہم کسی کے ہاتھوں جان مال' عزت اور ایمان نہ لٹا بیٹھیں۔ قارئین! سینکڑوں صفحات پر محیط یہ خاص نمبر ہے آپ کو صرف 21 صفحات کا ہلکا سا تعارف کرایا ہے سوچیں اس کے سینکڑوں صفحات میں کیا انکشافات ہوں گے۔ ایک خاص بات:۔ ایک قدیم پرانی ذاتی بیاض اور ایک روحانی عامل کی آزمودہ ذاتی کتاب جو تقریباً 278 صفحات پر مشتمل ہے جو ایک بار چھپ کر تقریباً 50 سال سے پھر نہیں شائع ہوئی اور گمنام ہو گئی وہ پرانی خاص الخاص بیاض اور روحانی زبردست عامل کی ڈائری من و عن خاص نمبر میں شائع کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ تقریباً 120 صفحات کا ایک انمول خزانہ جو ایک صدی پرانے روحانی اور دینی خاندان کے معمولات میں چلا آ رہا ہے۔ وہ بھی اس بیاض میں شامل کر رہے ہیں تاکہ یہ خاص نمبر

ایسا خاص نمبر ہو کہ صدیوں لوگوں کے دکھوں کا مرہم بنے۔ صفحات 1000 سے زائد قیمت: 500/- روپے علاوہ ڈاک خرچ۔

# مجالس مجذوبی (جلد اول)

## مال سے نہیں اعمال سے کام بنتے ہیں' اعمال سے مسائل

## کیسے حل ہوتے ہیں؟ آپ بھی پڑھیں!!!

یہ سنتے آئے ہیں کہ اعمال کرنے اور نیکی کرنے سے جنت ملتی ہے لیکن کیا ان اعمال صالح سے اور نیکی سے دنیا بھی ملتی ہے؟؟؟ جی ہاں! ایسا آج کے اس پر فتن دور میں بھی ممکن ہے۔ اللہ وہی ہے' اس کی طاقت و قوت بھی وہی ہے جو صحابہؓ اور اہل بیتؓ کے دور میں تھی۔ دراصل ہم نے اس یقین کو چھوڑ دیا ہے جو اولیاء وصالحین کا اللہ کے نام سے اپنے سب مسائل حل کروانے کا تھا۔ زیر نظر کتاب اسی منفرد اور اچھوتے موضوع پر مشتمل ہے کہ کیسے ہر طبقے کے افراد نے جن میں مرد بھی ہیں اور خواتین بھی' اپنے دنیاوی مسائل چھوٹے چھوٹے روحانی ٹوٹکوں سے حل کروائے۔ اس کا ہر ہر سچا واقعہ آپ کے یقین اور ایمان کیلئے جاں فزاں اور روح کیلئے بیش بہا ٹانک ہے، جو اللہ کی ذات سے ملنے کا یقین اور مال سے نہیں بلکہ اعمال سے ہونے کا یقین عطا کرتا ہے۔

مجالس مجذوبی دراصل ان واقعات و مشاہدات کا مجموعہ ہے جو درس روحانیت و امن کے بعد ہونیوالی مجالس مجذوبی میں لوگ حضرت حکیم صاحب کی موجودگی میں بتاتے ہیں۔

یقیناً یہ کتاب آج کے اس مہنگائی کے دور میں اور اس مسائل کے دور میں جب ہر شخص کسی نہ کسی روحانی یا جسمانی روگ' معاشی بدحالی' اولاد کے رشتے نہ ہونا' اولاد کا نافرمان ہونا' گھروں سے برکت و سکون کا اٹھ جانا... جیسے مسائل میں مبتلا ہیں تو ان مسائل کا حل ان لوگوں کی زبانی پڑھیں جو خود ان حالات میں مبتلا تھے اور وہ کیا مختصر سا روحانی اور نورانی ٹوٹکہ تھا جس نے ان کا مسئلہ ختم کرکے ان کی زندگی کو راحت وچین سے بھر دیا۔ اس کتاب کی اہمیت اور قدر لفظوں میں نہیں سموئی جاسکتی اس کی حقیقت کا اندازہ چند صفحات دیکھ کر ہی ہو سکتا ہے۔

اس انمول کتاب میں کیا ہے؟ آیئے! انتہائی مختصراً انداز میں اس کا تعارف ملاحظہ فرمائیں!

☆ایک شخص کو حضور ﷺ کی زیارت کا شوق تھا اس نے سورۂ کوثر کتنی بار پڑھی؟ اور پھر آقا ﷺ کا دیدار کیسے ہوا؟ دیدار نبوی ﷺ کے مشتاق ضرور پڑھیں۔ ☆دو کلو گوشت 17 آدمیوں نے کھایا... اس میں یہ برکت کس عمل سے آئی پھر بھی کھانا بچ گیا۔ برکت کے متلاشی ضرور پڑھیں! ☆ایک چھوٹے سے عمل سے کینسر کا مریض سو فیصد شفاء یاب ہو گیا۔ میڈیکل سائنس کو سب کچھ سمجھنے والوں کیلئے ایمان افروز واقعہ۔ ☆ایک صاحب کا دفتر جاتے ہوئے مہینہ کا 3500 کا پیٹرول لگتا تھا۔ ایک چھوٹے سے عمل کی برکت سے جسے کرتے ہوئے دو منٹ بھی نہیں لگتے ان کا وہی مقررہ فاصلہ

700روپے ماہانہ کے پیٹرول میں طے ہونے لگا' کلام الٰہی کا ایسا واقعہ جو دل کے تاروں کو جھنجھوڑ دے۔☆ایک صاحب جو سالہا سال سے دائمی الرجی میں مبتلا تھے انہیں ایک بہت چھوٹے سے عمل سے دائمی الرجی سے شفاء کیسے ملی؟ دائمی الرجی میں مبتلا اور ہزاروں روپے خرچ کرنے والے یہ واقعہ ضرور پڑھیں۔☆ایک صاحب پھل کی ریڑھی لگاتے ہیں' ایک دن بارش ہونے کی وجہ سے کوئی گاہک نہ آیا۔ انہوں نے کونسی آیت پڑھی کہ کچھ ہی دیر میں ایک ہی شخص سارا

پھل لے گیا۔ وہ عمل کیا تھا جو پھل فروش نے ریڑھی پر بیٹھے بیٹھے کیا؟ کاروباری حضرات کیلئے ایک انوکھا راز۔☆ایک ایسی بہن کا واقعہ... جس کے کھانے کی کوئی تعریف نہیں کرتا تھا۔ پھر دعوت میں اس نے چند الفاظ پڑھ کر کھانا پکایا اور سالہا سال بعد اس کے سسرال والے اس کھانے کی لذت کی تعریف کرنے پر مجبور ہوگئے۔ اس واقعہ کا اعتراف خود اس کے شوہر نے کیا۔ وہ الفاظ کیا تھے؟؟ خواتین اس واقعے کو ضرور پڑھیں۔☆ایک خاتون اپنی بہن کے رشتے کیلئے پریشان تھیں انہوں نے آیت کریمہ کس خاص انداز میں پڑھی کہ صرف 2 ماہ میں شادی ہوگئی۔ اولاد کے رشتے کیلئے پریشان والدین کیلئے دل کا راز۔☆ایک گھریلو خاتون کا واقعہ جو شدید سر درد اور ڈیپریشن میں مبتلا تھیں۔ پھر انہوں نے کونسا عمل کیا کہ ہفتوں میں نہیں بلکہ دو چار دن میں ہی ہمیشہ کیلئے صحت یاب ہوگئی۔ ڈیپریشن میں مبتلا لوگوں کیلئے مفت روحانی ٹانک۔☆ایک بہن کا پرس گم ہوگیا اس نے کیا پڑھنا شروع کیا' پھر کیا ہوا؟ قارئین! یہ واقعہ اور عمل آج کے دور کی اہم ضرورت ہے' خود بھی پڑھیں دوسروں کو بھی بتائیں۔☆ایک بہن لکھتی ہیں کہ میرے گھر میں کسی کو کوئی بھی تکلیف یا بیماری ہو تو میں یہ عمل کرتی ہوں اور مکمل شفاء نصیب ہوتی ہے۔ وہ عمل کیا ہے؟ قارئین! کیا یہ عمل ہر گھر کی ضرورت نہیں ہے؟☆ایک خاتون کو بعض کھانے ہضم نہیں ہوتے تھے' قرآن کے چند الفاظ گیارہ بار پڑھتی ہیں اور وہی کھانے جنہیں سالہا سال سے نہیں کھاتی تھیں اب اطمینان اور مزے سے کھاتی ہیں۔ جن کے بچے دودھ نہ پیتے ہوں اور مائیں بچوں کی خوراک سے پریشان ہوں ان کیلئے تیر بہدف روحانی ٹوٹکہ۔☆ایک خاتون لکھتی ہیں کہ گھر کا راشن بہت جلد ختم ہوجاتا تھا اب ایک چھوٹے سے عمل کی برکت سے وہی راشن پورا مہینہ سکون سے چلتا ہے اور پریشانی نہیں ہوتی۔ کم آمدنی والے حضرات ضرور پڑھیں!!!☆واپڈا کے ایک صاحب کو گیارہ ہزار K.V کا کرنٹ لگا لیکن وہ بچ گیا۔ بقول ان کے کام شروع کرنے سے پہلے میں نے ایک لفظ صرف گیارہ بار پڑھا تھا وہ لفظ کیا تھا؟؟؟☆

ایک صاحب کے بچے گم ہوگئے' کچھ دن بعد انہیں ایک چھوٹے سے عمل کا پتا چلا انہوں نے شروع کیا ہی تھا کہ ایک بچہ اسی دن مل گیا اور دوسرا اگلے دن مل گیا۔ وہ عمل آپ بھی پڑھیں۔☆ایک صاحب بتاتے ہیں کہ انہیں نیند نہیں آتی تھی اور وہ بستر پر پہلو بدلتے رہتے تھے پھر انہوں نے کونسا ذکر کیا کہ اب وہ پرسکون نیند سوتے ہیں۔ بدخوابی کے مرض میں مبتلا ضرور پڑھیں۔☆ایک صاحب کا واقعہ جو بینکوں کے سودی نظام میں بُری طرح دھنس چکے تھے اور معاملہ خودکشی تک پہنچ گیا تھا، پھر انہوں نے کس آسان عمل سے سودی قرضوں سے چھٹکارا پایا؟☆"جنات پیسے چوری کرلیتے ہیں اور میں اپنے بیوی بچوں پر شک کرتا تھا پھر اس عمل سے مجھے جنات سے نجات مل گئی اور میرے پیسے اور چیزیں چوری ہونا بند ہوگئیں" ایک صاحب کا آزمودہ عمل۔☆ایک خاتون کی فریج خراب ہوگئی' انہوں نے بھتیجے سے مکینک کو بلانے کیلئے کہا اس نے ایک عمل یقین سے کرنے کو کہا انہوں نے

عمل کیا اور فرق آج بھی ٹھیک چل رہی ہے۔☆ایک صاحب حسد' کینہ' بغض کے روحانی مرض میں مبتلا تھے بہت کوشش کے بعد بھی نجات نہ ملی۔ پھر ایک روحانی ٹوٹکہ آزمایا اور ان روحانی امراض سے مکمل شفاء یاب ہوگئے۔ اپنی اصلاح کیلئے فکر مند توجہ کریں۔☆ایک نوجوان ہاسٹل سے گھر آنے کو تیار نہیں تھا اس نے درس میں سنے ہوئے چند الفاظ کو اپنا ورد بنالیا پھر اسے کیسے برائیوں سے چھٹکارا ملا اور وہ خود بخود گھر آ گیا۔☆ایک صاحب کہنے لگے کہ مجھے کہیں نوکری نہیں ملتی تھی' میں درخواستیں دے دے کر تنگ آ چکا تھا' پھر میں نے یہ آسان سا عمل چلتے پھرتے کیا' بالکل ناقابل یقین طریقے سے چند دن میں ہی بہت اچھی نوکری مل گئی' بیروزگاری میں مبتلا حضرات ضرور پڑھیں۔

☆ایک خاتون لکھتی ہیں کہ میرے گھر چوہے بہت زیادہ تھے' اور کسی بھی طرح ختم نہیں ہوتے تھے' ہر دوائی ہر ٹوٹکہ آزمایا لیکن کارگر ثابت نہ ہوا' مجھے کسی نے ایک چھوٹی سی سورت بتائی اور میں نے صرف 7 بار پڑھی' مجھے چوہوں اور چھپکلیوں سے مکمل چھٹکارا مل گیا۔ اس چھوٹے سے عمل سے میرا کلام الٰہی پر یقین بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔ وہ عمل کیا تھا؟ آپ بھی پڑھیے!!!

محترم قارئین! یہ چند واقعات کا مختصر تذکرہ ہے۔ یہ کتاب نہ صرف آپ کا یقین اللہ کی ذات پر بڑھائے گی بلکہ ثواب کیساتھ ساتھ دنیا کے پیچیدہ مسائل کیلئے بھی مفید رہنما ثابت ہوگی۔ یہ کتاب ایسے بیشمار ایمان افروز واقعات سے بھری پڑی ہے۔ یہ واقعات قصہ کہانیاں نہیں اور نہ اولیاء اللہ کے ہیں کہ جنہیں عام آدمی نہ کرسکے بلکہ یہ مشتمل ہی ان لوگوں کے تجربات و مشاہدات پر ہے جو مختلف شعبہ ہائے زندگی میں ہمہ تن مصروف ہوتے ہیں۔ خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی یہ انمول اور منفرد کتاب ہدیہ کریں۔ یقیناً آپ کے تحفے کی پذیرائی کی جائے گی۔

صفحات 311 (خوبصورت مجلد)

قیمت: 200 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

## ''افحسبتم اوراذان کے کرشمات'' کتاب

☆ جادو جنات کے سرکش ، بداثرات ☆ گھریلو، خاندانی الجھنوں ☆ مسلسل ناکامیوں ☆ سلگتے مسئلوں ☆ سلگتی خواہشوں ☆ تڑپتے ارمانوں ☆ زمین بوس ہوتی آرزوؤں ☆ خاندانی جھگڑوں ☆ لاعلاج بیماریوں ☆ کاروبار میں زوال ☆ اولاد کی نافرمانیوں ☆ شریک حیات۔ اولاد کی بے راہ روی ☆ نظربد کے بداثرات ☆ پریشان کن حالات اور روزگار کی مشکلات میں نہایت مفید، انتہائی مؤثر، اور بہت سوں کی آزمودہ ہے۔

☆☆☆☆☆

## ''افحسبتم اوراذان کے کرشمات'' کتاب میں کیا ہے...؟

☆ قرآن وحدیث اور علماء کرام وصوفیاء عظام سے منقول افحسبتم اوراذان کے فضائل وفوائد۔

☆ موجودہ دور میں اس عمل کے کرشماتی فوائد۔

☆ خاندانی اور گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے۔

☆ جادو، جنات کے مکمل توڑ، اور مکمل بیخ کنی۔

☆ کینسر، بلڈ کینسر، بون میرو کینسر، چیسٹ کینسر، برین ہیمبریج، دل، جگر اور گردے کے جان لیوا امراض، ڈائیلائسز، ڈینگی کی وباء، پولیو کی معذوری، پیدائشی معذوری، گردن اور کمر کے مہروں کے درد، پورے یا آدھے سر کا درد، گھٹنوں کے درد سمیت تمام جسمانی تکالیف سے کرشماتی شفاء۔

☆ تمام نفسیاتی اور ذہنی امراض، ٹینشن، اسٹریس، انگزائٹی، ڈیپریشن، پاگل پن، یادداشت کی کمی، تخیلاتی اور وہمی روگ، قنوطیت کا طاری ہونا۔

☆ خراب الیکٹرونکس اور مکینکل آلات کا ٹھیک ہوجانا۔ ☆ تعلیم اور حفاظت کے لئے مضبوط حصار۔ تیز رفتار، زوداثر، پوری دنیا میں کہیں پر بھی مؤثر عمل کے کرشمات ومشاہدات اور روحانی تجربات۔

135


## دفتر ماہنامہ ''عبقری''

مرکز روحانیت وامن 78/3 مزنگ چونگی، قرطبہ چوک نزد گوگا نیلام گھر عبقری سٹریٹ لاہور۔

فون: 042-37552384 موبائل: 0322-4688313

Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org